ہدیۂ عقیدت برائے اصحابِ بدر رضی اللہ عنہم

۳۱۳ بیماریوں کا

5673

# روحانی اور قرآنی علاج

مع

# اسماءُ الحسنٰی و اسماءُ النبی ﷺ

مرتب

قاری گلزار احمد مدنی

پروگریسو بکس
یوسف مارکیٹ ○ غزنی سٹریٹ اُردو بازار ○ لاہور
042-7352795 - 7124354

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

83787

نام کتاب: روحانی اور قرآنی علاج مع اسماء الحسنیٰ و اسماء النبیؐ

موضوع: ۳۱۳ بیماریوں کا علاج

مرتب: قاری گلزار احمد مدنی

ناشر: چوہدری غلام رسول

سن اشاعت: ستمبر 2007ء

تعداد: 1100

❶ عبدالرؤف قرأت اکیڈمی محلہ چوہدریاں بھارہ کہو اسلام آباد 0300-5124259

❷ جامع مسجد صدیق اکبرؓ نزد جہانگیر مارکیٹ G9/2 اسلام آباد

ملنے کے پتے

پروگریسو بکس فیصل مسجد اسلام آباد Ph: 051-2254111

E-mail: millat_publication@yahoo.com

یوسف مارکیٹ غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور

فون: 7352795-7124354

اسلام بک ڈپو ۱۲ گنج بخش روڈ لاہور

فون: 042-8452688

پروگریسو بکس یوسف مارکیٹ، غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور

042-7352795 - 7124354

Marfat.com

# فہرست مضامین


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| | پیش لفظ | 16 |
| | کچھ مصنف کے بارے میں | 19 |
| ۱۔ | ناممکن مشکل حل کرنے کا طریقہ | 21 |
| ۲۔ | مشکل حل کرنے کا آسان طریقہ | 22 |
| ۳۔ | جانی دشمن پر فتح پانے کا علاج | 22 |
| ۴۔ | دشمن پر رعب و دبدبہ قائم کرنے کے لیے عمل | 23 |
| ۵۔ | حصول حاجات کے لیے | 23 |
| ۶۔ | ظالموں کے چنگل سے رہائی کا عمل | 23 |
| ۷۔ | اگر کوئی دشمنوں کے درمیان پھنس جائے | 24 |
| ۸۔ | لڑکے یا لڑکی کا رشتہ آئے | 24 |
| ۹۔ | ننانوے بیماریوں کی دوا | 25 |
| ۱۰۔ | فقر و فاقہ اور تنگ دستی کا علاج | 26 |
| ۱۱۔ | رزق میں برکت کے لیے خوبصورت عمل | 27 |
| ۱۲۔ | رزق کی کشادگی کے لیے عمل | 27 |
| ۱۳۔ | مشکل ضرورت کو حل کرنے کے لیے مستند عمل | 28 |
| ۱۴۔ | سانپوں اور تکلیف دینے والے جانوروں سے حفاظت کے لیے | 28 |
| ۱۵۔ | جس عورت کے بچے زندہ نہ رہتے ہوں یا پیدا ہو کر مر جاتے ہوں | 29 |
| ۱۶۔ | ایک عجیب مگر مستند عمل | 29 |
| ۱۷۔ | مستجاب الدعوات ہونے کے لیے | 30 |
| ۱۸۔ | زیارت اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے مشرف ہونے کے لیے | 30 |




Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| ۱۹۔ | سر درد کے لیے بہترین عمل | 30 |
| ۲۰۔ | سر درد کا مستند علاج | 31 |
| ۲۱۔ | درد کے ختم کرنے کا مستند علاج | 31 |
| ۲۲۔ | درد و بیماری کے دفع کا مستند علاج | 32 |
| ۲۳۔ | جس شخص کو بخار سردی لگ کر آتا ہو اس کا علاج | 32 |
| ۲۴۔ | ولادت میں آسانی کے لیے آزمودہ عمل | 32 |
| ۲۵۔ | لقوہ کا آزمودہ علاج | 33 |
| ۲۶۔ | محبت کے واسطے عمل | 33 |
| ۲۷۔ | استخارہ کا ایک اور آسان طریقہ | 34 |
| ۲۸۔ | نافرمان اولاد کو فرمانبردار بنانے کا عمل | 34 |
| ۲۹۔ | نافرمان اولاد کے لیے ایک اور نادر عمل | 35 |
| ۳۰۔ | گمشدہ چیز کے لیے تعویذ | 35 |
| ۳۱۔ | فوری طور پر غیبی مدد کے لیے | 36 |
| ۳۲۔ | دشمنوں کے مکر و فریب سے بچنے کے لیے مجرب و مفید عمل | 36 |
| ۳۳۔ | اولاد سے مایوسی کی حالت میں پر تاثیر وظیفہ | 37 |
| ۳۴۔ | حصول اولاد کے لیے | 37 |
| ۳۵۔ | لڑکا پیدا ہوگا انشاء اللہ | 37 |
| ۳۶۔ | نظر بد کا علاج | 38 |
| ۳۷۔ | نظر بد لگ جائے تو یہ عمل کرے | 38 |
| ۳۸۔ | دماغ کی کمزوری کا علاج | 39 |
| ۳۹۔ | مردانگی کے ضعف کا علاج | 39 |
| ۴۰۔ | اگر کسی مسلمان بھائی یا بہن کا پیشاب بند ہو جائے | 39 |
| ۴۱۔ | جادو کی وجہ سے اولاد سے محرومی | 40 |
| ۴۲۔ | حافظہ کی کمزوری کا علاج | 41 |
| ۴۳۔ | آنکھوں کی روشنی کے لیے علاج | 41 |




Marfat.com

۴۴۔ مرض نسیان کا شافی علاج ........................ 41

۴۵۔ جس شخص کو بالکل نیند نہ آتی ہو ........................ 42

۴۶۔ پاگل کتے کے کاٹے کا شافی علاج ........................ 42

۴۷۔ جادو سے شفا کا روحانی وقرآنی علاج ........................ 42

۴۸۔ جادو کی وجہ سے کسی عورت کی کوکھ بندھوا دی گئی ہو جس کی وجہ سے
اولاد سے محرومی ہو۔ ........................ 43

۴۹۔ آیت الکرسی حفاظت کا بہترین قلعہ ........................ 44

۵۰۔ جس انسان کو جنات وشیاطین نے الو بنا دیا ہو ........................ 44

۵۱۔ حصول روزگار کے لیے ........................ 45

۵۲۔ برائے وسعت رزق ........................ 45

۵۳۔ بندش رزق کا علاج ........................ 46

۵۴۔ بیروزگاروں کے لیے تحفہ ........................ 46

۵۵۔ زندگی بھر کسی کے محتاج نہ ہوگا ........................ 47

۵۶۔ مکان سے جن بھگانا ........................ 47

۵۷۔ حصول مقصد کے لیے انمول تحفہ ........................ 48

۵۸۔ بیماری اور آفات کو دفع کرنا ........................ 48

۵۹۔ سات فوری چیزوں سے پناہ ........................ 48

۶۰۔ سانپ بچھو سے حفاظت ........................ 49

۶۱۔ ایمان پر خاتمہ ........................ 49

۶۲۔ جزام و برص اندھے پن ........................ 49

۶۳۔ ہر مرض کا علاج بزبان رسالت ........................ 49

۶۴۔ دل کے مریضوں کے لیے انمول تحفہ ........................ 50

۶۵۔ پتھری و درد گردہ کا علاج ........................ 50

۶۶۔ قرض سے نجات ........................ 50

۶۷۔ حصول مراد کا وظیفہ ........................ 51




Marfat.com

۶۸۔ بچھو کے کاٹے پر حضور کا عمل ........ 51
۶۹۔ سرکار اعظم کی زیارت کے لیے آزمودہ عمل ........ 52
۷۰۔ حضور کی شفاعت کے لیے خاص عمل ........ 52
۷۱۔ امراء وزراء اور سرداروں کا تقرب حاصل کرنا ........ 52
۷۲۔ دشمن کا ڈر ختم کرنا ........ 53
۷۳۔ غیب سے رزق پانا ........ 53
۷۴۔ درد سر کا علاج ........ 53
۷۵۔ برے خوابوں سے حفاظت ........ 54
۷۶۔ درد شقیقہ کا علاج ........ 54
۷۷۔ شیطان کے شر سے حفاظت ........ 54
۷۸۔ آسیب کا اثر ختم کرنا ........ 54
۷۹۔ اچھا سودا حاصل کرنا ........ 55
۸۰۔ بچھو کے زہر کا علاج ........ 55
۸۱۔ نکاح مرضی کے مطابق ........ 55
۸۲۔ دشمن سے حفاظت ........ 56
۸۳۔ کام میں دل لگنے کا علاج ........ 56
۸۴۔ تسخیر حاکم کے لیے ........ 56
۸۵۔ درد و زخم چشم ........ 57
۸۶۔ موتیا بند کا علاج ........ 57
۸۷۔ مکان دکان اور باغ میں برکت کے لیے ........ 57
۸۸۔ ہکلاہٹ کا علاج ........ 58
۸۹۔ کھیتی میں ترقی کا عمل ........ 58
۹۰۔ استقرار حمل کا علاج ........ 58
۹۱۔ مقبول خلائق ہونے کا عمل ........ 59
۹۲۔ بخار اور کمر درد کا علاج ........ 59




Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| ۹۳۔ | قدر ومنزلت پانے کا عمل | 60 |
| ۹۴۔ | برے خوابوں سے نجات | 60 |
| ۹۵۔ | زچگی میں آسانی کے لیے | 60 |
| ۹۶۔ | شفائے امراض کے لیے | 61 |
| ۹۷۔ | عمل نجات ہمزاد | 61 |
| ۹۸۔ | ہر قسم کے درد کا علاج | 62 |
| ۹۹۔ | درندوں سے حفاظت میں رہے | 62 |
| ۱۰۰۔ | سمندری و دریائی سفر میں حفاظت | 62 |
| ۱۰۱۔ | عذاب قبر سے حفاظت | 62 |
| ۱۰۲۔ | عطائے نور | 63 |
| ۱۰۳۔ | سلامتی ایمان ونجات | 63 |
| ۱۰۴۔ | غیب سے رزق پانا | 63 |
| ۱۰۵۔ | کفالت چاہنا | 63 |
| ۱۰۶۔ | استغفار کی برکات | 64 |
| ۱۰۷۔ | زہریلے جانور کے کاٹے کا علاج | 64 |
| ۱۰۸۔ | عمل مختصر ثواب بے شمار | 64 |
| ۱۰۹۔ | گناہوں سے معافی کے لیے درود | 65 |
| ۱۱۰۔ | خفقان اور اختلاج القلب | 66 |
| ۱۱۱۔ | گناہوں کی معافی کے لیے خاص ورد | 66 |
| ۱۱۲۔ | جب جان وعزت کا خطرہ ہو | 67 |
| ۱۱۳۔ | حب رسولؐ کے لیے خاص ورد | 67 |
| ۱۱۴۔ | حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کا خاص ورد | 67 |
| ۱۱۵۔ | دجال کے فتنہ سے بچنے کا ورد | 68 |
| ۱۱۶۔ | نسیان کا علاج | 68 |
| ۱۱۷۔ | قلب وبدن وایمان کی حفاظت کے لیے | 69 |




Marfat.com

۱۱۸۔ فراخیٔ رزق اور حفاظت دشمن کے لیے ........ 69
۱۱۹۔ غفلت کا علاج ........ 69
۱۲۰۔ دشمنوں پر فتح یابی کے لیے ........ 70
۱۲۱۔ دشمنوں کی زبان بندی کے لیے ........ 70
۱۲۲۔ نماز حفاظت ........ 70
۱۲۳۔ شادی اور اہل و عیال کے نیک ہونے کے لیے ........ 71
۱۲۴۔ دنیا و آخرت کی تمام بھلائیوں کا حصول ........ 71
۱۲۵۔ فراخیٔ رزق اور ادائیگی قرض کے لیے ........ 71
۱۲۶۔ خاص ورد حاجات ........ 72
۱۲۷۔ فراخیٔ رزق کا ورد ........ 72
۱۲۸۔ حصول اولاد کے لیے بے نظیر عمل ........ 73
۱۲۹۔ لڑکا والدین کا مطیع ہو ........ 73
۱۳۰۔ عزت و عظمت کا وظیفہ ........ 73
۱۳۱۔ لڑکی کے لیے نکاح کا پیغام ........ 74
۱۳۲۔ نامردی کا قرآنی علاج ........ 74
۱۳۳۔ کند ذہنی اور توتلے پن کا علاج ........ 74
۱۳۴۔ غربت کا علاج ........ 74
۱۳۵۔ برائے خارش ........ 75
۱۳۶۔ گنجے پن کا علاج ........ 75
۱۳۷۔ ناجائز تعلقات ختم کرنا ........ 75
۱۳۸۔ دانت تاحیات خراب نہیں ہوں گے ........ 76
۱۳۹۔ آواز میں ترنم کے لیے ........ 76
۱۴۰۔ گرمی کے بخار کا علاج ........ 76
۱۴۱۔ اگر کسی کو قرآن حفظ نہ ہوتا ہو ........ 77
۱۴۲۔ اونچا سننے کا علاج ........ 77




Marfat.com

۱۴۳۔ دانت کے کیڑا لگنے کا علاج........................ 77

۱۴۴۔ ناف ٹل جانے کا علاج........................ 78

۱۴۵۔ بدہضمی کا علاج........................ 78

۱۴۶۔ ایمان پر خاتمے کا وظیفہ........................ 78

۱۴۷۔ جوڑوں کے درد کا شافی علاج........................ 78

۱۴۸۔ یرقان کا روحانی علاج........................ 79

۱۴۹۔ کثرت حیض کا علاج........................ 79

۱۵۰۔ نامردی کا علاج........................ 79

۱۵۱۔ غصہ کا علاج........................ 80

۱۵۲۔ بچوں کی حفاظت کے لیے........................ 80

۱۵۳۔ نماز میں دل لگانے کا وظیفہ........................ 81

۱۵۴۔ جگر میں درد ہو تو........................ 81

۱۵۵۔ گردے میں پتھری ہو تو........................ 81

۱۵۶۔ گھر سے جنات دور کرنے کے لیے........................ 82

۱۵۷۔ پاگل پن اور جنون ختم کرنے کے لیے........................ 82

۱۵۸۔ دل کے روحانی امراض سے شفا کے لیے........................ 82

۱۵۹۔ حاسدین کی زبانیں بند کروانے کے لیے........................ 82

۱۶۰۔ اگر چہرہ بے رونق اور سیاہ ہو جائے........................ 83

۱۶۱۔ حاکم افسران مہربان ہو جائیں گے........................ 83

۱۶۲۔ جوڑوں اور گھٹنوں کا درد ختم کرنے کے لیے........................ 83

۱۶۳۔ کمر درد سے چھٹکارا پانے کے لیے........................ 84

۱۶۴۔ دست کی بیماری کا علاج........................ 84

۱۶۵۔ مقدمے میں کامیابی حاصل کرنے کے لیے........................ 84

۱۶۶۔ مخلوق کی محتاجی سے بچنے کے لیے........................ 85

۱۶۷۔ دانت یا داڑھ میں درد ہو تو........................ 85




Marfat.com

۱۶۸۔ یرقان کے خاتمے کے لیے ........ 85
۱۶۹۔ کینسر شوگر و دیگر امراض کے لیے ........ 86
۱۷۰۔ بواسیر کی تکلیف کا علاج ........ 86
۱۷۱۔ جنت الفردوس حاصل کرنے کا عمل ........ 86
۱۷۲۔ نافرمان اور ضدی اولاد ہو تو ........ 86
۱۷۳۔ سفر کی تھکن دور کرنے کے لیے ........ 87
۱۷۴۔ نظر کبھی کمزور نہ ہوگی ........ 87
۱۷۵۔ جادو کے توڑ کے لیے ........ 87
۱۷۶۔ مقروض قرض واپس نہ کرے تو کیا کریں ........ 87
۱۷۷۔ مرگی کے دورے کا علاج ........ 88
۱۷۸۔ علاج برائے نکسیر ........ 88
۱۷۹۔ طاعون اور ہیضہ کا علاج ........ 88
۱۸۰۔ شہادت کے حصول کے لیے ........ 88
۱۸۱۔ ہزاروں نیکیاں ........ 89
۱۸۲۔ ہائی بلڈ پریشر ........ 89
۱۸۳۔ منہ کی بدبو کا علاج ........ 89
۱۸۴۔ اگر کوئی برے افعال میں مبتلا ہو گیا ہو ........ 90
۱۸۵۔ کامل ولی بننے کے لیے ........ 90
۱۸۶۔ دنیا کی محبت سے نجات کے لیے ........ 90
۱۸۷۔ اولاد کی نیک نامی کے لیے ........ 91
۱۸۸۔ ظالم سے پیچھا چھڑانے کے لیے ........ 91
۱۸۹۔ اگر تنہائی میں ڈر لگتا ہو ........ 92
۱۹۰۔ غصہ دور کرنے کے لیے ........ 92
۱۹۱۔ بچہ بالغ ہونے تک حفاظت کے لیے ........ 93
۱۹۲۔ حصار باندھنے کا طریقہ ........ 93



Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| ۱۹۳۔ | دست کی بیماری کو ختم کرنے کے لیے | 94 |
| ۱۹۴۔ | بیٹا پیدا ہوگا انشاء اللہ | 94 |
| ۱۹۵۔ | دعا کی قبولیت کے لیے | 94 |
| ۱۹۶۔ | امتحان میں کامیابی کا وظیفہ | 95 |
| ۱۹۷۔ | علم و معرفت کے لیے | 95 |
| ۱۹۸۔ | گمشدہ کو بلانے کے لیے | 96 |
| ۱۹۹۔ | اگر نوکری نہ ملتی ہو تو یہ پڑھے | 96 |
| ۲۰۰۔ | نماز میں دل لگانے کا وظیفہ | 96 |
| ۲۰۱۔ | پاگل پن کوڑھ اندھا پن فالج سے بچاؤ | 97 |
| ۲۰۲۔ | پیشاب کی بندش کا فوری علاج | 97 |
| ۲۰۳۔ | قوت مردانگی کے ضعف کا علاج | 98 |
| ۲۰۴۔ | اگر کسی پھل دار درخت میں پھل آنے بند ہو گئے ہوں | 98 |
| ۲۰۵۔ | نظر لگنے کا علاج | 99 |
| ۲۰۶۔ | جب نظر لگ جائے تو کیا کرے | 99 |
| ۲۰۷۔ | بچوں کے سوکھے یا مسان کے لیے مجرب علاج | 99 |
| ۲۰۸۔ | بچوں کی ہر شکایت کے لیے یہ تعویذ مجرب ہے | 100 |
| ۲۰۹۔ | بچوں کے رونے اور دودھ نہ پینے کا علاج | 100 |
| ۲۱۰۔ | مُردوں کو خواب میں دیکھنے اور ان سے باتیں کرنے کا عمل | 101 |
| ۲۱۱۔ | ضروریات دنیا با آسانی پوری ہوں | 101 |
| ۲۱۲۔ | ابتر معاملات کی درستگی | 102 |
| ۲۱۳۔ | سانپ کے کاٹے کا علاج | 102 |
| ۲۱۴۔ | زلزلہ سے حفاظت کا عمل | 102 |
| ۲۱۵۔ | بھاگنے والے بچے کا علاج | 103 |
| ۲۱۶۔ | غیبی امداد حاصل کرنا | 103 |
| ۲۱۷۔ | بری موت سے بچاؤ | 104 |




Marfat.com

۲۱۸۔ عذاب قبر سے نجات کے لیے ........ 105
۲۱۹۔ نفس تابع فرمان ہو ........ 105
۲۲۰۔ سحر کی وجہ سے نامردی کا علاج ........ 105
۲۲۱۔ اگر قیدی رہائی چاہتا ہو ........ 106
۲۲۲۔ بدن پر داغ یا دھبے دور کرنے کے لیے وظیفہ ........ 106
۲۲۳۔ بلغم کے خاتمہ کے لیے وظیفہ ........ 106
۲۲۴۔ اچانک موت سے محفوظ رہے گا ........ 107
۲۲۵۔ چہرہ نورانی بنانے والا عمل ........ 107
۲۲۶۔ طاعون سے حفاظت کے لیے وظیفہ ........ 107
۲۲۷۔ اگر کسی کے سر کے بال گرتے ہوں ........ 107
۲۲۸۔ شادی میں رکاوٹ ہو تو ........ 108
۲۲۹۔ گھر سے جنات دور کرنے کے لیے ........ 108
۲۳۰۔ پاگل پن اور جنون ختم کرنے کے لیے ........ 108
۲۳۱۔ دانت کے ہلنے کا علاج ........ 108
۲۳۲۔ منہ میں پھنسیوں کا علاج ........ 109
۲۳۳۔ درد گردن کا علاج ........ 109
۲۳۴۔ زبان بند ہو جانے کا علاج ........ 109
۲۳۵۔ کثرت حیض کا علاج ........ 110
۲۳۶۔ جریان کا علاج ........ 110
۲۳۷۔ بواسیر کا علاج ........ 110
۲۳۸۔ کینسر کا علاج ........ 110
۲۳۹۔ کاروبار میں برکت کے لیے ........ 111
۲۴۰۔ خاص دعا کی قبولیت کے لیے ........ 111
۲۴۱۔ غیبت سے بچنے کا نسخہ ........ 111
۲۴۲۔ رات کو سوتے وقت کے عملیات ........ 112




Marfat.com

۲۴۳۔ سات دنوں کے وظائف ............ 113
۲۴۴۔ حاجات کے حصول کے لیے وظیفہ ............ 113
۲۴۵۔ غیبی امداد کے لیے وظیفہ ............ 113
۲۴۶۔ اگر اولاد تنگ کرتی ہو ............ 114
۲۴۷۔ اپنے دشمنوں کو ذلیل کروانے کے لیے وظیفہ ............ 114
۲۴۸۔ اسرار الوہیت ظاہر ہوں ............ 114
۲۴۹۔ زہر کے خاتمہ کے لیے وظیفہ ............ 115
۲۵۰۔ جادو کا اثر نہ ہوگا ............ 115
۲۵۱۔ میاں بیوی میں محبت کے لیے ............ 115
۲۵۲۔ مردانہ قوت کے لیے ............ 116
۲۵۳۔ گائے بھینس یا عورت کو امید ہو ............ 116
۲۵۴۔ مجرب نواب صدیق حسن صاحب مرحوم ............ 117
۲۵۵۔ برائے نرینہ اولاد و مانع اسقاط ............ 117
۲۵۶۔ برائے زوال شہوت ............ 117
۲۵۷۔ برائے محبت گرفتن ............ 118
۲۵۸۔ راہ بھول جانا راہ پانا ............ 118
۲۵۹۔ اگر مکان پر پتھر یا اینٹ پڑیں ............ 118
۲۶۰۔ قید سے رہائی کا وظیفہ ............ 118
۲۶۱۔ چور کی شناخت کرنے کا عمل ............ 119
۲۶۲۔ طغیانی دریا سے امن ہو ............ 119
۲۶۳۔ فصل کو نقصان پہنچانے والے پرندوں کا علاج ............ 119
۲۶۴۔ برائے زہر باؤلے کتے کے کاٹے کا ............ 120
۲۶۵۔ خوف کی جگہ حفظ و امان ............ 120
۲۶۶۔ گمشدہ چیز کے لیے ............ 120
۲۶۷۔ غلام یا اولاد کہا مانے ............ 121



Marfat.com

۲۶۸۔ پسو دور ہوں ........ 121

۲۶۹۔ چہرے یا پشت وغیرہ کے مسے ........ 121

۲۷۰۔ زہر تمام حشرات الارض دور ........ 122

۲۷۱۔ علاج سحر و مرض مایوسہ ........ 123

۲۷۲۔ برائے مرض جسیان مسان ........ 123

۲۷۳۔ آسیب دور ہو ........ 124

۲۷۴۔ آسیب کو جلانے کا عمل ........ 124

۲۷۵۔ دافع اثر سحر ہر قسم ........ 124

۲۷۶۔ دیگر قاصر از زن ........ 124

۲۷۷۔ اگر بچہ زیادہ روئے ........ 125

۲۷۸۔ عام قدرت بر عورت ........ 125

۲۷۹۔ نظر بد دور کرنے کے لیے ........ 126

۲۸۰۔ نظر بد کا علاج ........ 126

۲۸۱۔ مانع اسقاط و اثمار ........ 126

۲۸۲۔ برائے داد چنبل وغیرہ ........ 127

۲۸۳۔ علاج برائے بواسیر ........ 127

۲۸۴۔ ناک یا لب پر خبیث پھنسی ........ 127

۲۸۵۔ پھنسی کا علاج ........ 128

۲۸۶۔ برائے حفظ و حافظہ ........ 128

۲۸۷۔ درد شقیقہ کا علاج ........ 129

۲۸۸۔ حصول حاجت کے لیے ........ 129

۲۸۹۔ جب کسی سے حاجت در پیش ہو ........ 129

۲۹۰۔ فراخیٔ رزق و دولت ........ 130

۲۹۱۔ دوکان کی آمدن بڑھے ........ 131

۲۹۲۔ حصول غنا و راحت قبر ........ 131




Marfat.com

۲۹۳۔ رزق میں برکت کے لیے ........ 131
۲۹۴۔ مسلمانوں کے لیے نقصان و مصیبت پر اجر ........ 131
۲۹۵۔ ترقی رزق اور حاجات کے لیے میرا ذاتی عمل ........ 132
۲۹۶۔ زندگی میں ہر کامیابی کا راز ........ 132
۲۹۷۔ قرآن پاک کی بے لوث خدمت ........ 133
۲۹۸۔ جب معصوم بچہ یا کوئی اچھی چیز دیکھیں ........ 133
۲۹۹۔ استخارہ مجربہ ........ 133
۳۰۰۔ حصول مقاصد کے لیے ........ 134
۳۰۱۔ ورد فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ........ 134
۳۰۲۔ حضور امام الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کا خط روئے زمین کے جنات کے نام 134
۳۰۳۔ سفلی جادو کا علاج ........ 137
۳۰۴۔ ہر قسم کے دکھ اور غم دفع ہونے کا علاج ........ 138
۳۰۵۔ بدخوابی بے چینی اور نیند نہ آنے کا علاج ........ 139
۳۰۶۔ سر کے درد کا مدنی علاج ........ 140
۳۰۷۔ داڑھ اور دانت درد کا نبوی علاج ........ 140
۳۰۸۔ ایک پسندیدہ درود شریف ........ 141
۳۰۹۔ دافع نسیان ........ 141
۳۱۰۔ شفاعت رسول صلی اللہ علیہ وسلم ........ 142
۳۱۱۔ ایک ہزار دن تک نیکیاں ........ 142
۳۱۲۔ درود اعظم ہر امتحان میں کامیابی کا وظیفہ ........ 142
۳۱۳۔ میرے والد محترم کا آزمودہ وظیفہ ........ 143
۳۱۴۔ درود مغفرت ........ 144
۳۱۵۔ اسماء الحسنیٰ ........ 145
۳۱۶۔ اسماء النبی صلی اللہ علیہ وسلم ........ 180




Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# پیش لفظ

سب تعریفیں رب العالمین کے لیے ہیں جو سارے جہانوں کا مالک ہے اور ہزاروں درود و سلام ہوں ہمارے پیارے آقا امام الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی پر جن کی بدولت ہمیں قرآن ملا ایمان ملا اور ہر دکھ درد کا علاج ملا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات مبارکہ سراپۂ معجزہ ہے آپ کی بارگاہ سے لاعلاج مریضوں کو اللہ تعالیٰ نے شفا عطا فرمائی جن جن بیماریوں کا علاج طبیب اعظم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اہل محبت نے انہیں اپنے سینوں میں محفوظ کرلیا اور بعد میں وہ امانتیں سپرد قلم کیں اس طرح وہ انمول تحفے جو آقا علیہ الصلوۃ والسلام نے بطور وراثت اپنے امتیوں کے لیے چھوڑے تھے وہ کتابی شکل میں محفوظ کر لیے گئے اور آج امت مسلمہ اپنے روحانی مسائل میں ان قیمتی اور بے مثل تحفوں سے فائدہ حاصل کر رہی ہے جو کتاب اس وقت آپ کے ہاتھوں میں ہے اس کتاب کا نام اصحاب بدر رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی نسبت سے تین سو تیرہ ۳۱۳ بیماریوں کا روحانی اور قرآنی علاج رکھا گیا ہے اور یہ کوشش کی گئی ہے کہ جب بھی ہمیں کوئی دینی یا دنیاوی مشکل پیش آئے یا کسی روحانی یا جسمانی بیماری



Marfat.com

میں مبتلا ہو جائیں تو ہمیں اللہ تعالیٰ کی پاک کتاب اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے مبارک طریقوں سے استفادہ کرنا چاہیے آج بے شمار بیماریوں کے سامنے بڑے بڑے ڈاکٹر بے بس نظر آتے ہیں مگر اللہ تعالیٰ کے پاک کلام کی برکت سے ایسے لاعلاج مریض بھی شفایاب ہوئے ہیں جن کو ڈاکٹروں نے لاعلاج قرار دیا تھا۔

اس کتاب میں جتنے وظائف اور روحانی علاج تحریر کیے گئے ہیں ان میں بعض وظائف ایسے ہیں جن پر دوران تحریر میں نے خود عمل کیا اور الحمد للہ نتیجہ سو فیصد رہا اللہ کا شکر ادا کیا اور پھر عوام کو نفع پہنچانے کی غرض سے لکھ دیا بعض وظائف مستند کتابوں سے لیے گئے ہیں اور جہاں ضرورت محسوس کی گئی ہے حوالہ بھی تحریر کر دیا گیا ہے اس کتاب میں یہ کوشش بھی کی گئی ہے کہ کوئی قابل اعتراض عبارت تحریر نہ ہو بلکہ خالصتاً اللہ تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی کے لیے مستند اور مدلل وظائف شامل کیے گئے ہیں جن کو ہر مسلک کے لوگ بلا خوف وخطر اپنے دینی دنیاوی مسائل کے لیے عمل میں لا سکتے ہیں۔

آخر میں ان بزرگ ہستیوں کی خدمت میں سلام کے بعد عرض کرتا ہوں جن کی ساری زندگیاں مخلوق خدا کی روحانی تربیت کرتے گزر گئی کہ جہاں کہیں بھی کوئی اچھائی ہے وہ میرے اللہ کا فضل ہے اور اگر کہیں کوئی غلطی سرزد ہوئی ہے تو یہ میری کم علمی اور نا اہلی سمجھ کر اصلاح فرمای دی جائے اس موقع پر میں اپنے عزیز بھائی جناب چوہدری جواد رسول صاحب کا بھی بے حد ممنون ہوں کہ جنہوں نے اس کتاب کی تیاری کا حکم بھی دیا اور ہر مشکل مرحلے میں میرے ساتھ تعاون بھی فرمایا اور چھوٹا بھائی ہونے کے ساتھ ساتھ میری حوصلہ افزائی بھی فرمائی اللہ تعالیٰ چوہدری جواد رسول صاحب اور



Marfat.com

ان کے والدین کو اجر عظیم عطا فرمائے اس مبارک موقع پر میرے خصوصی شکریہ کے مستحق میرے استاذ مکرم ہیں جن کی کوششوں اور تربیت کی بدولت یہ بندہ ناچیز اس قابل ہوا کہ وہ چند سطور لکھ سکے میری مراد حضرت علامہ مولانا محمد مہدی خان صاحب زید مجدہ کی ذات گرامی ہے تحریر شروع کرنے سے قبل ان سے دعا کی درخواست کی الحمد للہ ان کی دعا کی برکت سے آج یہ کتاب مکمل ہوگئی اللہ تعالیٰ اس کتاب کو میرے لیے میرے اساتذہ کرام میرے والدین اور مشائخ عظام کے لیے ذریعہ نجات بنائے اس موقع پر میں اپنے معاون خاص جناب حاجی عبدالرؤف صاحب اور ان کے والد راجہ فتح خان مرحوم اور والدہ چاندنی بیگم صاحبہ کے لیے دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ ان کی دینی دنیاوی مشکلات آسان فرمائے اور ان کے والدین کے درجات بلند فرمائے اور ان کے والدین کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے۔ آمین۔

آخر میں پھر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ عالیہ میں دعا ہے کہ اللہ امت مسلمہ کی مشکلات کو آسان فرمائے۔

والسلام

قاری گلزار احمد مدنی، فیصل مسجد اسلام آباد

چیئر مین عبدالرؤف قرات اکیڈمی محلہ چوہدریاں بھارہ کہو

اسلام آباد

۱۵ جمادی الثانی بروز پیر بمطابق ۲ جولائی ۲۰۰۷ء



Marfat.com

# کچھ مصنف کے بارے میں

اس کتاب یعنی تین سو تیرہ بیماریوں کا روحانی اور قرآنی علاج کے مصنف قاری گلزار احمد مدنی کا شمار پاکستان کے صف اول کے قراء میں ہوتا ہے آپ کو اللہ تعالیٰ نے بے شمار خوبیوں سے نوازا ہے آپ قدیم جدید علوم پر گہری نظر رکھنے والے باصلاحیت قاری قرآن ہیں آپ کا شمار پاکستان کے صف اول کے نعت خوانوں میں کیا جاتا ہے اور آپ عرصہ دراز سے اندرون ملک اور بیرون ملک خطابت کے فرائض بھی سرانجام دے رہے ہیں آپ کو یہ اعزاز بھی حاصل ہے کہ فن تجوید وقرات میں انہوں نے انگلش میں کتاب لکھی جو کسی بھی پاکستانی قاری کی فن تجوید میں انگلش کی پہلی کتاب ہے۔ تجوید وقرأت کے کئی مقابلوں میں اول انعام حاصل کر چکے ہیں۔ ۱۹۹۴ء سے فن تجوید پڑھا رہے ہیں اور آج تک ہزاروں کی تعداد میں طلباء طالبات ان سے یہ فن سیکھ کر قرآن کی تعلیمات کو عام کر رہے ہیں۔ آپ ٹیلی وژن اور ریڈیو کے قاری ہیں اور فیصل مسجد' اسلام آباد میں عرصہ دراز سے خدمات سرانجام دے رہے ہیں آپ کی اذان سننے کے لیے لوگ منتظر رہتے ہیں اور نماز میں تلاوت جسم کے رونگٹے کھڑے کر دیتی ہے۔ سیکڑوں موذنین آپ کے اذان کے شاگرد ہیں۔ قاری صاحب بیک وقت پانچ مختلف لہجوں میں اذان پڑھ سکتے ہیں۔ اسی طرح قرآن پاک کی تلاوت بھی مختلف لہجوں میں کرتے ہیں جو ان پر اللہ کا خصوصی احسان ہے۔

۱۹۹۷ء میں آپ کو فن تجوید وقرات کی خدمات کے صلے میں قومی ایوارڈ سے نوازا گیا اور ۱۹۹۸ء میں آپ کو حکومت ایران کی طرف سے ایوارڈ عطا کیا گیا۔ ۱۹۹۹ء



Marfat.com

میں آپ کو نعت میں ایوارڈ سے نوازا گیا۔ ۱۹۹۹ء میں انٹرنیشنل اسلامی یونیورسٹی سے بہترین کرکٹر کا ایوارڈ دیا گیا۔

۱۹۹۶ء میں مقابلہ مضمون نویسی میں کل پاکستان میں اول پوزیشن حاصل کی۔

آپ کی تبلیغی کوششوں سے سیکڑوں غیر مسلموں نے آپ کے ہاتھ پر اسلام قبول کیا اور لاتعداد محافل میں تلاوت فرما چکے ہیں جب آپ کسی محفل میں تلاوت فرماتے ہیں تو اہل محفل پر ایک کیف سا طاری ہو جاتا ہے۔ بے شمار نوجوان آپ کی تلاوت اور نعت سن کر اپنے گناہوں سے تائب ہو کر دین کے سچے خادم بن گئے جو شخص ان سے ملتا ہے وہ ان کے حسن اخلاق سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ یہی وجہ ہے کہ اندرون و بیرون ملک لوگ ان سے والہانہ عقیدت اور محبت رکھتے ہیں کیونکہ آپ ہر وقت قرآن کی خدمت میں مصروف رہتے ہیں۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے آپ کو مستجاب الدعوات بنا دیا ہے بے شمار لوگ اپنے روحانی مسائل کے سلسلے میں آپ کے پاس آتے ہیں اللہ ان کو شفا عطا فرماتا ہے۔ عام لوگوں کو نفع پہنچانے کی غرض سے یہ کتاب تین سو تیرہ بیماریوں کا روحانی اور قرآنی علاج تحریر فرمائی جو لوگ اس کتاب سے استفادہ کریں انہیں کوئی فائدہ حاصل ہو وہ قاری صاحب اور ان کے والدین اور اساتذہ کرام اور مشائخ کے لیے بلندی درجات کی دعا فرمائیں۔

والسلام

چوہدری جواد رسول

ملت بک شاپ۔ فیصل مسجد' اسلام آباد



Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# ۱: ناممکن مشکل حل کرنے کا طریقہ

**وظیفہ:** اگر کسی شخص کو دینی یا دنیاوی مشکل درپیش ہو جس کا حل کسی بھی صورت میں نظر نہ آتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے اس مقصد کے لیے ہر روز بعد نماز عشاء اول و آخر درود شریف اکتالیس اکتالیس مرتبہ اور سورہ **حٰمٓ سجدہ** ایک مرتبہ تلاوت کریں۔

آیت مبارکہ: **اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ**O

سو مرتبہ سورہ نصر گیارہ دن پڑھیں اس طریقہ سے اس عمل کو روزانہ سات مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور خشوع وخضوع سے دعا مانگیں انشاء اللہ اس عمل کی اکیس سے چالیس یوم تک مسلسل مداوت سے وہ مشکل پردہ غیب سے حل ہو جائے گی۔

درود پاک

**اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی شَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ سَیِّدِنَا وَ مَوْلٰنَا وَ مُرْشِدِنَا وَرَاحَۃِ قُلُوْبِنَا وَ طَبِیْبِ ظَاھِرِنَا وَ بَاطِنِنَا مُحَمَّدٍوَّ عَلٰی اٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ وَ اَزْوَاجِہٖ وَ**



Marfat.com

اَهْلِ بَيْتِهٖ وَ اَوْلِيَاءِ اُمَّتِهٖ وَ اَهْلِ طَاعَتِكَ اَجْمَعِيْنَ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ.

## ۲: مشکل حل کرنے کا آسان طریقہ

۱۔ **يَاقَادِرُ** جو شخص کسی مشکل کے وقت اکتالیس مرتبہ ان کلمات کو پڑھ لے اس کی مشکل آسان ہو جائے گی۔

۲۔ **يَا مُهَيْمِنُ** جو شخص روزانہ انیس مرتبہ ان کلمات کو پڑھے گا انشاء اللہ وہ ہر آفت و بلا سے محفوظ رہے گا۔

۳۔ **يَا وَكِيْلُ** جو شخص سات مرتبہ روزانہ عصر کے وقت ان کلمات کو پڑھ لیا کرے گا وہ ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔

## ۳: جانی دشمن پر فتح پانے کا علاج

**وظیفہ:** ۱۔ **اَلْخَافِضُ.**

**فضیلت:** جو شخص تین روزے رکھے اور چوتھے روز ایک جگہ بیٹھ کر ستر مرتبہ اس اسم کو پڑھے تو اس کو دشمن پر فتح نصیب ہو گی۔

۲۔ **يَا مُذِلُّ** جو شخص پچھتر (۷۵) مرتبہ اس اسم کو پڑھے پھر خاص



Marfat.com

دشمن کا نام لے کر مسجد میں اللہ تعالیٰ سے یہ دعا کرے اے اللہ فلاں دشمن کے شر سے محفوظ رکھ وہ محفوظ رہے گا۔

## ۴: دشمن پر رعب و دبدبہ قائم کرنے کے لیے عمل

وظیفہ: يَا قَاهِرُ ذَالْبُطْشِ الشَّدِيْدِ اَنْتَ الَّذِىْ لَا يُطَاقُ اِنْتِقَامُهٗ يَا قَاهِرُ.

**فضیلت:** اس دعا کو روزآنہ ۱۱۱ مرتبہ پڑھیں دشمنوں پر رعب و دبدبہ قائم ہو جائے گا اور انشاء اللہ ان کے شر سے محفوظ رہے گا۔

## ۵: حصول حاجات کے لیے

وظیفہ: يَا دَائِمُ بِلَا فَنَاءٍ وَّلَا تَدَكَ لِمُلْكِهٖ وَ بَقَآئِهٖ يَا دَآئِمُ

**فضیلت:** حاجات کے حصول کے لیے تین روزے رکھے اور فجر کی نماز کے بعد تین سو مرتبہ یہ دعا کرے انشاء اللہ تعالیٰ حاجتیں برآئیں گی۔

## ۶: ظالموں کے چنگل سے رہائی کا عمل

**فضیلت:** اگر کوئی شخص روزانہ ننانوے مرتبہ اس دعا کو پڑھے انشاء اللہ ظالم کے قبضے سے رہائی پائے گا۔

يَا غِيَاثِىْ عِنْدَ كُلِّ كُرْبَةٍ وَّ مَعَاذِىْ عِنْدَ كُلِّ



Marfat.com

شِدَّةٍ وَّ مُوْنِسِیْ عِنْدَ کُلِّ وَحْشَةٍ وَّ مُجِیْبِیْ عِنْدَ کُلِّ دَعْوَةٍ وَّ رِجَآئِیْ حِیْنَ تَنْتُ قَطِعُ حِیْلَتِیْ یَا غَیَاثِیْ.

## ۷: اگر کوئی دشمنوں کے درمیان پھنس جائے

**فضیلت:** جب دشمن کا خطرہ ہو یا دشمن میں گھر جائے یا دشمن سے ملنے جائے اور اس سے خطرہ ہو خواہ دشمن جان ہو یا دشمن ایمان ہو چاہے دشمن درندہ ہو یا انسان ہو اس عمل کے بعد انشاء اللہ عزوجل ہر حال میں خطرے اور نقصان سے محفوظ رہے گا۔

**وظیفہ:** فریاد فریارد بدرگاہ توبدستی مصطفیٰ (ﷺ) دید دستی علی المرتضیٰ وحسن مجتبیٰ وحسین شہید کربلا آنچہ مطلوب میں وارام بانصرام رساں۔

ایک مرتبہ آیۃ الکرسی تین مرتبہ چاروں قل تین تین مرتبہ اپنے گرد حصار کرے یعنی ہر طرف منہ کر کے دم کر دے اور شہادت کی انگلی پر دم کر کے کان کے گرد حصار کرے۔

## ۸: لڑکے یا لڑکی کا رشتہ آئے

**فضیلت:** بچے بچی کی شادی کے سلسلے میں مناسب رشتہ کے لیے ذیل کی نماز بے حد مفید اور نافع ہے۔



Marfat.com

**وظیفہ:** اس مقصد کے لیے بروز سوموار چار رکعت نماز نفل بہ نیت حصول رشتہ (لڑکی یا لڑکے) اور اس کی ماں کا نام لیں اور اس طریقہ سے پڑھیں کہ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص دس مرتبہ دوسری مرتبہ سورہ اخلاص بیس مرتبہ تیسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص تیس مرتبہ اور چوتھی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص چالیس مرتبہ پڑھیں۔ سلام پھیرنے کے بعد اول آخر درود پاک ذیل ستر ستر مرتبہ اور سورہ اخلاص ستر مرتبہ پڑھیں۔ سجدہ سے سر اٹھا کر دعا اللہ تعالیٰ کے حضور صدق دل سے مانگیں۔

درود پاک: ۶

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍوَّ عَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ وَ اَصْحَابِهِ الْاَخْيَارِ عَدَدَ نِعَمَ اللّٰهِ وَ اَفْضَالِهٖ.

## ۹: ننانوے بیماریوں کی دوا

**فضیلت:** ا: حدیث شریف میں آیا ہے کہ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ایک کم سو (۹۹) بلاؤں اور مصیبتوں کا علاج اور دوا ہے جن میں سب سے چھوٹی بلا رنج وغم کا دور ہونا ہے۔

۲: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ



Marfat.com

وسلم نے مجھ سے فرمایا کہ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ کثرت کے ساتھ پڑھو کیونکہ وہ جنت کا خزانہ ہے۔

**وظیفہ:** حضرت مکحول رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جو شخص لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا مُنْجِیْ مِنَ اللّٰهِ اِلَّا اِلَیْهِ پڑھے پڑھے گا (کثرت کے ساتھ) اللہ تعالیٰ اس سے ستر پریشانیاں اور مصیبتیں دور فرما دیں گے کہ ان ستر میں سب سے چھوٹی مصیبت فقر و فاقہ ہے۔ (مشکوۃ شریف)

حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا کہ دینی و دنیاوی ہر طرح کی پریشانیوں سے بچنے کے لیے اور اپنی حاجتوں کو پورا کرنے کے لیے لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ والا عمل بہت مجرب اور مفید عمل ہے وہ یہ ہے کہ روزانہ پانچ سو مرتبہ (۵۰۰) لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ اور اول و آخر سو سو مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنی حاجتوں کے لیے دعا کریں۔

## ۱۰: فقر و فاقہ اور تنگ دستی کا علاج

**فضیلت:** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کلمات ایک غریب آدمی کو خود تعلیم فرمائے اور وہ ان کلمات کا وظیفہ کرنے سے مالا مال ہو گیا اور عرض کی یا رسول اللہ میرے پاس اتنی دنیا آ گئی ہے کہ میں نہیں جانتا کہ اب اسے کہاں رکھوں (کلمات) سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِهٖ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ.



Marfat.com

**وظیفہ:** ان کلمات کو فجر کی سنتوں اور فرائض کے درمیان پڑھیں ان کلمات کی روزانہ ایک تسبیح پڑھ لینے سے سو فرشتے پیدا ہوتے رہیں گے جو کہ پڑھنے والے کے لیے توبہ استغفار کرتے رہیں گے۔ انشاء اللہ وظیفہ کرنے والا مال دنیا سے مالا مال ہو جائے گا۔

## ۱۱: رزق میں برکت کے لیے خوبصورت عمل

**فضیلت:** اگر کوئی شخص خیر و برکت اور رزق میں وسعت کا خواہش مند ہو تو اس کو چاہیے کہ شام کو مغرب کی نماز کے بعد سورۃ واقعہ ایک مرتبہ اور فجر کی نماز کے بعد سورج نکلنے سے پہلے سورۃ یٰسین پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ خوب خوب کثیر رزق میں فراوانی ہوگی اور بارش کی طرح برکت ہوگی۔

**وظیفہ:** ایک تسبیح یعنی سو مرتبہ ان کلمات کا ورد فرمالیں

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ وَ هُوَ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَ نِعْمَ النَّصِيْر.

انشاء اللہ تعالیٰ رزق میں برکت ہوگی۔

## ۱۲: رزق کی کشادگی کے لیے عمل

**فضیلت:** یہ عمل رزق کی فراخی و کشادگی کے لیے عجیب ہے جو شخص یہ عمل کرے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ رزق کی تنگی نہ اس کے پاس آئے گی اور نہ اس کی اولاد کے



Marfat.com

پاس آئے گی۔

وظیفہ: **یَا وَهَّابُ** نماز فجر کے بعد مستقل چودہ سو مرتبہ اور اول اور آخر اکیس اکیس مرتبہ درود شریف پڑھنے کو اپنا وظیفہ بنا لے انشاء اللہ تعالیٰ رزق کی تنگی نہ ہوگی۔

## ۱۳: مشکل ضرورت کو حل کرنے کے لیے مستند عمل

**فضیلت:** مشکل کام کو آسان و حل کرنے کے لیے انشاء اللہ تعالیٰ گیارہ روز میں ہی اس عمل کا اثر نظر آجائے گا۔

**وظیفہ:** یہ عمل ایک ہی بیٹھک میں بعد نماز عشاء کرنا ہوگا' گیارہ سو مرتبہ

**یَا بَدِیْعَ الْعَجَآئِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ**

اول و آخر سات سات مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

## ۱۴: سانپوں اور تکلیف دینے والے جانوروں سے حفاظت کے لیے

حضرت علامہ دمیری رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ افریقہ کے گورنر حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ کے پاس یہ شکایت آئی کہ سانپوں اور بچھوؤں وغیرہ سے پریشانی ہے تو حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ نے جواب لکھ کر روانہ فرمایا کہ تم لوگ صبح و شام یہ پڑھ لیا کرو۔



Marfat.com

مَالَنَآ اَ لَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللّٰهِ وَ قَدْ هَدٰنَا سُبُلَنَا وَ لَنَصْبِرَنَّ عَلٰى مَا اٰذَيْتُمُوْنَا وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ

## ۱۵: جس عورت کے بچے زندہ نہ رہتے ہوں یا پیدا ہوکر مر جاتے ہوں

ایک کاغذ پر اکسٹھ (۶۱) مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھ کر تعویذ بنا کر کالے رنگ کے دھاگے سے گلے میں ڈال دیں انشاء اللہ بچے کی زندگی مقدر میں ہوگی اور ہر بلا سے امن وحفاظت میں رہے گا اور بچہ کی جانب سے کچھ صدقہ وخیرات بھی کسی مستحق کو دیں۔

## ۱۶: ایک عجیب مگر مستند عمل

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص صبح کے وقت تین مرتبہ **اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ** پھر سورۃ حشر کی آخری تین آیات پڑھے اللہ تعالیٰ ستر ہزار فرشتے اس پر رحمت کی دعا کرنے کے لیے مقرر فرما دیتے ہیں شام تک اور اگر اسی شام کو پڑھے تو صبح تک ستر ہزار فرشتے اس کے لیے رحمت کی دعا کرنے کے لیے مقرر فرما دیتے ہیں اور اگر وہ اس دن مر گیا تو شہادت کا درجہ حاصل ہوگا۔



Marfat.com

## ۱۷:   مستجاب الدعوات ہونے کے لیے

**وظیفہ:** اس دعا کو روزانہ ستائیس مرتبہ پڑھنے والا مسلمان مستجاب الدعوات یعنی ان لوگوں میں سے ہوجاتا ہے جن کی دعائیں اللہ تعالیٰ فوراً قبول فرمالیتے ہیں۔ بشرطیکہ حلال رزق استعمال کرتا ہو دعا یہ ہے۔

رَبَّنَا اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابَ.

اس دعا کو ستائیس مرتبہ روزانہ چوبیس گھنٹہ میں کسی وقت بھی پڑھ لینا چاہیے۔

## ۱۸:   زیارت اقدس ﷺ سے مشرف ہونے کے لیے

اگر کوئی طالب صادق اور عاشق صادق اس درود شریف کو سوتے وقت باوضو دوسومرتبہ پڑھنے کا اپنا عمل بنالے تو انشاء اللہ بہت جلد زیارت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے فیض یاب ہوگا۔ درود شریف۔

اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ بِرُؤْیَۃِ حَبِیْبِکَ مُحَمَّدٍ بَشِیْرًا وَّ نَذِیْرًا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ.

## ۱۹۔   سر درد کے لیے بہترین عمل

**فضیلت:** اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ العزیز درد سر بالکل ٹھیک ہو جائے گا۔



Marfat.com

**وظیفہ:** مریض کا سر پکڑ کر اول و آخر تین تین مرتبہ درود ابراہیمی اور درمیان میں:

وَ بِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَ بِالْحَقِّ نَزَلَ وَ مَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلاَّ مُبَشِّرًاوَّ نَذِيرًا.

آیت مبارکہ پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ شفا ملے گی۔

## ۲۰: سر درد کا مستند علاج

حدیث میں ہے کہ جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ارشاد فرمایا کہ اے علی رضی اللہ عنہ جب تمہارے سر میں درد ہو تو سر پر یعنی درد کی جگہ پر اپنا ہاتھ رکھو اور سورۃ حشر کی اخیر کی تین آیات پڑھو اس روایت کو دیلمی نے روایت کیا ہے۔

## ۲۱: درد کے ختم کرنے کا مستند علاج

مسلم شریف میں ہے کہ حضرت عثمان ابن ابی العاص رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اپنے درد کی شکایت کی کہ جب سے میں مسلمان ہوا ہوں اور اسلام قبول کیا ہے میرے بدن میں درد رہتا ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بدن میں جہاں درد معلوم ہوتا ہو وہاں پر اپنا ہاتھ رکھو اور یہ پڑھو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم تین بار پھر سات مرتبہ یہ پڑھو۔

اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَ قُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّمَا اَجِدُ وَ اُحَاذِرُ



Marfat.com

## ۲۲: درد و بیماری کے دفع کا مستند علاج

بخاری شریف اور مسلم شریف کی حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے گھر والوں میں سے جب کسی پر دم کرتے تو داہنا ہاتھ اس پر پھیرتے اور یہ دعا پڑھتے۔

اَللّٰهُمَّ رَبَّ النَّاسِ اَذْهِبِ الْبَاسَ وَاشْفِ اَنْتَ الشَّافِيْ لَا شِفَـآءُ لَكَ شِفَآءً لَّا يُغَادِرُ سَقْمًا.

## ۲۳: جس شخص کو بخار سردی لگ کر آتا ہو اس کا علاج

**وظیفہ:** اس بخار کی شکایت میں گیارہ مرتبہ

قُلْنَا يَا نَارُ كُوْنِيْ بَرْدًاوَّ سَلَامًا عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ

پڑھ کر دم کر دیں اور سات مرتبہ

بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖهَا وَ مُرْسٰهَا اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌرَّحِيْمٌ

پڑھ کر دم کریں انشاء اللہ بہت جلد فائدہ ہوگا۔

## ۲۴: ولادت میں آسانی کے لیے آزمودہ عمل

اِذَاالسَّمَآءُ انْشَقَّتْ ○ وَ اَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَ حُقَّتْ○ وَ اِذَا لْاَرْضُ مُدَّتْ○ وَاَلْقَتْ مَافِيْهَا وَ



Marfat.com

تَخَلَّتْ O وَ اَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَ حُقَّتْ O اَهْيَا وَشْرَاهِيَا.

لکھ کر بچہ کی ولادت کی حالت سے قبل تعویذ بنا کر الٹی ران میں بندھوا دیں الحمدللہ بڑی سہولت سے بچہ کی ولادت ہو جاتی ہے مگر یہ بات یاد رکھیں کہ بچہ کی ولادت کے بعد اس تعویذ کو فوراً کھول دینا چاہیے ورنہ بندھے رہنے سے نقصان بھی اٹھا سکتے ہیں۔

## ۲۵: لقوہ کا آزمودہ علاج

گائے کے دودھ میں دارچینی (دال چینی) ڈال کر دو تین ابال دیں پھر اس دودھ پر سورہ یٰسین پڑھ کر دم کر کے رکھ دیں اور سات لونگیں پیس کر ایک ٹیکہ بنا کر اس دودھ سے کھا لیں نہار منہ اور اس دودھ کو شہد سے میٹھا کریں گے اور یہ عمل سات دن مسلسل کرتے رہیں انشاء اللہ مفید پائیں گے۔

## ۲۶: محبت کے واسطے عمل

بارش کے پانی پر ۳۱۳ (تین سو تیرہ) مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر دم کر دیں اور جس کی محبت مطلوب ہے اس کو پلائیں انشاء اللہ مقصد بر آئے گا۔ مگر برے مقاصد کے لیے ہرگز استعمال نہ کریں ورنہ خود ذمہ دار ہوں گے۔

## ۲۷: استخارہ کا ایک اور آسان طریقہ

اگر کسی شخص کو کسی کام کا اچھا یا برا نتیجہ معلوم کرنا ہو تو جمعہ کی رات میں سونے



Marfat.com

سے پہلے دو رکعت نماز استخارہ مکمل پڑھ کر ایک سجدہ کرے اور اس سجدہ میں ۳۱۳ مرتبہ **یَا عَلِیْمُ یَا خَبِیْرُ** پڑھ کر باوضو سو جائے انشاء اللہ العلیم اسی رات میں پوری معلومات ہو جائے گی۔

## ۲۸: نافرمان اولاد کو فرمانبردار بنانے کا عمل

**فضیلت:** اولاد اگر نافرمان و سرکش ہو تو کسی میٹھی چیز پر یہ آیت گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کر کے کھلائیں انشاء اللہ اولاد فرمانبردار ہو جائے گی۔

**قُلْ اِنْ کُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْکُمُ اللّٰهُ**
**وَ یَغْفِرْ لَکُمْ ذُنُوْبَکُمْ وَ اللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ**

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ الم نشرح پوری سورۃ لکھیں اس کے بعد نیچے یہ کلمات لکھیں:

**اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ مِنْ غَضَبِهٖ وَ عَقَابِهٖ**
**شَرِّ عِبَادِهٖ وَ مِنْ هَمَزَاتِ الشَّیَاطِیْنِ وَاَنْ**
**یَّحْضُرُوْنَ. اللّٰهُ شَافِیْ اللّٰهُ کَافِیْ بِرَحْمَتِكَ یَا**
**اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ.**

## ۲۹: نافرمان اولاد کے لیے ایک اور نادر عمل

**وظیفہ:** آیت مبارکہ:



Marfat.com

رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَ ذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا.

**فضیلت:** اس آیت مبارکہ کو لکھ کر تین مرتبہ لکھیں اور تعویذ بنا کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈال دیں انشاء اللہ تعالیٰ مقصد بر آئے گا۔

## ۳۰: گمشدہ چیز کے لیے تعویذ

**فضیلت:** اگر کسی شخص کی کوئی چیز گم ہوگئی ہو یا کوئی شخص بھاگ گیا ہو تو اس کے لیے اس آیت مبارکہ کو لکھ کر اس شخص یا چیز کا نام لکھ کر تعویذ بنا کر درخت پر لٹکائیں انشاء اللہ گم ہوئی چیز واپس مل جائے گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ رَبَّنَآ اِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ ط اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ اَجْمِعْ بَيْنِىْ وَ بَيْنَ فُلَان ..... بن فلاں.

## ۳۱: فوری طور پر غیبی مدد کے لیے

چار رکعت نماز نفل ادا کریں اور آسمان کی طرف ہاتھ اٹھا کر یہ دعا مانگیں یہ دعا ایک قسم کا ہتھیار ہے جو بروقت کام کرتا ہے فوائد لکھنے کی گنجائش نہیں ورنہ بے شمار فوائد ہیں۔ دعا مبارکہ یہ ہے:



Marfat.com

يَا وَدُوْدُ يَا وَدُوْدُ يَا ذَالْعَرْشِ الْمَجِيْدُ يَا مُبْدِئُ يَا مُعِيْدُ يَا فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ اَسْئَلُكَ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الَّذِىْ مَلَا اَرْكَانَ عَرْشِكَ وَ اَسْئَلُكَ بِقُدْرَتِكَ بِهَا عَلٰى خَلْقِكَ رَحْمَتِكَ الَّذِىْ وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ يَا مُغِيْثُ اَغِثْنِىْ يَا مُغِيْثُ اَغِثْنِىْ يَا مُغِيْثُ اَغِثْنِىْ O

لوگوں کو چاہیے کہ اس ہتھیار کو بروقت اپنے پاس رکھیں بہت قیمتی ہتھیار ہے۔

## ۳۲: دشمنوں کے مکر وفریب سے بچنے کے لیے مجرب ومفید عمل

اگر کسی کا جانی یا مالی دشمن اس کے پیچھے بغیر کسی جرم وگناہ لگ گیا ہوتو چاہیے کہ خاص دوپہر زوالِ آفتاب کے وقت قبرستان میں جا کر قبلہ رو ہو کر اور دو قبروں کے درمیان بیٹھ کر اکتالیس مرتبہ سورۃ قریش پڑھے انشاء اللہ دشمنوں کے سارے شکنجے ڈھیلے پڑ جائیں گے اس عمل کو اکیس یا چالیس دن مسلسل کرے۔

## ۳۳: اولاد سے مایوسی کی حالت میں پرتاثیر وظیفہ

**وظیفہ:** اگر کسی کو اولاد سے مایوسی ہوگئی ہوتو چاہیے کہ روزانہ فجر کی نماز کے بعد یا عشاء کی نماز کے بعد سورۃ مریم مکمل پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مایوسی نہ رہے گی۔



Marfat.com

## ۳۴: حصولِ اولاد کے لیے

اگر میاں بیوی تندرست ہوں اور ان کے اولاد سے مایوس ہو تو جس دن عورت حیض سے پاک ہو اس دن تین انڈے دیسی مرغی کے ابالیں بعدہ ان کو چھیل لیں اور ایک انڈے پر لکھیں:

**وَالسَّمَآءَ بَنَيْنٰهَا بِاَيْدٍوَّ اِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ ط**

اس انڈے کو شوہر کھالے دوسرے انڈے پر لکھیں:

**وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمَاهِدُوْنَ**

اس کو بیوی کھائے تیسرے انڈے پر لکھیں:

**وَ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ**

اسے آدھا آدھا کاٹ کر دونوں کھالیں اور قربت اختیار کریں انشاء اللہ اولاد سے محرومی نہ رہے گی یہ عمل مستند ہے۔

## ۳۵: لڑکا پیدا ہوگا ان شآء اللہ

**فضیلت:** جس عورت کے ہاں لڑکیاں ہی پیدا ہوتی ہیں لڑکے پیدا نہیں ہوتے تو ایسی صورت میں چاہیے کہ ان کلمات کو زعفران سے لکھ کر ابتداء حمل کی حالت میں اکیس دن عورت کو پلائیں انشاء اللہ بیٹا پیدا ہوگا اور اس کا پہلا نام محمد رکھیں انشاء اللہ بابرکت بھی ہوگا کلمات یہ ہیں:

**بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا مِنْ وَّاللّٰهُ**



Marfat.com

مِنْ وَّ رَآئِهِمْ مُّحِيطٌ حَيْثُ يَلُوْنَ بِالْحَقِّ د ه فا ه

ح ص د

## ۳۶: نظر بد کا علاج

وظیفہ: سورۃ الفاتحہ یعنی الحمد شریف اور چاروں قل سات سات مرتبہ پڑھ کر دم کر دیں اور دم کر کے ہی پانی پلا دیں انشاء اللہ اسی لمحہ تندرستی حاصل ہو جائے گی۔

## ۳۷: نظر بد لگ جائے تو یہ عمل کرے

فضیلت: حدیث شریف میں ہے کہ جس شخص کو نظر لگ جائے تو حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے اس ارشاد سے جھاڑے یعنی یہ کلمات پڑھ کر نظر لگے ہوئے شخص پر دم کرے

وظیفہ: بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اَذْهَبْ حَرَّهَا وَ بَرْدَهَا وَ وَصَبَهَا

پھر اس نظر لگے ہوئے شخص سے کہے اٹھ جا کھڑا ہو۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے اس روایت کو ابن ماجہ نسائی وغیرہ نے بیان کیا ہے۔

## ۳۸: دماغ کی کمزوری کا علاج

وظیفہ: یہ عمل بہت آزمودہ ہے جس شخص کو بھولنے کا مرض ہو یا سبق یاد نہیں رہتا ہو تو اس کو چاہیے کہ سوتے وقت رات کو یا فجر کی نماز کے بعد سورۃ الم نشرح سات مرتبہ اور



Marfat.com

اول آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیا کریں پابندی کے ساتھ انشاء اللہ دماغی کمزوری دور ہو جائے گی۔

## ۳۹: مردانگی کے ضعف کا علاج

جس شخص کو قوت مردانگی کی کمی ہو تو اس کو چاہیے کہ جب بھی غسل کرے اور جب بھی ہمبستری سے فارغ ہو تو کسی میٹھی چیز پر سات مرتبہ مندرجہ ذیل آیت پڑھ کر دم کر کے ہمیشہ کھا لیا کرے۔ انشاء اللہ یہ شکایت ختم ہو جائے گی۔

زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوٰتِ مِنَ النِّسَآءِ وَالْبَنِيْنَ وَالْقَنَاطِيْرِ الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ وَالْاَنْعَامِ وَالْحَرْثِ ط ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الْمَاٰبِ. (آل عمران آیت نمبر ۱۴)

## ۴۰: اگر کسی مسلمان بھائی یا بہن کا پیشاب بند ہو جائے

جس مسلمان کا خواہ مرد ہو یا عورت اگر پیشاب بند ہو جائے تو اس کو چاہیے کہ کثرت سے یہ درود شریف پڑھے یہ درود شریف خواب میں بشارت شدہ درود شریف ہے اور مجرب اور آزمودہ ہے انشاء اللہ تعالیٰ پیشاب کی بندش کا مرض جڑ سے ہی ختم ہو جائے گا وہ درود شریف یہ ہے:



Marfat.com

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى رُوْحِ سَيِدِنَا مُحَمَّدٍ فِيْ الْاَرْوَاحِ وَصَلِّ عَلٰى قَلْبِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِي الْقُبُوْرِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

نوٹ: اس درود شریف کی ایک تاثیر یہ ہے کہ یا تو اس کی برکت سے مرض ہی ختم ہو جائے گا ورنہ خواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہو کر علاج و دوا کا علم ہو جائے گا۔

## ۴۱: جادو کی وجہ سے اولاد سے محرومی

اگر زوجین کو اولاد سے محرومی ہو تو ایک کاغذ پر قرآن کریم کی اس آیت کو لکھ کر تعویذ بنا کر دونوں یعنی میاں بیوی کے گلے میں ڈالا جائے انشاء اللہ فائدہ ہو گا۔

آیت یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَ فَتَحْنَا اَبْوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ وَّ فَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُيُوْنًا فَالْتَقَى الْمَآءُ عَلٰٓى اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ۝ وَحَمَلْنٰهُ عَلٰى ذَاتِ اَلْوَاحٍ وَّ دُسُرٍ۝ تَجْرِيْ بِاَعْيُنِنَا جَزَآءً لِّمَنْ كَانَ كُفِرَ۝ (سورۃ القمر: ۱۱-۱۴)



Marfat.com

## ۴۲: حافظہ کی کمزوری کا علاج

**وظیفہ:** ایسا شخص جس کا حافظہ کمزور ہو اس کو چاہیے کہ ہر فرض نماز کے بعد گیارہ مرتبہ یا قوی سر پر سیدھا ہاتھ رکھ کر پڑھا کرے مستقل طور پر بے انتہا مفید عمل ہے مجرب اور آزمودہ ہے۔

## ۴۳: آنکھوں کی روشنی کے لیے علاج

جس شخص کی آنکھوں کی روشنی میں فرق آ گیا ہو اس کو چاہیے کہ ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ **یَا نُوْرُ** پڑھ کر ہاتھوں کے پوروں پر دم کر کے آنکھوں پر پھیر لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ آنکھوں کی روشنی گئی ہوئی واپس آ جائے گی اور جاتے رہنے سے محفوظ رہے گی۔

## ۴۴: مرض نسیان کا شافی علاج (بھول جانا)

اگر کسی شخص کو بھولنے کا مرض لاحق ہو تو اس کے لیے چاہیے کہ سورت فاتحہ بسم اللہ کے ساتھ زعفران سے لکھ کر صبح نہار منہ پی لیا کرے انشاء اللہ العزیز بھولنے کا مرض ختم ہو جائے گا مگر یہ عمل کم از کم ۲۱ دن کرے ورنہ چالیس دن کرے۔

## ۴۵: جس شخص کو بالکل نیند نہ آتی ہو

جو شخص رات بھر نیند نہ آنے کی وجہ سے تارے شمار کرتا ہو اور نیند نہ ہونے کی



Marfat.com

وجہ سے پریشان رہتا ہو تو اس کو چاہیے کہ وضو کر کے لیٹے خواہ سردی ہو یا گرمی یا برسات کا موسم ہو اور لیٹنے کے بعد کثرت سے درود شریف پڑھا کرے بہت جلد نیند آ جائے گی انشاء اللہ العزیز اور لیٹنے سے پہلے اگر روغن راحت استعمال کرے تو بھی نیند بہت جلد آئے گی۔

## ۴۶: پاگل کتے کے کاٹے کا شافی علاج

شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جس کے پاگل کتا کاٹ لیوے جس کی وجہ سے اس کے پاگل ہونے کا خوف ہو تو اس حالت میں اس آیت کریمہ کو روٹی کے ٹکڑے پر لکھ کر اس مریض کو کھلا دے اور چالیس دن کھلائے روزانہ لکھے روزانہ کھلائے آیت مبارکہ یہ ہے:

اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ○ فَمَهِّلِ الْكَافِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا○

## ۴۷: جادو سے شفا کا روحانی و قرآنی علاج

روایت کیا ہے کہ ابن حاتم نے اور ابو الشیخ نے لیث بن ابی سلیم سے وہ فرماتے ہیں کہ مجھے معتبر ذرائع سے یہ بات معلوم ہوئی ہے کہ قرآن کریم کی یہ آیتیں اللہ تعالیٰ کے حکم سے جادو سے شفا ہیں کہ ان آیتوں کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے وہ پانی جادو کیے ہوئے شخص کے سر پر ڈالیں مگر یہ بات یاد رہے کہ یہ پانی بدن پر ہی رہے زمین پر نیچے نہ گرے اور اگر انہیں آیتوں کو لکھ کر اور پانی میں ملا کر یعنی گھول کر جادو



Marfat.com

کیے ہوئے شخص کو پلایا جائے تو بہت جلد شفا حاصل ہوتی ہے وہ مقدس آیات یہ ہیں۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

فَلَمَّا اَلۡقَوۡا قَالَ مُوۡسٰى مَا جِئۡتُمۡ بِهِ السِّحۡرُ
اِنَّ اللّٰهَ سَيُبۡطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصۡلِحُ عَمَلَ
الۡمُفۡسِدِيۡنَ وَ يُحِقُّ الۡحَقَّ وَ بٰطَلَ مَاكَانُوۡ
يَعۡمَلُوۡنَ فَغُلِبُوۡا هُنَالِكَ وَانۡقَلَبُوۡا صَاغِرِيۡنَ وَاُلۡقِىَ
السَّحَرَةُ سَاجِدِيۡنَ قَالُوۡا اٰمَنَّا بِرَبِّ الۡعَالَمِيۡنَ
رَبِّ مُوۡسٰى وَ هَارُوۡنَ اَنَّ مَا صَنَعُوا كَيۡدُ سَاحِرٍ
وَلَا يُفۡلِحُ السَّاحِرُ حَيۡثُ اَتٰى.

## ۴۸: جادو کی وجہ سے کسی عورت کی کوکھ بندھوا دی گئی ہو جس کی وجہ سے اولاد سے محرومی ہو

اگر یہی شکایت مرد کو ہو تب بھی یا عورت کو ہو تب بھی یا دونوں کو ہو تب بھی یعنی جماع ہم بستری پر قادر نہ ہوں تو ایسی صورت میں ایک چاقو لیوے اور اس پر زعفران یا لازرد روشنائی سے یہ الفاظ لکھیں

**بکھم لا لا دم ما ما لا لا لا ہ ہ ہ ھو ھو ھو**



Marfat.com

پھر اس چاقو سے کالی مرغی ورنہ تو لال مرغی کا انڈا ابال کر درمیان میں سے کاٹے آدھا انڈا شوہر آدھا انڈا عورت کھائے اور سات دن اس عمل کو کریں ان شاء اللہ تعالیٰ کوکھ بندی ختم ہو جائے گی اور قدرت حاصل ہو گی باذن اللہ تعالیٰ۔

## ۴۹: آیت الکرسی حفاظت کا بہترین قلعہ

جس مال یا اولاد پر آیت الکرسی پڑھ کر دم کر دیں یا لکھ کر مال میں رکھ دیں یا بچے کے گلے میں ڈال دیں تو شیطان اس مال اور اولاد کے قریب بھی نہیں آئے گا یہ بات مستند اور مدلل ہے۔

## ۵۰: جس انسان کو جنات وشیاطین نے اُلو بنا دیا ہو

**وظیفہ:** جس انسان کو جنات و شیاطین و آسیب نے ستاتے ستاتے الو یعنی بالکل پاگل بنا دیا ہو اس کے بائیں کان میں نیچے دی ہوئی آیت سات مرتبہ اور سات مرتبہ اذان دیں اور سات مرتبہ سورہ فاتحہ چاروں قل آیت الکرسی سورۃ طارق سورۃ حشر کی آخری تین آیتیں اور سورۃ الصافات پوری پڑھیں۔ آیت مبارکہ یہ ہے:

وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَ اَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ

انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل سے فوراً شیطان پیچھا چھوڑ دیتا ہے ورنہ جل کر راکھ ہو جاتا ہے۔



Marfat.com

## ۵۱: حصول روزگار کے لیے

جو شخص روزگار کی تلاش میں کوشش کے باوجود ناکام رہے اسے یہ عمل کرنا چاہیے۔

**وظیفہ:** اس مقصد کے لیے روزانہ بعد نماز عشاء اول و آخر درود شریف اکیس بار درود لکھی گیارہ بار سورۃ الفاتحہ گیارہ بار سورۃ اخلاص گیارہ بار

رَبِّ اِنِّی مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ فَانْتَصِرْ

گیارہ بار **یَا رَزَّاقُ یَا فَتَّاحُ** ایک سو ایک بار پڑھ کر سجدے میں گر کر دعا کرے انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے بہت جلد روزگار مل جائے گا تا حصول روزگار اس عمل کو جاری رکھیں۔

## ۵۲: برائے وسعت رزق

**فضیلت:** رزق میں وسعت کے لیے ذیل کے اسم الٰہی کو چاندی کی انگوٹھی پر باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر شرف آفتاب میں کندہ کروا کر اس انگوٹھی کو اپنی انگشت شہادت میں پہنیں۔ پہننے سے پہلے اس کا ہدیہ اکیاون روپیہ راہ خدا میں خیرات کریں۔ عبارت یہ ہے:

**وظیفہ:** یَا مَنَّانُ ذَالْاِحْسَانِ قَدْ عِلْمُ كُلَّ الْخَلَائِقِ مِنْهُ یَامَنَّانُ.



Marfat.com

## ۵۳: بندش رزق کا علاج

اس مقصد کے لیے ایک کٹورا پانی لے کر باوضو حالت میں اس پر اول و آخر درود تاج گیارہ مرتبہ سورہ الفاتحہ بمعہ بسم اللہ سات مرتبہ آیت الکرسی سات مرتبہ سورۃ جن کی ابتدائی پانچ آیات مبارکہ سات مرتبہ اور

اَللّٰہُ کَافِیْ اَلْکَافِیْ وَ قَصَّدْتُ الْکَافِیْ وَ
جَدَّتُ الْکَافِیْ اَلْکَافِیْ وَ کَفَا فِیْ الْکَافِیْ
وَ نِعْمَ الْکَافِیْ وَلِلّٰہِ الْحَمْد

گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس پانی کو مذکورہ جگہ پر چھڑکیں اور اسی پانی کے تین گھونٹ لے کر

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰہُ کَافِیْ اَللّٰہُ کَافِیْ
اَللّٰہُ بَاقِیْ وَ نِعْمَ الشَّافِیْ

کہہ کر پی لیں انشاء اللہ العزیز گیارہ روز سے اکیس روز کے اندر ہر قسم کے جادوٹونے بندش کاروبار و جملہ تکالیف سے نجات کلیہ مل جائے گی نجات پانے کے بعد خیرات غربا میں تقسیم فرما دیں۔

## ۵۴: بیروزگاروں کے لیے تحفہ

جو کوئی بھی تلاش روزگار کے باوجود روزگار پانے میں ناکام رہے تو اس کے



Marfat.com

لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

**وظیفہ:** اس مقصد کے لیے روزانہ اسم مبارک **یَا کَرِیْمُ** کھلا پڑھتا رہے انشاء اللہ چند یوم کے عمل مسلسل سے اللہ تعالیٰ عزوجل کی جانب سے باعزت روزگار کا بندوبست ہو جائے گا بے حد اکسیر اور مفید ہے۔

## ۵۵: زندگی بھر کسی کا محتاج نہ ہوگا

**فضیلت:** جو کوئی بھی اس بات کی خواہش رکھتا ہو کہ وہ زندگی بھر کسی کا محتاج نہ ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

**وظیفہ:** اس کے لیے اکتالیس یوم تک روزانہ بعد از نماز فجر اسم الٰہی **یَا عَزِیْزُ** کو اکتالیس مرتبہ پڑھ کر اپنے دونوں ہاتوں پر دم کر کے اپنے چہرے پر پھیرے اور اس عمل کو تا زندگی اپنا معمول بنا لے انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی بدولت وہ کبھی بھی زندگی میں کسی کا محتاج نہ ہوگا اور اس کی تمام ضروریات خزانہ غیب سے پورا ہوا کرے گی۔

## ۵۶: مکان سے جن بھگانا

اگر کسی گھر میں جن رہتا ہو اور پریشان کرتا ہو تو سورۃ فاتحہ اور آیت الکرسی اور سورۃ جن کی ابتدائی پانچ آیتیں پڑھ کر پانی پر دم کر کے مکان کے اطراف و جوانب میں چھڑک دینے کے بعد جن مکان میں سے چلا جائے گا اور انشاء اللہ تعالیٰ پھر نہ آئے گا۔ (فیوض قرآنی)



Marfat.com

## ۵۷: حصول مقصد کے لیے انمول تحفہ

حضرت خواجہ نظام الدین اولیا رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی مشکل پیش آ جائے تو سورۃ فاتحہ چالیس مرتبہ اس طرح پڑھو کہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی میم کو الحمد کے لام سے ملاؤ اور الرحمٰن الرحیم کو تین بار پڑھو اور ہر مرتبہ آخر میں تین بار آمین کہو انشاء اللہ تعالیٰ مقصد حاصل ہوگا۔ (فوائد الفوادص ۴۷)

## ۵۸: بیماری اور آفات کو دفع کرنا

**وظیفہ:** سات دنوں تک روزانہ گیارہ مرتبہ صرف اتنا پڑھے

اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ

اول و آخر تین تین بار درود شریف بھی پڑھو۔ بیماریوں اور بلاؤں کو دور کرنے کے لیے بہت ہی مجرب عمل ہے۔ (فیوض قرآنی)

## ۵۹: سات موذی چیزوں سے پناہ

بِسْمِ اللّٰهِ مَاشَآءَ اللّٰهُ لَا یَسُوْقُ الْخَیْرَ اِلَّا اللّٰهُ
مَاشَآءَ اللّٰهُ لَا یَصْرِفُ السُّوْٓءَ اِلَّا اللّٰهُ مَاشَآءَ
اللّٰهُ مَا کَانَ مِنْ نِّعْمَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ مَاشَاءَ اللّٰهُ لَا
حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰه



Marfat.com

وظیفہ: صبح شام تین تین مرتبہ پڑھنے سے درج ذیل سات چیزوں سے پناہ حاصل ہوتی ہے۔ جلنا۔ ڈوبنا۔ چوری۔ سانپ۔ بچھو۔ شیطان۔ ظالم حاکم۔

## ۶۰: سانپ بچھو سے حفاظت

اَعُوْذُ بِکَلِمٰتِ اللّٰہِ التَّآمَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ

تین تین مرتبہ پڑھنے سے سانپ بچھو مذیات وغیرہ سے انشاء اللہ حفاظت ہوتی ہے۔

## ۶۱: ایمان پر خاتمہ

یَاحَیُّ یَا قَیُّوْمُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ

اکتالیس مرتبہ روزانہ پڑھنے والے کا دل ہمیشہ زندہ رہے گا اور خاتمہ ایمان پر ہو گا۔

## ۶۲: جزام و برص اندھے پن سے حفاظت کے لیے

سُبْحٰنَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَ بِحَمْدِہٖ

صبح و شام تین تین مرتبہ پڑھنے والا جنون جزام و برص و نابینائی سے انشاء اللہ تعالیٰ بچا رہے گا۔

## ۶۳: ہر مرض کا علاج بزبان رسالت صلی اللہ علیہ وسلم

حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم



Marfat.com

نے فرمایا جو شخص بارش کا پانی لے کر اس پر آیت الکرسی الحمد شریف اور قل شریف پڑھے گا تو قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے جبریل علیہ السلام نے بتایا کہ جو شخص اس پانی کو سات دن پیئے گا اللہ تعالیٰ اس کو ہر بیماری سے بری کر دے گا۔

## ۶۴: دل کے مریضوں کے لیے انمول تحفہ

**وظیفہ:** دل کے جملہ امراض کے لیے یہ عمل بے حد اکسیر ہے اس سے دل کے بند والو بھی کھل جاتے ہیں انشاء اللہ تعالیٰ دل کے مریض روزانہ کثرت سے

سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ

پڑھتے رہا کریں اسے پانی پر دم کر کے پیتے رہیں انشاء اللہ دل کے امراض سے شفا نصیب ہوگی۔

## ۶۵: پتھری و دردِ گردہ کا علاج

سورہ الم نشرح کے پڑھنے اور پانی پر دم کر کے روزانہ پینے سے پیشاب کے ذریعے پتھری کو ریزہ ریزہ کر کے نکال دیتا ہے۔ نیز سینے پر دم کرنے سے تنگی اور درد قلب کو سکون دیتا ہے۔

## ۶۶: قرض سے نجات

**وظیفہ:** اَللّٰهُمَّ اكْفِنِىْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَ اَغْنِنِىْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ



Marfat.com

اے اللہ حرام سے بچاتے ہوئے اپنے حلال کے ذریعے تو میری کفالت فرما اور اپنے فضل کے ذریعے تو مجھے دوسروں سے بے نیاز کر دے۔

**فضیلت:** حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ اگر تجھ پر پہاڑ کے برابر بھی قرض ہوگا تو اس کے پڑھنے سے جلد ادا ہو جائے گا۔

## ۶۷: حصول مراد کا وظیفہ

**وظیفہ:** بسم اللہ میں انیس حروف ہیں اور عدد اس کے سات سو چھیاسی ہیں جو شخص سات سو چھیاسی مرتبہ سات روز برابر پڑھے تو وہ جو نیت رکھتا ہے انشاء اللہ پوری ہوگی جو شخص اسے سوتے وقت اکیس مرتبہ پڑھے وہ تمام بلاؤں سے محفوظ رہے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

## ۶۸: بچھو کے کاٹے پر حضورؐ کا عمل

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو بہ حالت نماز ایک مرتبہ بچھو نے ڈس لیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز سے فارغ ہو کر ارشاد فرمایا بچھو پر اللہ کی لعنت ہو نہ نماز پڑھنے والے کو چھوڑتا ہے نہ کسی دوسرے کو۔

**وظیفہ:** اس کے بعد پانی اور نمک منگایا اور پانی میں نمک گھول کر ڈسنے کی جگہ پر پھیرتے رہے اور سورۃ الکافرون سورۃ فلق اور سورہ الناس پڑھتے رہے۔ (حصن عن الطبرانی فی الصغیر)



Marfat.com

## ۶۹: سرکارِ اعظم ﷺ کی زیارت کے لیے آزمودہ عمل

**وظیفہ:** حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کا شرف حاصل کرنے کے لیے روزانہ صبح فجر کی نماز کے بعد اور رات کو سوتے وقت سورہ مزمل پڑھنے سے خواب میں حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کا شرف حاصل ہوتا ہے۔

**نوٹ:** جو شخص سورۃ مزمل کا ہمیشہ ورد رکھے گا وہ خواب میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت مبارک سے انشاء اللہ ضرور مشرف ہوگا۔

**وظیفہ:** شب جمعہ میں سورۃ الکوثر اور ایک ہزار مرتبہ درود شریف پڑھا کرے تو انشاء اللہ خواب میں حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے ضرور مشرف ہوگا۔

## ۷۰: حضور ﷺ کی شفاعت کے لیے خاص عمل

سورۃ توبہ کی آخری دو آیات

**لَقَدْ جَآءَ كُمْ رَسُوْلٌ ۔ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ** تک

پارہ نمبر گیارہ۔ سورۃ توبہ آخری آیات۔

**وظیفہ:** جو کوئی ان آیتوں کو ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ پڑھا کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ روزِ حشر میں جنابِ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم اس کی شفاعت فرمائیں گے۔

## ۷۱: امراء وزراء اور سرداروں کا تقرب حاصل کرنا

اور جو شخص امراء و وزرا اور سرداروں کا تقرب چاہے وہ اسی طرح **حَسْبُنَا**



Marfat.com

اللّٰہُ وَ نِعْمَ الْوَکِیْلُ کے پڑھنے پر مداومت کرے دو دو یا تین تین دفعہ دن کو اور رات کو بلکہ اگر رات ہی کو کرے تو اور بھی اچھا ہے مطلب براری جلد ہو گی اور بہت عرصہ نہ گزرے گا کہ اپنے مقصود پر پہنچ جائے گا۔

## ۷۲: دشمن کا ڈر ختم کرنا

فَاللّٰہُ خَیْرٌ حَافِظًا وَّ ھُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ

جس شخص کو دشمن سے خوف ہو یا کسی اور طرح کی بلا و مصیبت کا خوف ہو وہ اس آیت کو کثرت سے پڑھا کرے ان شاء اللہ خوف دور ہو جائے گا۔

## ۷۳: غیب سے رزق پانا

جو شخص سوتے وقت ہر رات آیت حَسْبُنَا اللّٰہُ وَ نِعْمَ الْوَکِیْلُ ایک ہزار نو سو دفعہ پڑھے اس پر انیس روز نہ گزرنے پائیں گے کہ نفقہ وہاں سے ملے گا جہاں سے گمان بھی نہ ہو گا۔

## ۷۴: دردِ سر کا علاج

**وظیفہ:** اگر کسی کے سر میں درد ہو رہا ہو تو اسے چاہیے کہ سورۃ العصر تین مرتبہ پڑھ کر ہاتھوں پر دم کرے اور پھر ہاتھ پورے سر پر پھیر دے انشاء اللہ فائدہ ہو گا۔

ایک سادے کاغذ پر سورۃ کوثر سات مرتبہ لکھ کر صاف پانی میں اس کاغذ کو دھو لیا جائے اور بعد میں اس پانی پر اول آخر درود شریف کے بعد درمیان میں سورۃ العصر تین مرتبہ پڑھ لی جائے پھر یہ پانی پیا جائے تو دردِ سر ختم ہو جائے گا۔



Marfat.com

## ۷۵: برے خوابوں سے حفاظت

**وظیفہ:** جو شخص رات کو ڈرتا ہو یا برے خواب دیکھتا ہو وہ سوتے وقت درود شریف کے بعد بسم اللہ شریف اور آیۃ الکرسی تین بار پڑھ کر سینہ پر دم کرے ان شاء اللہ کچھ خوف نہ کھائے گا اور اگر بچہ ڈرتا ہو یا امی ہو تو کوئی دوسرا شخص ان پر دم کر دے انشاء اللہ نہ ڈریں گے اور جہاں جن و شیاطین سے ڈرنے کا خوف ہو وہاں اسے پڑھتے رہیں انشاء اللہ ان کے شر سے محفوظ رہیں گے اس کے پڑھنے والے کو خدا کے علاوہ کبھی بھی کسی چیز سے ڈر نہیں لگے گا اور وہ نڈر ہو جائے گا۔

## ۷۶: درد شقیقہ کا علاج

**وظیفہ:** سورۃ التکاثر بعد نماز عصر پڑھ کر درد سر اور شقیقہ پر دم کرنے سے سر درد اور درد شقیقہ ختم ہو جاتا ہے۔

## ۷۷: شیطان کے شر سے حفاظت

آیت الکرسی کو جو شخص ہر نماز کے بعد ایک بار پڑھ لے انشاء اللہ تعالیٰ اس کے پاس شیطان نہ آئے گا کیونکہ اس نے اقرار کیا ہے کہ جو شخص آیۃ الکرسی پڑھتا ہے میں اس کے پاس نہیں جاتا۔

## ۷۸: آسیب کا اثر ختم کرنا

**وظیفہ:** جس شخص پر آسیب آتا ہو اس پر ایک مرتبہ سورۃ جن پڑھ کر دم کرے یا لکھ کر



Marfat.com

بازو پر باندھے تو انشاء اللہ تعالیٰ آسیب سے نجات حاصل ہو اور پھر کبھی بھی آسیب پر اثر انداز نہ ہو۔

## ۷۹: اچھا سودا حاصل کرنا

**وظیفہ:** قَالُوْا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا هِيَ سے لَمُهْتَدُوْنَ

تک پارہ نمبرا۔ آیت نمبر ۷۰ سورۃ البقرۃ

**فضیلت:** جو شخص جانور یا لباس یا میوہ یا کوئی اور چیز خریدنا چاہے اور اس کو منظور ہو کہ اچھی چیز ملے تو ان چیزوں کو دیکھنے بھالنے کے وقت ان آیتوں کو پڑھتا رہے انشاء اللہ مرضی کے موافق چیز ملے گی اور اچھی بہترین چیز ملے گی۔

## ۸۰: بچھو کے زہر کا علاج

**وظیفہ:** سورۃ الناس ۲۱ اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کرے اگر کچھ اثر باقی رہے دوبارہ دم کرے پھر کسر رہ جائے تو سہ بارہ پڑھ کر دم کرے بفضل خدا تعالیٰ آرام ہو گا۔ انشاء اللہ۔

## ۸۱: نکاح مرضی کے مطابق ہو

اگر کسی نے کہیں نکاح کا پیغام بھیجا ہو اور وہ چاہتا ہو کہ دوسری طرف سے اس کا پیغام منظور ہو جائے تو اسے چاہیے کہ کاغذ پر مندرجہ بالا آیت لکھ کر جس شخص کے ہاتھ پیغام بھیجے اس کے بازو پر باندھ دے انشاء اللہ نکاح کا پیغام منظور ہو جائے گا۔



Marfat.com

## ۸۲: دشمن سے حفاظت

وظیفہ: لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ وَ هُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ وَ هُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ.

پڑھ کر اپنے ہاتھ پر دم کر کے پورے بدن پر پھیر لے تو دشمن سے محفوظ رہے گا دشمن کا ہجوم سے بھی گزر جائے تو وہ اسے نہیں دیکھ سکیں گے۔

## ۸۳: کام میں دل لگنے کا علاج

آیت مبارکہ:

قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِاللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيْمِ

پارہ ۳۰

اس آیت مبارکہ کو کاغذ پر لکھ کر کسی بیکار اور فارغ آدمی کے بازو پر باندھ دیا جائے تو اس کے دل میں کام کرنے کی خواہش پیدا ہوگی اور وہ دل لگا کر کام کرے گا اور نہ ہی پھر کبھی اس کی دل کام کی طرف سے اکتائے گا۔

## ۸۴: تسخیر حاکم کے لیے

سورۃ توبہ کی آخری آیت کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ اس کو لکھ کر ٹوپی میں باندھ لیا جائے تو جس حاکم کے روبرو جس کام کے لیے جائے گا وہ اس کی حاجت



Marfat.com

پوری کرے گا۔

آیت مبارکہ:

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ وَ هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ (پارہ گیارہ سورۃ توبہ۔ آخری آیت)

## ۸۵: درد و زخم چشم

**وظیفہ:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نے فرمایا کہ جس شخص کو آنکھ کا درد ہو وہ سورۃ ھمزۃ پڑھ کر آنکھ پر دم کرے انشاء اللہ آرام ہو ہوگا۔ (سورۃ ہمزہ پارہ نمبر ۳۰)

## ۸۶: موتیا بند کا علاج

**وظیفہ:** سورۃ یسین پڑھ کر سرمہ پر دم کر کے آنکھوں پر لگایا جائے انشاء اللہ تعالیٰ موتیا بند جاتا رہے گا۔

## ۸۷: مکان دکان اور باغ میں برکت کے لیے

باغات و مکانات و املاک و دکانات کی آبادی اور تجارت کی ترقی کے لیے آیت الکرسی کو زیتون کے چار پتوں پر لکھ کر مکان یا دکان یا باغ کے چاروں گوشوں میں دفن کر دیا جائے تو بے پناہ ترقی حاصل ہوگی اور باغات میں بہت زیادہ پھل لگیں گے اور دکانات اور مکانات میں بھرپور اضافہ ہوگا۔



Marfat.com

## ۸۸:  ہکلاہٹ کا علاج

سورۃ الحجر پارہ نمبر ۱۴ کی آیت نمبر ۱۹ اور آیت نمبر ۲۰ والارض مددنہا سے برازقین تک اس آیہ مبارکہ کو اگر زعفران سے لکھ کر پانی سے دھو کر اس بچے کو پلا دیا جائے جس کی زبان میں لکنت ہو تو انشاء اللہ وہ رواں طریقے سے بولنے لگے گا۔

## ۸۹:  کھیتی میں ترقی کا عمل

**وظیفہ:** مندرجہ بالا آیات جن کا اوپر ذکر کیا گیا ہے اگر کوئی شخص برکت اور وسعت اور باغ اور کھیت کی شادابی چاہے اس آیت کو لکڑی کے تختے پر لکھ کر اپنی دکان میں میخ سے گاڑ دے اور باغ یا کھیت میں دفن کر دے انشاء اللہ ترقی ہو گی۔

## ۹۰:  استقرار حمل کا علاج

آیات مبارکہ سورۃ مریم آیت نمبر ۵ تا آیت نمبر ۱۵ پارہ نمبر ۱۶ **وَ اِنِّی خِفْتُ الْمَوَالِیَ** سے **یَوْمَ یُبْعَثُ حَیًّا**۔

**طریقہ:** جس عورت کو حمل نہ رہتا ہو تو چاہیے کہ میاں بیوی جمعہ کے روز روزہ رکھیں اور شکر اور بادام اور روٹی سے روزہ افطار کریں اور پانی بالکل نہ پئیں اور یہ آیتیں شیشہ کے جام پر شہد سے جس کو آگ نہ پہنچی ہو لکھ کر آب شیریں پاک سے دھو کر سفید نخود دو سو چوبیس دانہ لے کر اور ہر دانہ پر یہ آیتیں پڑھ کر اس پانی کو ہنڈیا میں ڈال کر نخود اس میں ڈال دیں اور خوب تیز آنچ کر دیں پھر عشاء کی نماز پڑھ کر



Marfat.com

سورہ مریم پڑھیں جب نخود خوب پک جائیں پانی سے نکال لیں اور اس میں تھوڑا آب انگور اضافہ کر کے آدھا آدھا دونوں میاں بیوی پئیں اور تھوڑی دیر سو رہیں پھر اٹھ کر مباشرت کریں۔ ان شاء اللہ اسی روز حمل ٹھہر جائے گا اور اگر تین شب غذا کھانے سے پہلے اسی طرح کریں تو اولاد بہت اچھی ہوگی۔ پیدا ہونے والا بچہ صحت مند اور ہر آفت و بلا سے محفوظ رہے گا۔

## ۹۱: مقبول خلائق ہونے کا عمل

سورۃ طٰہٰ کی آیت نمبر ۱ سے لے کر آیت نمبر ۸ تک پارہ نمبر ۱۴ سنگ مرمر یا چینی یا بلور کے برتن میں مشک و کافور و گلاب سے لکھ کر روغن بان سے دھو کر تھوڑا عنبر و کافور میں اضافہ کر کے خوشبودار بنالیں پیشانی اور ابروؤں پر مل کر جس کے سامنے ہوگا وہ اس کی عزت و آبرو کرے گا ان شاء اللہ تعالیٰ۔

## ۹۲: بخار و کمر درد کا علاج

سورۃ انبیاء کی آیت نمبر ۱۰۱ تا آیت نمبر ۱۰۳ پارہ نمبر ۱۷

**اِنَّ الَّذِیْنَ سَبَقَتْ لَهُمْ سے تُوْعَدُوْنَ تک**

بخار اور کمر درد اور تمام امراض اور دردوں کے لیے پاک برتن میں سیاہی سے لکھ کر آب چاہ سے جس پر دھوپ نہ آتی ہو دھو کر تین گھونٹ مریض کو پلائیں اور درد کی شدت کے وقت بقیہ اس کی کمر پر چھڑک دیں تین دن اسی طرح کریں یا روغن بابونہ سے دھو کر درد کمر اور زانو پر مالش کریں انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہوگی۔



Marfat.com

## ۹۳: قدر و منزلت پانے کا عمل

آیت مبارکہ:

رَبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّ اَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطَانًا نَّصِيْرًا

سفر پر جانے کے وقت یا سفر سے آنے کے وقت اس کو پڑھ لیا جائے تو انشاء اللہ عزت قدر و منزلت حاصل ہو گی۔

## ۹۴: برے خوابوں سے نجات

وظیفہ: لَهُمُ الْبُشْرٰى فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَ فِى الْاٰخِرَةِ لَا تَبْدِيْلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ذَالِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ○

**فضیلت:** جس شخص کو بدخواہی ہوتی ہو اور پریشان خواب دیکھتا ہو وہ اس کو لکھ کر گلے میں ڈالے یا سوتے وقت پڑھ لیا کرے انشاء اللہ خواب بد سے محفوظ رہے گا اور اس کو کبھی بھی ڈراؤنا یا برا خواب نہیں آئے گا۔

## ۹۵: زچگی میں آسانی کے لیے

جو عورت درد زہ میں مبتلا ہو اس کے شکم اور کمر پر اس کو پڑھ کر دم کرے یا لکھ کر باندھ دے تو ولادت بآسانی ہو گی انشاء اللہ۔ آیت مبارکہ:



Marfat.com

اَوَلَمْ يَرَالَّذِيْنَ .... اَفَلَا يُؤْمِنُوْنَ (آیت ۳۰ سورہ الانبیاء پارہ ۱۷)

## ۹۶: شفائے امراض کے لیے

اگر کسی شخص کو کوئی بیماری لگ جائے اور وہ اس سے چھٹکارہ نہ پاتا ہو تو اسے چاہیے کہ روزانہ بلاناغہ فجر کی نماز کے بعد سات مرتبہ یہ آیت پڑھ کر پانی پر دم کر کے رکھ دے اور عشاء کی نماز پڑھنے کے بعد ان آیات کو تین مرتبہ اسی پانی پر دم کر کے پڑھ کر دم کرے اور سونے سے پہلے پی لے ان شاء اللہ تعالیٰ بیماری دور ہو گی۔

لَقَدْ جَاءَ كُمْ رَسُوْلٌ سے هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ

آیت مبارکہ پارہ گیارہ سورۃ توبہ آخری دو آیات

## ۹۷: عمل نجات ہمزاد

وظیفہ: مِنهَا خَلَقْنٰكُمْ وَ فِيْهَا نُعِيْدُ كُمْ وَ مِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى.

اگر کوئی شخص فوت ہو جائے تو اس کو دفنانے کے وقت میت کے پاس کھڑے ہو کر تین بار اس آیت کو پڑھ کر مٹی قبر پر پھینکے تو اس کا ہمزاد شیطان بھی اس کے ساتھ دفن ہو جائے گا۔



Marfat.com

## ۹۸:  ہر قسم کے درد کا علاج

وظیفہ: آیت مبارکہ: وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَ بِالْحَقِّ نَزَلَ وَ مَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّ نَذِيرًا.

ہر مرض اور ہر قسم کے درد کے واسطے مقام درد پر ہاتھ رکھ کر ان آیتوں کو پڑھ کر تین مرتبہ دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد صحت یاب ہوگا۔

## ۹۹:  درندوں سے حفاظت میں رہے

وظیفہ: كَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ

اگر راستہ میں کوئی شیر یا کتا حملہ کر دے اور شور مچائے تو فوراً اس آیت کریمہ کو پڑھ لے تو شیر یا کتا چپ ہو کر واپس چلا جائے گا اور انشاء اللہ حملہ نہ کرے گا۔

## ۱۰۰۔ سمندری و دریائی سفر میں حفاظت

بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖهَا وَ مُرْسٰهَا اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ

جب کشتی یا دوسری سواری پر سوار ہونے لگے تو اس آیت کریمہ کو پڑھ لے تو انشاء اللہ تعالیٰ راستے میں آفتوں سے محفوظ رہے گا اور بھرپور طوفان میں بھی کشتی انشاء ڈوبنے سے بچی رہے گی۔

## ۱۰۱:  عذاب قبر سے حفاظت

جو شخص سورۃ ملک کو ہمیشہ پڑھتا رہے گا انشاء اللہ تعالیٰ وہ قبر کے عذاب سے



Marfat.com

محفوظ رہے گا اور قبر اس کے لیے کشادہ کر دی جائے گی اور اسے قبر میں کسی قسم کا عذاب نہ ہوئے۔

## ۱۰۲: عطائے نور

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سورہ کہف پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ قیامت کے روز نور عطا فرمائے گا۔

## ۱۰۳: سلامتی ایمان ونجات

**وظیفہ:** سورۃ العصر کی ہمیشہ تلاوت سلامتی ایمان اور خاتمہ بالخیر کا موجب ہے اور سورۃ شمس پڑھنے والا نجات پائے گا۔

## ۱۰۴: غیب سے رزق پانا

جو شخص سوتے وقت ہر رات اس آیت مبارکہ **حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِيْلُ** ایک ہزار نو سو دفعہ پڑھے اس پر انیس روز نہ گزرنے پائیں گے کہ نفقہ وہاں سے ملے گا جہاں سے گمان بھی نہ ہوگا۔

## ۱۰۵: کفالت چاہنا

جو شخص چاہے کہ اللہ تعالیٰ اس کے تمام کاموں میں وکیل اور کفیل ہو اور تمام مخلوق کے شر سے اس کو بچائے اور انہیں مدد سے اس کی تائید کرے اور بندوں کے دلوں میں اس کی محبت ڈالے اور اپنے فضل وکرم سے اسے امیر بنا دے تو اس کو چاہیے کہ رات دن میں **حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِيْلُ** موافق اس کے اعداد کے یعنی



Marfat.com

چار سو پچاس مرتبہ پڑھا کرے انشاء اللہ تعالیٰ مراد پوری ہوگی۔

## ۱۰۶: استغفار کی برکات

کثرت رزق ہر غم دور کرنے اور ہر حاجت کے لیے

وظیفہ: رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَ اَنْتَ خَیْرُ الرّٰحِمِیْنَ

کثرت کے ساتھ پڑھو ان شاء اللہ تعالیٰ رزق میں فراخی ہوگی اور ہر غم اور مصیبت دور ہو جائے گی۔

## ۱۰۷: زہریلے جانور کے کاٹے کا علاج

وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِیْنَ

اگر کسی کو زہریلا جانور کاٹے تو جہاں پر کاٹا ہو اس کے گرد انگلی گھماتا ہوا ایک سانس میں سات بار پڑھ کر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ صحت ہو جائے گی۔

## ۱۰۸: عمل مختصر ثواب بے شمار

۱: تین مرتبہ سورۃ الفاتحہ پڑھنے کا ثواب دو مرتبہ قرآن پاک پڑھنے کے برابر ہے۔ (رواہ عبداللہ بن عباس تفسیر مظہری ص ۱۵ تا ج ۲)

۲: چار مرتبہ آیت الکرسی پڑھنے کا ثواب ایک قرآن پاک پڑھنے کے برابر ہے۔ (تفسیر مواہب الرحمٰن ص ۱۱ ج ۱)

۳: چار مرتبہ سورۃ القدر پڑھنے کا ثواب ایک مرتبہ قرآن پاک پڑھنے کے برابر



Marfat.com

ہے۔ (مسند احمد حاشیہ ص ۲۸۲۔ ج ۱)

۴: دو مرتبہ سورۃ زلزال پڑھنے کا ثواب ایک قرآن پاک پڑھنے کے برابر ہے۔ (ترمذی شریف ص ۱۷ ج ۲)

۵: دو مرتبہ سورۃ العادیات پڑھنے کا ثواب ایک قرآن پاک پڑھنے کے برابر ہے۔ (تفسیر مواسب الرحمٰن ص ۱۳ ج ۱)

۶: ایک مرتبہ سورۃ التکاثر پڑھنے کا ثواب ہزار آیات پڑھنے کے برابر ہے۔ (بیہقی بحوالہ مشکوٰۃ ص ۱۹۰)

۷: سورۃ الکافرون پڑھنے کا ثواب ایک قرآن پاک پڑھنے کے برابر ہے۔ (ترمذی شریف ص ۱۱۷ ج ۲)

۸: چار مرتبہ سورۃ النصر پڑھنے کا ثواب ایک قرآن پاک پڑھنے کے برابر ہے۔ (ترمذی شریف ص ۱۱۷ ج ۲)

۹: تین مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھنے کا ثواب ایک قرآن پاک پڑھنے کے برابر ہے۔ (بخاری شریف ص ۷۵۰ ج ۲، مسلم شریف ص ۲۷۱ ج ۱)

## ۱۰۹: گناہوں سے معافی کے لیے ورد

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے ایک دن میں سو مرتبہ

**سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ**

کہا اس کے صغیرہ گناہ معاف ہو گئے وہ چاہے سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں۔



Marfat.com

## ۱۱۰:   خفقان اور اختلاج القلب

دل دھڑکتا ہو یا دل گھبراتا ہو یا دل میں درد یا جلن ہو تو یہ تعویذ لکھ کر گلے میں ڈال دیا جائے اور ڈورا اتنا بڑا ہو کہ تعویذ دل کے پاس لٹکا رہے تعویذ یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

یَا اَللّٰہُ یَا رَحۡمٰنُ یَا رَحِیۡمُ دِلۡ مَا رَاکُنۡ مُسۡتَقِیۡمُ بِحَقِّ اِیَّاكَ نَعۡبُدُ وَ اِیَّاكَ نَسۡتَعِیۡنُ وَ بِحَقِّ اَلَا بِذِکۡرِ اللّٰہِ تَطۡمَئِنُّ الۡقُلُوۡبُ بِحَقِّ طٰهٰ وَ یٰسٓ وَ بِحَقِّ نٓ وَ صٓ وَ بِحَقِّ یَا بُدُّوۡحُ

## ۱۱۱:   گناہوں کی معافی کے لیے خاص ورد

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جس نے ہر روز سو مرتبہ

وظیفہ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰہُ وَحۡدَہٗ لَاشَرِیۡكَ لَہٗ لَہُ الۡمُلۡكُ وَ لَہُ الۡحَمۡدُ وَ هُوَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡر

پڑھے تو اسے دس غلام آزاد کرنے کا ثواب ملے گا اس کے لیے سو نیکی لکھی جائے گی اور اس کے سو گناہ معاف ہوں گے اور اس دن شام تک وہ شیطان سے محفوظ رہے گا ہمیں چاہیے کہ شام کو بھی سو مرتبہ پڑھ لیں تا کہ صبح تک شیطان سے محفوظ رہ سکیں اور اس سے بڑھ کر کوئی شخص نیک عمل نہ لائے گا سوائے اس کے جو اس سے



Marfat.com

بڑھ کر عمل دور کرے (صحیح بخاری ج ۲ کتاب الدعوات)

## ۱۱۲: جب جان وعزت کا خطرہ ہو تو

جب دشمن کا خوف ہو یا جان یا عزت کا خطرہ ہو تو یہ آیات ایک ایک مرتبہ پڑھے انشاالله تعالیٰ ہر خطرہ دور ہو جائے گا۔

فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ وَ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

(سورہ البقرہ پارہ نمبر ۱ آیت ۱۳۷)

وَاللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُّحِيْطٌ

(سورۃ بروج، پارہ ۳۰ آیت نمبر ۲۰)

## ۱۱۳: حب رسول ﷺ کے لیے خاص ورد

**وظیفہ:** جو شخص یہ چاہے کہ اس کے دل میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت پیدا ہو تو صبح و شام سات سات مرتبہ سورۃ الکوثر در درود شریف سورۃ الضحیٰ پڑھا کرے انشاء اللہ تعالیٰ مقصد حاصل ہو گا اور پڑھنے والے کے دل میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت پیدا ہو جائے گی۔

## ۱۱۴: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کا خاص ورد

**وظیفہ:** حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب میں زیارت کے لیے جمعہ کی شب کو صاف لباس پہنے خوشبو لگائے اور بعد از نماز عشاء و نفل پڑھے اور اس کے بعد ایک



Marfat.com

ہزار مرتبہ سورۃ الکوثر اور ایک ہزار مرتبہ درود شریف پڑھے تین جمعرات کے اندر اندر انشاء اللہ تعالیٰ زیارت ہوگی درود قادریہ آسان رہے گا وہ پڑھ لے درود قادریہ یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَ بَارِكْ وَسَلِّمْ.

## ۱۱۵: دجال کے فتنہ سے بچنے کا ورد

**وظیفہ:** دجال کے فتنہ سے محفوظ رہنے کے لیے سورۃ کہف کی ابتدائی دس آیات پڑھا کرو۔ انشاء اللہ تعالیٰ دجال کے فتنہ سے محفوظ رہو گے۔

## ۱۱۶: نسیان کا علاج

**فضیلت:** علامہ ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ کچھ چیز بھول جائے یا نسیان کا غلبہ ہو جائے تو نسیان کو دور کرنے کے لیے یا قرآن مجید اور حدیث شریف کا مفہوم حل نہ ہوتا ہو تو اکتالیس مرتبہ یہ دعا روزانہ صبح پڑھا کرے انشاء اللہ تعالیٰ نسیان سے نجات حاصل ہوگی:

**وظیفہ:** یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ

اسی طرح مبلغ تقریر سے پہلے اور کتاب پڑھنے سے پہلے مندرجہ بالا دعا سات مرتبہ پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ تقریر کی آمد ہو جائے اور کتاب کی سمجھ آ جائے گی۔



Marfat.com

## ۱۱۷: قلب و بدن و ایمان کی حفاظت کے لیے

**فضیلت:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا طریقہ مبارک تھا کہ رات کو سورۃ اخلاص اور سورۃ الفلق اور والناس تین بار پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے بدن پر پھیر لیتے۔

**وظیفہ:** سورۃ اخلاص سے قلب کی حفاظت رہے گی۔
سورۃ الفلق سے بدن کی حفاظت رہے گی۔
سورۃ الناس سے ایمان کی حفاظت رہے گی۔

## ۱۱۸: فراخیٔ رزق اور حفاظت دشمن کے لیے

**فضیلت:** روزی کی فراخی دشمنوں کے شر سے حفاظت اور استغنائیت پیدا کرنے کے لیے شام کو روزانہ سورۃ واقعہ پڑھا کرو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے ہر شب کو سورۃ واقعہ پڑھی اسے کبھی فاقہ نہیں آئے گا۔

## ۱۱۹: غفلت کا علاج

**وظیفہ:** غفلت دور کرنے اور آخرت کی طرف دھیان کرنے اور قوت کا خیال ہر وقت رکھنے کے لیے سورہ ق ایک مرتبہ صبح کو پڑھنے اور ایسا کرنے سے چونکہ موت کا خیال زیادہ شدید ہو جائے اس لیے اطمینان والی کیفیت پیدا کرنے کے لیے اس کے بعد سورۃ نشرح بھی ساتھ مرتبہ پڑھ لیں انشاء اللہ تعالیٰ مقصد حاصل ہو گا۔



Marfat.com

## ۱۲۰: دشمنوں پر فتح یابی کے لیے

دشمنوں کے مقابلے میں فتح یابی کے لیے

اَللّٰھُمَّ مُنَزِّلَ الْکِتَابِ مُجْرِیَ الحِسَابِ سَرِیْعَ الْحِسَابِ ھَازِمَ الْاَحْزَابِ اِھْزِمْھُمْ

انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کے شر سے محفوظ رہے گا اور دشمن کے مقابلے میں فتح حاصل ہوگی۔

## ۱۲۱: دشمنوں کی زبان بندی کے لیے

**فضیلت:** دشمنوں کی زبان بندی اور دشمن کے مقابلے میں فتح حاصل کرنے کے لیے سات سات مرتبہ یہ دعا پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ دشمن کی زبان بند ہو جائے گی۔ اور دشمن کے مقابلے میں فتح حاصل ہوگی۔ دعا یہ ہے

**وظیفہ:** وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا ھَمْسًا (سورۃ طٰہٰ آیت نمبر ۱۰۸)

الیوم سے یکسبون تک (سورۃ یٰس آیت نمبر ۶۵)

## ۱۲۲: نمازِ حفاظت

حضرت علیؓ سے منقول ہے کہ جو شخص دو رکعت نفل پڑھے اور ہر سجدہ میں



Marfat.com

تسبیحات کے بعد تین تین مرتبہ یہ دعا پڑھے وہ ہر قسم کی تکالیف سے محفوظ رہے گا۔ دعا یہ ہے۔

فَقِیْرُكَ بِفِنَآئِكَ وَ عَبِیْدُكَ بِفِنَآئِكَ وَ سَآئِلُكَ بِفِنَآئِكَ.

## ۱۲۳: شادی اور اہل وعیال کے نیک ہونے کے لیے

**وظیفہ:** اگر شادی کرانے کا خواہش مند ہو یا چاہے کہ اہل وعیال نیک ہو جائیں تو

رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَ ذُرِّیّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْیُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِیْنَ اِمَامًا

اس دعا کو کثرت سے پڑھو ان شاء اللہ مقصد حاصل ہو گا۔

## ۱۲۴: دنیا و آخرت کی تمام بھلائیوں کا حصول

دنیا اور آخرت کی تمام بھلائیاں حاصل کرنے کے لیے

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّ فِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّ قِنَا عَذَابَ النَّار

اس دعا کو پڑھا کرو ان شاء اللہ دنیا و آخرت کی کامیابی نصیب ہو گی۔

## ۱۲۵: فراخیٔ رزق اور ادائیگی قرض کے لیے

کشائش رزق اور ادائیگی قرض کے لیے اول آخر تین مرتبہ درود شریف اور



Marfat.com

درمیان میں

وظیفہ: اَللّٰہُ لَطِیْفٌ م بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَ ھُوَالْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ (سورۃ الشورہ آیت نمبر ۱۹)

ایک سو مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیں عمل صبح کی نماز کے بعد معمولات سے فارغ ہو کر کریں ان شاء اللہ تعالیٰ روزی میں فراخی حاصل ہو گی اور ادائیگی قرض کے لیے بھی مجرب ہے۔

## ۱۲۶: خاص ورد حاجات

**فضیلت:** حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی دعا صبح کی نماز کے بعد تیں مرتبہ پڑھیں اول و آخر تین مرتبہ درود شریف کا التزام کریں جمیع حاجات کے لیے مفید اور مجرب ہے دعا مبارک یہ ہے

وظیفہ: یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ لَا تَكِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ وَلَآ اِلٰی اَحَدٍ مِّنْ خَلْقِكَ طَرْفَةَ عَیْنٍ وَّ اَصْلِحْ لِیْ شَاْنِیْ كُلَّهٗ

## ۱۲۷: فراخیٔ رزق کا ورد

**فضیلت:** جو شخص سو مرتبہ طلوع فجر کے بعد نماز فجر سے پہلے یہ دعا پڑھے گا تو



Marfat.com

دنیا اس کے پاس ذلیل ہو کر آئے گی۔

وظیفہ: سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمْ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ.

## ۱۲۸: حصول اولاد کے لیے بے نظیر عمل

حصول اولاد کے لیے سورۃ الکوثر روزانہ پانچ سو مرتبہ پڑھیں تین ماہ تک پڑھنے کے بعد ان شاء اللہ تعالیٰ حمل قرار پا جائے گا اور سائل صاحب اولاد ہو جائے گا۔

## ۱۲۹: لڑکا والدین کا مطیع ہو

**وظیفہ:** جو لڑکا ماں باپ کا نافرمان ہو اس پر تین بار سورہ صف پڑھ کر دم کر دیا جائے انشاء اللہ تعالیٰ فرمانبردار ہو جائے گا۔

مسافر اس سورت کو پڑھے تو امن و امان سے رہے روزی اور رزق میں خیر و برکت حاصل ہو گی۔ (سورہ صف اٹھائیسواں پارہ میں ہے)

## ۱۳۰: عزت وعظمت کا وظیفہ

سورۃ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو آب زم زم میں مشک و زعفران میں حل کر کے لکھو اور پیو عزت وعظمت ملے گی اور طرح طرح کی بیماریوں سے شفا ملے گی۔



Marfat.com

## ۱۳۱: لڑکی کے لیے نکاح کا پیغام

جس لڑکی کے نکاح کا پیغام نہ آتا ہو اس کو اس سورۃ (احزاب) کا نقش بنا دیا جائے تو بہت جلد اس کی شادی ہو جائے گی۔ (سورۃ احزاب شریف کا)

## ۱۳۲: نامردی کا قرآنی علاج

جو شخص جادو کے زور سے نامرد بنا دیا گیا ہو وہ روزانہ تین بار اس سورۃ یعنی سورۃ ابراہیم کی تلاوت کرے انشاء اللہ تعالیٰ جادو رفع ہو جائے گا اور نامردی دور ہو جائے گی۔

## ۱۳۳: کند ذہنی اور توتلے پن کا علاج

اگر کوئی لڑکا کند ذہن یا توتلا ہو تو اس سورۃ کو مشک و زعفران سے لکھ کر گھولو اور اسے پلاؤ انشاء اللہ تعالیٰ ذہن کھل جائے گا اور لڑکا فصیح اللسان ہو جائے گا۔ (سورۃ بنی اسرائیل پندرہ پارہ)

## ۱۳۴: غربت کا علاج

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ سے بِغَيْرِ حِسَابٍ تک پارہ

نمبر۳ آیت ۲۶۔۲۷ سورۃ آل عمران

**فضیلت:** جو شخص کثرت سے ان آیتوں کو پڑھے اور فرض نمازوں کے بعد اور نوافل کے بعد اور سوتے وقت پڑھا کرے اس کو روزی اور وسعت نصیب ہو گی اور



Marfat.com

اس کے مال میں ترقی ہو جائے گی۔

## ۱۳۵: برائے خارش

**فضیلت:** کسی شخص کے خارش ہو گئی تھی اور کسی تدبیر سے فائدہ نہ ہوتا تھا ایک قافلہ کے ساتھ چلا اور چلنے سے عاجز ہو کر قافلہ سے پیچھے رہ گیا۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے مزار پر ٹھہر گیا حضرت علی رضی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا اور اپنے مرض کی شکایت عرض کی آپ نے یہ آیت پڑھی۔

وظیفہ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ فَكَسَوْنَا الْعِظَامَ لَحْمًا سے اَلْخَالِقِيْنَ تک (پارہ نمبر ۱۸ رکوع نمبر ۱)

صبح کو اٹھا تو بالکل ٹھیک ٹھاک تھا۔

## ۱۳۶: گنجے پن کا علاج

وظیفہ: کسی گنجے پر یہ آیت مبارکہ پڑھ کر تھتکار دیا گیا تھا وہ اچھا ہو گیا۔

وَ نُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

## ۱۳۷: ناجائز تعلقات ختم کرنا ہو

وظیفہ: قُلْ لَّا يَسْتَوِي الْخَبِيْثُ وَ الطَّيِّبُ وَلَوْ اَعْجَبَكَ كَثْرَةُ الْخَبِيْثِ فَاتَّقُوا اللّٰهَ يٰۤاُولِي الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ



Marfat.com

**فضیلت:** اگر کسی عورت کا خاوند کسی دوسری عورت سے ناجائز تعلقات رکھتا ہو اسے باز رکھنے کے لیے اس آیت کو گیارہ دن تک ۱۴۱ مرتبہ پڑھ کر کسی کھانے کی چیز پر دم کر کے کھلائیں انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔

## ۱۳۸: دانت تاحیات خراب نہیں ہوں گے

**وظیفہ:** سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ

روزانہ فجر کی نماز کے بعد اس آیت کو اکیس مرتبہ دونوں گالوں پر دونوں ہاتھ رکھ کر پڑھنے سے دانت تاحیات خراب نہیں ہوں گے۔

## ۱۳۹: آواز میں ترنم کے لیے

**وظیفہ:** قاری نعت خواں خطباء کے لیے لاجواب وظیفہ ہے سونے سے پہلے باوضو ایک سو اکیس مرتبہ صلی اللہ علیہ وسلم پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیا کریں آواز میں ترنم پیدا ہوگا۔ انشاء اللہ

## ۱۴۰: گرمی کے بخار کا علاج

اِنَّ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا اِذَا مَسَّهُمْ طٰٓئِفٌ مِّنَ الشَّيْطٰنِ تَذَكَّرُوْا فَاِذَا هُمْ مُّبْصِرُوْنَ

**فضیلت:** اس آیہ مبارکہ کو گیارہ مرتبہ پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے انشاء اللہ گرمی کا بخار اتر جائے گا



Marfat.com

## ۱۴۱: اگر کسی کو قرآن حفظ نہ ہوتا ہو

**وظیفہ:** اگر کسی کو قرآن حفظ نہ ہوتا ہو تو وہ بعد نماز عشاء سورۃ فاتحہ ایک سو مرتبہ پڑھے انشاء اللہ قرآن مجید حفظ ہو جائے گا۔

## ۱۴۲: اونچا سننے کا علاج

**وظیفہ:** وَ اِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَ اَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ.

**فضیلت:** اگر کوئی اونچا سنتا ہو تو یہ آیت سات مرتبہ پڑھ کر کان میں دم کیا جائے۔

## ۱۴۳: دانت کے کیڑا لگنے کا علاج

**وظیفہ:** جس کے دانت کو کیڑا لگ گیا ہو ایک کپڑا لے کر اسے زور سے مروڑے اور ساتھ ہی یہ الفاظ پڑھتا جائے۔

یَا اللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ اِنَّهُمْ یَکِیْدُوْنَ کَیْدًا وَّ اَکِیْدُ کَیْدًا

اور دم کرے جس وقت کپڑا اچھی طرح مروڑا جائے تو چھوڑ دے اسی طرح تین مرتبہ کرے انشاء اللہ کیڑا ہلاک ہو جائے گا اور آرام آ جائے گا۔



Marfat.com

## ۱۴۴: ناف ٹل جانے کا علاج

**وظیفہ:** ذَالِكَ تَخْفِيفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَ رَحْمَةً

**فضیلت:** اس آیت کریمہ کو لکھ کر ناف پر باندھیں انشاء اللہ آرام آ جائے گا۔

## ۱۴۵: بدہضمی کا علاج

**وظیفہ:** كُلُوْ وَاشْرَبُوْا .......

**فضیلت:** جس شخص کو بدہضمی کی شکایت ہو تو اس دعا کو پڑھ کر پیٹ پر ہاتھ پھیرنے سے یا کھانے پر دم کر کے کھانے سے یہ شکایت دور ہو جائے گی۔

## ۱۴۶: ایمان پر خاتمے کا وظیفہ

اَبُو الْعَبَاسُ بَلْيَا بِنْ مَلْكَانْ

**فضیلت:** یہ حضرت خضر علیہ السلام کا نام بمع ولدیت و کنیت ہے جو مسلمان اس کو یاد رکھے گا اس کا خاتمہ ایمان پر ہو گا۔

## ۱۴۷: جوڑوں کے درد کا شافی علاج

**وظیفہ:** جس جگہ درد ہو اس جگہ کو مضبوط پکڑ کر دس مرتبہ سورۃ فاتحہ اور دس مرتبہ سورہ



Marfat.com

کافرون پڑھ کر دم کرے اور چھوڑ دے پھر مریض سے دریافت کرے کہ آرام آیا یا نہیں اگر نہ آیا ہوتو دوبارہ اسی طرح کرے تین بار کرنے سے انشاءاللہ درد جاتا رہے گا۔

## ۱۴۸: یرقان کا روحانی علاج

**وظیفہ:** اَلْحَسِیْبُ

**فضیلت:** تین سو مرتبہ اسم باری تعالیٰ کو پانی پر دم کر کے اکیس دن تک پلانے سے ان شاءاللہ سے ان شاءاللہ یرقان ختم ہو جائے گا۔

## ۱۴۹: کثرت حیض کا علاج

**وظیفہ:** حیض کا خون زیادہ آنے کی صورت میں سات دن تک سورۂ دہر پانی پر دم کر کے پلایا جائے ان شاءاللہ خون کا آنا بند ہو جائے گا۔

## ۱۵۰: نامردی کا علاج

**وظیفہ:** ہر روز نماز فجر کے بعد باوضو حالت میں سورۃ فاتحہ کی آیت مبارکہ

اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ

**فضیلت:** تین سو مرتبہ پڑھیں یہ عمل ایک سو بیس دن تک کریں ان شاءاللہ سستی نامردی کا خاتمہ ہو جائے گا۔



Marfat.com

## ۱۵۱: غصہ کا علاج

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے اس وقت میں غصہ میں تھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے میری ناک کے ایک حصہ کو پکڑ کر ہلایا اور فرمایا اے عائشہ تو یہ پڑھ۔

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ وَ اَذْھِبْ غَیْظَ قَلْبِیْ وَ اَجِرْنِی مِنَ الشَّیْطٰنِ. (عمل الیوم و اللیلہ)

## ۱۵۲: بچوں کی حفاظت کے لیے

وظیفہ: عَنْ اِبْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُعَوِّذُ الْحَسَنَ وَالْحُسَیْنَ اُعِیْذُ کُمَا بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّآمَّۃِ مِنَ کُلِّ شَیْطَانٍ وَّ ھَامَّۃٍ وَّ مِنْ کُلِّ عَیْنٍ لَآ مَّۃٍ وَّ یَقُوْلُ اِنَّ اَبَا کُمَا کَانَ یُعَوِّذُ بِھَا اِسْمٰعِیْلَ وَ اِسْحٰقَ

**فضیلت:** حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حسن و حسین رضی اللہ عنہما کو شیطان اور زہریلے جانوروں سے اور نظر بد



Marfat.com

سے محفوظ رکھنے کے لیے یہ دعا پڑھتے رہے۔

اُعِیْذُ کُمَا یہ لفظ تثنیہ کے لیے ہے یعنی دو بچوں کے لیے اس طرح پڑھا جائے اگر کسی ایک لڑکے کے لیے پڑھنا ہوتو اُعِیْذُ کا کے زبر کے ساتھ اگر لڑکی کے لیے پڑھنا ہوتو اُعِیذُکَ کی کاف کے نیچے زیر پڑھا جائے

## ۱۵۳: نماز میں دل لگانے کا وظیفہ

**وظیفہ:** یَا اللّٰہُ یَا غَفَّارُ یَا قَادِرٌ

**فضیلت:** ان کلمات کو سونے سے پہلے اکیس مرتبہ پڑھنے سے نماز میں اور دیگر عبادات میں دل لگے گا۔

## ۱۵۴: جگر میں درد ہوتو

تَبٰرَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِالْجَلَالِ وَالاِكْرَامِ

**فضیلت:** جگر کی بیماری دور کرنے کے لیے اس آیت کو اکیس مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں۔

## ۱۵۵: گردے میں پتھری ہوتو

**وظیفہ:** روزانہ چار گلاس پانی پر سورۃ یونس ایک مرتبہ پڑھ کر یا پڑھوا کر دم کریں پھر



Marfat.com

نہار منہ ایک یا دو گلاس پئیں پھر پورا دن اس بوتل سے پانی پئیں یہ عمل روزانہ کریں انشاءاللہ فائدہ ہوگا۔

## ۱۵۶: گھر سے جنات دور کرنے کے لیے

**وظیفہ:** سورۂ نصر کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے گھر کے چاروں کونوں میں اکتالیس دن تک چھڑکیں ان شاءاللہ مکان سے جن چلا جائے گا۔

## ۱۵۷: پاگل پن اور جنون ختم کرنے کے لیے

**وظیفہ:** تین دن تک صبح و شام سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کرنا اور ہر مرتبہ ختم سورہ پر تھوک منہ میں جمع کر کے دیوانے پر ڈالنا بھی دفع دیوانگی کے لیے مجرب ہے۔

## ۱۵۸: دل کے روحانی امراض سے شفا کے لیے

**وظیفہ:** اَلْقُدُّوْسُ

**فضیلت:** جو شخص روزانہ زوال کے بعد اس اسم کو ۳۱۳ مرتبہ پڑھے گا انشاء اللہ اس کا دل روحانی امراض سے پاک ہو جائے گا۔

## ۱۵۹: حاسدین کی زبانیں بند کروانے کے لیے

**وظیفہ:** اَلصَّبُوْرُ



Marfat.com

**فضیلت:** جو شخص طلوع آفتاب سے پہلے سو مرتبہ اس اسم کو پڑھے وہ اس دل پر مصیبت سے دور رہے گا اور دشمنوں حاسدوں کی زبانیں بند رہیں گی کوئی شخص کسی بھی طرح کی فضیلت میں گرفتار ہو وہ ایک ہزار بیس مرتبہ اس اسم کو پڑھے گا ان شاء اللہ اس سے نجات پائے گا اور اطمینان قلب نصیب ہو گا۔

## ۱۶۰: اگر چہرہ بے رونق اور سیاہ ہو جائے

**وظیفہ:** اگر چہرہ بے رونق اور سیاہ ہو جائے تو ہر نماز کے بعد ایک سو گیارہ مرتبہ

**يَا اللّٰهُ يَا مُصَوِّرُ يَا مَلِكُ**

پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے چہرے پر پھیرے بے حد فائدہ ہو گا۔

## ۱۶۱: حاکم افسر مہربان ہو جائیں گے

**وظیفہ:** يَا عَزِيْزُ

**فضیلت:** جو شخص ان کلمات کو اکتالیس مرتبہ کسی جائز کام کے لیے حاکم یا افسر کے پاس جائیں گے تو اس پر مہربان ہو جائیں گے۔

## ۱۶۲: جوڑوں اور گھٹنوں کا درد ختم کرنے کے لیے

**وظیفہ:** ہر نماز کے بعد



Marfat.com

يَا مَالِكُ يَا قُدُّوْسُ

گیارہ مرتبہ اور

يَا حَيُّ

ستر مرتبہ پڑھے درد ختم ہو جائے گا۔

## ۱۶۳: کمر درد سے چھٹکارا پانے کے لیے

**وظیفہ:** اگر کسی کی کمر میں درد ہو تو پانچوں وقت کی نماز باقاعدگی سے ادا کرے اور ظہر کی نماز کے بعد ایک سو اکتالیس مرتبہ **يَا اللّٰهُ يَا حَكِيْمُ** کا ورد کرے ان شاء اللہ درد دور ہو جائے گا۔

## ۱۶۴: دست کی بیماری کا علاج

**وظیفہ:** سورۃ قدر (**انا انزلنه**) تیسواں پارہ

**فضیلت:** بسم اللہ شریف کے ساتھ چودہ مرتبہ سورۃ قدر پڑھ کر دم کر کے پانی نہار منہ پیئیں۔

## ۱۶۵: مقدمے میں کامیابی حاصل کرنے کے لیے

**وظیفہ:** وَ اُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌ بِالْعِبَادِ



Marfat.com

**فضیلت:** جس شخص پر مقدمہ چل رہا ہو یا اس پر دعویٰ کیا ہو اور حق پر ہو تو روزانہ ایک سو مرتبہ اس دعا کو پڑھنے سے مقدمے میں کامیاب اور کامران ہو گا۔

## ۱۶۶: مخلوق کی محتاجی سے بچنے کے لیے

**وظیفہ:** یَا حَکِیْمُ

**فضیلت:** جو شخص ان کلمات کو روزانہ اسی مرتبہ پڑھ لے وہ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کا محتاج نہیں ہو گا۔

## ۱۶۷: دانت یا داڑھ میں درد ہو تو

**وظیفہ:** هُوَالَّذِی اَنْشَأَكُمْ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْعِدَةَ قَلِیْلًامَّا تَشْكُرُوْنَ.

**فضیلت:** جس دانت یا داڑھ میں درد ہو اس کو (کھال کے اوپر سے) انگلی سے دبا کر یہ آیت سات مرتبہ پڑھیں ان شاء اللہ درد ختم ہو جائے گا۔

## ۱۶۸: یرقان کے خاتمے کے لیے

**وظیفہ:** سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ۱۰۱ مرتبہ اور اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ



Marfat.com

۱۶۲ مرتبہ پانی پر دم کر کے مریض کو کثرت سے پلائیں بہت مجرب ہے۔

## ۱۶۹: کینسر شوگر و دیگر امراض کے لیے

وظیفہ: رَبِّ اِنِّی مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَ اَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ

**فضیلت:** شوگر کینسر اور دیگر بیماریوں سے شفا کے لیے صبح و شام اکیس اکیس مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پانی پی لیں۔

## ۱۷۰: بواسیر کی تکلیف کا علاج

**وظیفہ:** اگر کسی کو بواسیر کی تکلیف ہو تو فجر کی دو سنتوں میں پہلی رکعت میں الم نشرح اور دوسری رکعت میں سورہ فیل پڑھے تکلیف دور ہو گی۔ دونوں سورتیں تیسویں پارے میں ہیں۔

## ۱۷۱: جنت الفردوس حاصل کرنے کا عمل

وظیفہ: وَاجْعَلْنِیْ مِنْ وَّ رَثَةِ النَّعِیْمِ

**فضیلت:** جنت الفردوس حاصل کرنے کے لیے ہر فرض نماز کے بعد گیارہ یا اکیس یا اکتالیس مرتبہ اس دعا کو پڑھیں۔



Marfat.com

## ۱۷۲: نافرمان وضدی اولاد ہوتو

وظیفہ: اَللّٰهُ يَجْتَبِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَ يَهْدِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ يُّنِيْبُ.

**فضیلت:** اگر کسی کا بچہ نافرمان اور ضدی ہوتو اس دعا کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر بچے کے سر پر ہاتھ رکھ کر دم کریں۔

## ۱۷۳: سفر کی تھکن دور کرنے کے لیے

**وظیفہ:** یَا قُدُّوْسُ کا جوکوئی دوران سفر ورد کرتا رہے گا سفر کی تھکن سے محفوظ رہے گا۔

## ۱۷۴: نظر کبھی کمزور نہ ہوگی

جوشخص وضو کرنے کے بعد آسمان کی طرف دیکھ کر سورۃ قدر پڑھ لے ان شاء اللہ اس کی نظر کبھی کمزور نہ ہوگی۔

## ۱۷۵: جادو کے توڑ کے لیے

اَسْأَلُ اللّٰهُ الْعَظِيْمِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَنْ يَّشْفِيْكَ

**فضیلت:** سات مرتبہ یہ دعا پڑھ کر مریض پر دم کریں جادو کا اثر ختم ہو جائے گا

## ۱۷۶: مقروض قرض واپس نہ کرے تو کیا کریں

وظیفہ: يَا اَللّٰهُ يَا فَتَّاحُ يَا جَامِعُ



Marfat.com

**فضیلت:** اگر کوئی شخص رقم واپس نہ کرتا ہو تو یہ اسماء الحسنٰی ہر نماز کے بعد سو مرتبہ پڑھیے انشاء اللہ قرض واپس ہو جائے گا۔ یعنی اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام مبارک۔

## ۱۷۷: مرگی کے دورے کا علاج

**وظیفہ:** اگر کوئی شخص مرگی کے دورے سے بے ہوش ہو جائے تو اس کے سیدھے کان میں پوری اذان اور الٹے کان میں اقامت سات بار کہیں اسے ہوش آ جائے گا۔

## ۱۷۸: علاج برائے نکسیر

مریض کی پیشانی پر

لِكُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّوَّ سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ

لکھنے سے ان شاء اللہ نکسیر بند ہو جائے گی۔

## ۱۷۹: طاعون اور ہیضہ کا علاج

طاعون کے مریض پر سورۃ فاتحہ اور بسم اللہ اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کر دیا کرو چنانچہ اکتالیس مرتبہ پڑھ کر جس پر دم کیا گیا اللہ تعالیٰ نے ان مریضوں کو شفا بخشی۔

## ۱۸۰: شہادت کے حصول کے لیے

اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِىْ شَهَادَةً فِىْ سَبِيْلِكَ وَاجْعَلْ مَوْتِىْ فِىْ بَلَدِ رَسُوْلِكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ



Marfat.com

**فضیلت:** ہر نماز کے بعد اس دعا کو ایک مرتبہ پڑھنے سے مدینہ منورہ میں شہادت کی موت نصیب ہو گی۔

## ۱۸۱: ہزار دن کی نیکیاں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَ تَرْضٰی لَہٗ

**فضیلت:** حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے اور یہ حدیث نزہت المجالس میں بھی مقبول ہے۔ کہ سرکار اعظم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص یہ درود صبح و شام پڑھے گا تو ثواب لکھنے والے فرشتے ایک ہزار دن تک ثواب لکھتے رہیں گے۔

## ۱۸۲: ہائی بلڈ پریشر

وظیفہ: وَ شِفَآءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ

**فضیلت:** ہائی بلڈ پریشر کے مریض کو یہ دعا سو مرتبہ پانی پر دم کر کے اس پانی کو صبح دوپہر اور شام تین مرتبہ دن میں پلائیں ساٹھ دن تک یہ عمل جاری رکھیں انشاء اللہ شفا ہو گی۔

## ۱۸۳: منہ کی بدبو کا علاج

وظیفہ: ھُوَ الْبَارِئُ لَہُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی



Marfat.com

**فضیلت:** اگر کسی کے منہ سے بدبو آتی ہو تو ان کلمات کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر نمک ملے پانی پر دم کر کے غرارہ کرے اس عمل کو صبح سو کر اٹھنے کے بعد اور رات کو سونے سے پہلے دن میں دو مرتبہ کرے سات روز میں شفا ہوگی۔

## ۱۸۴: اگر کوئی برے افعال میں مبتلا ہو گیا ہو

**وظیفہ:** اُولٰٓئِكَ عَلٰی هُدًی مِّنْ رَّبِّهِمْ وَ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ O

**فضیلت:** اگر کوئی شخص دین سے غافل ہو گیا ہو یا سیدھے رستے سے بھٹک گیا ہو یا برے افعال میں مبتلا ہو جائے تو اس آیت کو ۱۰۱ مرتبہ پانی پر دم کر کے اکتالیس دن تک پلائیں۔ انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

## ۱۸۵: کامل ولی بننے کے لیے

**وظیفہ:** اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا اغْفِرْلِی وَالِوَالِدَیَّ وَ لِجَمِیْعِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ.

**فضیلت:** اس دعا کو روزانہ ستائیس مرتبہ پڑھنے سے تمام مسلمانوں کی تعداد کے برابر نیکیاں ملیں گی۔

## ۱۸۶: دنیا کی محبت سے نجات کے لیے

**وظیفہ:** اَلْقَهَّارُ



Marfat.com

جو شخص دنیا کی محبت میں گرفتار ہو تو اس اسم کو ۳۱۴ مرتبہ پڑھے دنیا کی محبت دل سے دور ہو جائے گی۔

## ۱۸۷: اولاد کی نیک نامی کے لیے

### وظیفہ: یَا مَتِیْنُ

جو شخص ہر نماز کے بعد سو مرتبہ اس اسم کو پڑھے اس کی والاد نیک ہو جائے گی۔

## ۱۸۸: ظالم سے پیچھا چھڑانے کے لیے

### وظیفہ: یَا رَؤُفُ

**فضیلت:** جو شخص دس مرتبہ ان کلمات کو پڑھ کر ظالم سے بات کرے وہ ظالم اس کی سفارش قبول کرے گا۔

دوسرا وظیفہ: **یَا قَادِرُ**

**فضیلت:** جو شخص ان کلمات کو دوران وضو ہر عضو کو دھوتے ہوئے پڑھنے کا معمول بنا لے دشمن اس کو اغوا نہیں کر سکے گا۔

تیسرا وظیفہ: **اَلْجَبَّارُ**

**فضیلت:** جو شخص روزانہ صبح و شام ۲۲۶ مرتبہ اس اسم کو پڑھے گا وہ ظالموں



Marfat.com

کے ظلم و قہر سے محفوظ رہے گا۔

## ۱۸۹: اگر تنہائی میں ڈر لگتا ہو

## وظیفہ: یَا وَاحِدُ

**فضیلت:** جو شخص ان کلمات کو ایک ہزار ایک (۱۰۰۱) مرتبہ تنہائی میں پڑھ لے تو اس کے دل سے خوف جاتا رہے گا۔

دوسرا وظیفہ: **اَلْمُؤْمِنُ**

**فضیلت:** جو شخص کسی خوف کے وقت اس اسم کو چھ سو تیس (۶۳۰) مرتبہ پڑھے گا تو ہر خوف اور نقصان سے محفوظ رہے گا۔

## ۱۹۰: غصہ دور کرنے کے لیے

**وظیفہ: وَالْکٰظِمِیْنَ الْغَیْظَ وَالْعَافِیْنَ عَنِ النَّاسِ واللّٰهُ یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ**

**فضیلت:** غصہ دور کرنے کے لیے ۱۰۱ مرتبہ ۲۱ دن تک چینی پر دم کر کے پلائیں۔

دوسرا وظیفہ: **یَا رَؤُفُ**



Marfat.com

**فضیلت:** جو شخص دس مرتبہ درود شریف اور دس مرتبہ اس اسم کو پڑھے تو اس کا غصہ رفع ہو جائے گا اور اگر دوسرے غضبناک شخص پر دم کرے تو اس کا غصہ بھی رفع ہو جائے گا۔

تیسرا وظیفہ: جس عورت کے خاوند کو غصہ آتا ہو تو جب بھی شوہر کو پانی دے ۲۰ مرتبہ بسم اللہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائے غصہ ختم ہو جائے گا۔

## ۱۹۱: بچہ بالغ ہونے تک حفاظت میں رہے

**وظیفہ: اَلْبَرُّ**

**فضیلت:** جو شخص اپنے بچے پر پیدا ہونے کے بعد ہی سات مرتبہ اس اسم کو پڑھ کر بچے پر دم کرے اور اللہ تعالیٰ کے سپرد کر دے تو اللہ تعالیٰ اس بچے کو بالغ ہونے تک تمام آفتوں سے محفوظ رکھے گا۔

## ۱۹۲: حصار باندھنے کا طریقہ

**وظیفہ:** اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں درمیان میں گیارہ مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھیں یہ عمل چوبیس گھنٹے میں ایک بار کریں:

**فضیلت:** جو کوئی روزانہ حصار باندھ لے گا ہر حادثے ڈکیتی اور دشمن کی نگاہ سے اوجھل رہے گا۔



Marfat.com

## ۱۹۳: دست کی بیماری کوختم کرنے کے لیے

وظیفہ: سورۃ قدر انا انزلنه

فضیلت: بسم اللہ شریف کے ساتھ ۱۴ مرتبہ سورۃ قدر پڑھ کر دم کر کے پانی نہار منہ پئیں انشاء اللہ آرام آ جائے گا۔

## ۱۹۴: بیٹا پیدا ہوگا انشاء اللہ

وظیفہ: یَا مُتَکَبِّرُ

فضیلت: جو شخص اپنی زوجہ سے ملاپ سے پہلے دس مرتبہ ان کلمات کو پڑھ لے گا اسی کے ہاں نیک بیٹا پیدا ہوگا۔

دوسرا وظیفہ: یَا بَارِئُ

جو شخص ہر جمعہ کو دس مرتبہ ان کلمات کو پڑھے گا اس کو بیٹا عطا ہوگا۔

## ۱۹۵: دعا کی قبولیت کے لیے

وظیفہ: یَا وَهَّابُ

فضیلت: جو شخص روزانہ سات مرتبہ ان کلمات کو پڑھے گا اس کی ہر دعا قبول ہوگی۔



Marfat.com

دوسرا وظیفہ: یَا رَافِعُ

**فضیلت:** جو شخص روزانہ ۲۰ مرتبہ ان کلمات کو پڑھے گا اس کی ہر دعا قبول ہوگی۔

تیسرا وظیفہ: یَا سَمِیْعُ

**فضیلت:** جو شخص روزانہ ان کلمات کو ۱۰۰ مرتبہ پڑھے گا اور پڑھنے کے دوران گفتگو نہ کرے گا پھر جو دعا مانگے گا قبول ہوگی۔

## ۱۹۶: امتحان میں کامیابی کا وظیفہ

### وظیفہ: یَا حَسِیْبُ

**فضیلت:** اگر کسی طالب علم کو امتحان کا نتیجہ برا آنا معلوم ہو تو وہ گیارہ سو گیارہ (۱۱۱۱) مرتبہ تین دن تک ایک وقت میں باوضو قبلہ رو ہو کر پڑھے ان شاء اللہ نتیجہ حسب مراد ہوگا۔

## ۱۹۷: علم و معرفت کے لیے

### وظیفہ: یَا عَلِیْمُ

**فضیلت:** جو شخص ۳۱۴ مرتبہ اس اسم کو پڑھے گا اس پر علم و معرفت کے دروازے اللہ تعالیٰ کھول دے گا۔



Marfat.com

دوسرا وظیفہ: **یَا بَاعِثُ**

جو شخص سوتے وقت سینے پر ہاتھ رکھ کر ۱۰۱ مرتبہ یہ اسم پڑھے اس کا دل علم و حکمت سے زندہ رہے گا۔

## ۱۹۸: گمشدہ کو بلانے کے لیے

## وظیفہ: یَا مُعِیْدُ

**فضیلت:** جب گھر کے تمام افراد سو جائیں تو گھر کے چاروں کونوں میں ۷۰ مرتبہ اس اسم کو پڑھے ان شاء اللہ سات دن میں گمشدہ شخص واپس آ جائے گا یا پتہ چل جائے گا۔

## ۱۹۹: اگر نوکری نہ ملتی ہو تو یہ پڑھے

## وظیفہ: یَا اللّٰہُ یَا بَاسِطُ

**فضیلت:** روزانہ تین سو تیرہ مرتبہ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ ان کلمات کو پڑھیں، اچھی نوکری مل جائے گی۔

## ۲۰۰: نماز میں دل لگانے کا وظیفہ

## وظیفہ: یَا اللّٰہُ یَا غَفَّارُ یَا قَادِرُ



Marfat.com

ان کلمات کو سونے سے پہلے اکیس مرتبہ پڑھنے سے نماز میں اور دیگر عبادات میں دل لگے گا۔

## ۲۰۱: پاگل پن کوڑھ اندھا پن فالج سے بچاؤ

**وظیفہ:** سُبْحَانَ اللهِ الْعَظِيْمِ وَ بِحَمْدِهٖ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ

**فضیلت:** فجر کی نماز کے بعد جو شخص اس دعا کو تین مرتبہ پڑھنے کا ہمیشہ معمول بنالے گا وہ مذکورہ چاروں بیماریوں سے محفوظ رہے گا۔

## ۲۰۲: پیشاب کی بندش کا فوری علاج

اگر کسی بھی انسان کا اگرچہ وہ کافر غیر مسلم ہو یا کسی بھی مذہب کا ماننے والا ہو چاہے مرد ہو یا عورت کہ اس کو پیشاب کی بندش ہو جائے۔

### طریقہ علاج:

مکئی کی چھلی کے بال لیں ان بالوں کو ایک پانی میں ابال کر بقدر ذائقہ نمک ڈال کر اچھی طرح سے ابالیں پھر اس پانی پر گیارہ مرتبہ الحمد شریف اور آیات شفا پڑھ کر دم کر کے پی لیں بہتر ہو گا کہ سات الم نشرح والی سورت بھی زیادہ کریں انشاء اللہ تعالیٰ پہلی ہی خوراک میں مرض سے چھٹکارہ حاصل ہو گا اور یہ نسخہ استعمال شدہ ہے بہت مفید پایا گیا ہے۔



Marfat.com

آیات شفا یہ ہیں:

وَ يَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ وَ شِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ يَخْرُجُ مِنْۢ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّ شِفَآءٌ وَّ نُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

## ۲۰۳: قوت مردانگی کے ضعف کا علاج

**فضیلت:** جس شخص کو قوت مردانگی کی کمی ہو تو اس کو چاہیے کہ جب بھی غسل کرے اور جب بھی ہمبستری سے فارغ ہو تو کسی میٹھی چیز پر سات مرتبہ یہ آیت پڑھ کر دم کر کے ہمیشہ کھا لیا کرے انشاء اللہ شکایت ختم ہو جائے گی۔ آیت یہ ہے

زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوٰتِ مِنَ النِّسَآءِ وَالْبَنِيْنَ وَالْقَنَاطِيْرِ الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ وَالْاَنْعَامِ وَالْحَرْثِ ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الْمَاٰبِ.

## ۲۰۴: اگر کسی پھل دار درخت میں پھل آنے بند ہو گئے ہوں

جس پھل والے درخت میں پھل آنے بند ہو گئے ہوں تو اس کے لیے



Marfat.com

چاہیے کہ ایک کاغذ پر سورہ فاتحہ یعنی الحمد شریف لکھیں اور درمیان میں مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ کو سات مرتبہ لکھیں پھر آمین لکھنے کے بعد درود ابراہیمی لکھ دیں اس کاغذ کو بارش کے پانی سے دھو کر ان درختوں کی جڑوں میں ڈال دیں جس میں پھل آنے بند ہو گئے ہوں انشاء اللہ اسی سال پھل آنے لگیں گے اور یہ کاغذ کا عمل صرف ایک درخت کے لیے ہے۔

## ۲۰۵: نظر لگنے کا علاج

**وظیفہ:** سورۃ الحمد شریف اور چاروں قل سات سات مرتبہ پڑھ کر دم کر دیں اور دم کر کے لیے پانی پلا دیں انشاء اللہ تندرستی حاصل ہو جائے گی۔

## ۲۰۶: جب نظر لگ جائے تو کیا کرے

**فضیلت:** حدیث شریف میں یہ کہ جس کو نظر لگ جائے تو حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد سے جھاڑے یعنی یہ کلمات پڑھ کر نظر لگے ہوئے شخص پر دم کرے۔

**وظیفہ:** بِسْمِ اللهِ اَللّٰهُمَّ اَذْهَبْ حَرَّهَا وَ بَرَّهَا وَ وَصَّبَهَا.

پھر اس نظر لگے ہوئے شخص سے کہے اٹھ جا کھڑا ہو اللہ تعالیٰ کے حکم سے اس روایت کو ابن ماجہ نسائی وغیرہ نے بیان کیا ہے۔

## ۲۰۷: بچوں کے سوکھے یا مسان کے لیے مجرب علاج

روغن زیتون ۱۰۰ گرام تِل کا اصل تیل لے کر دونوں کو ملا کر الحمد شریف مع



Marfat.com

بسم اللہ کے تین مرتبہ آیت الکرسی تین مرتبہ سورہ الصافات لازب تک تین مرتبہ سورۃ جن شیططا تک تین تین مرتبہ چاروں قل پڑھ کر اس تیل پر دم کریں اس کے بعد اس بچہ کا سر منڈوا کر روزانہ یہ پڑھا ہوا تیل پورے بدن پر کہ کوئی جگہ باقی نہ رہے مالش کر دیا کریں چالیس دن تک مسلسل مالش کرتے رہا کریں انشاء اللہ یہ شکایت جڑ سے ختم ہو جائے گی۔

## ۲۰۸: بچوں کی ہر شکایت کے لیے یہ تعویذ مجرب ہے

**فضیلت:** ایک محدث عظیم قطب وقت رحمۃ اللہ علیہ بچوں کی ہر تکلیف میں یہ تعویذ دیا کرتے تھے جو کہ بہت مفید ہے۔ عبارت یہ ہے

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّآمَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَ صَلَّ اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَ اٰلِہٖ وَ بَارِکْ وَسَلِّمْ تعویذ گلے میں ڈال دیں انشاء اللہ شفا ہو گی۔

## ۲۰۹: بچوں کے رونے اور دودھ نہ پینے کا علاج

اگر کوئی بچہ بہت روتا ہو اور دودھ بھی نہ پیتا ہو اس کے علاوہ دوسری قسم کی شکایتوں میں اس تعویذ کو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈال دیں ان شاء اللہ ڈالتے ہی سب شکایت دور ہو جائے گی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَ خَشَعَتِ



Marfat.com

الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا اَفَمِنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ تَعْجَبُوْنَ وَ تَضْحَكُوْنَ وَلَا تَبْكُوْنَ وَلَبِثُوْا فِيْ كَهْفِهِمْ ثَلٰثَ مِائَةَ سِنِيْنَ وَ ازْدَادُوْا تِسْعًا.

## ۲۱۰: مُردوں کو خواب میں دیکھنے اور ان سے باتیں کرنے کا عمل

جو شخص کسی مردہ انسان کو خواب میں دیکھنا چاہے تو اس کو چاہیے کہ جمعہ کی رات میں چار رکعت نماز پڑھے اور چاروں رکعتوں میں فاتحہ کے بعد سورۃ التکاثر مکمل پڑھے۔ سلام پھیرنے کے بعد ۱۱۳ مرتبہ الاکم التکاثر پڑھ کر سو جائے اس عمل سے خواب میں مردہ کو دیکھے گا بھی انشاء اللہ تعالیٰ بات کرنے کا موقع بھی ملے گا۔

## ۲۱۱: ضروریات دنیا با آسانی پوری ہوں

جو کوئی بھی اس بات کا خواہاں ہو کہ اس کی ضروریات زندگی با آسانی پوری ہوتی رہیں تو ایسے میں وہ ذیل کے عمل کو اپنا معمول بنا لیں اس مقصد کے لیے ہر نماز کے بعد اکیس مرتبہ

## وظیفہ: يَا رَحْمٰنَ الدُّنْيَا وَ رَحِيْمَهَا

پڑھا کرے انشاء اللہ تعالیٰ العزیز حکیم اس کی ضروریات دنیا بفضلہ پردہ غیب سے



Marfat.com

باآسانی پورا ہوا کریں گی اور اسے کسی کے آگے کبھی بھی ہاتھ نہ پھیلانا پڑے گا۔

## ۲۱۲: ابتر معاملات کی درستگی

**فضیلت:** جو کوئی شخص اس بات کا خواہاں ہو کہ اس کے ابتر حالات مکمل طور پر درست ہو جائیں اور آئندہ کبھی بھی معاملات نہ بگڑنے پائیں تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

**وظیفہ:** اس مقصد کے لیے اسے چاہیے کہ ہر نماز کے بعد روزانہ اسم الٰہی **یَا مُصَوِّرُ** اکیاون مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور دعا مانگا کرے ان شاء اللہ اس عمل کی بدولت اس کے تمام ابتر معاملات رفتہ رفتہ درست ہو جائیں گے اور آئندہ کبھی بھی خراب نہ ہوں گے۔

## ۲۱۳: سانپ کے کاٹے کا علاج

جب کسی کو سانپ کاٹ جائے تو اس کے زہر کو رفع کرنے کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے اس مقصد کے لیے باوضو حالت میں فوری طور پر اس مقام پر اسم الٰہی یا احد سو مرتبہ پڑھ کر دم کریں زہر فی الفور خارج ہو جائے گا اور بفضلہٖ باری تعالیٰ اس تکلیف سے نجات پا جائے گا۔

## ۲۱۴: زلزلہ سے حفاظت کا عمل

**فضیلت:** جو شخص چاہتا ہو کہ اس کا مکان اور دکان وغیرہ زلزلے جیسی آفت



Marfat.com

سے بالکل محفوظ رہے تو اس کے لیے لازم ہے کہ وہ ذیل کا عمل اختیار کرے اس مقصد کے لیے اس مکان یا دوکان کی قبلہ رخ دیوار پر موٹے مارکر سے اسم یا ظاہر باوضو حالت میں تین مرتبہ لکھ دے انشاء اللہ اس عمل کی بدولت وہ مکان یا دوکان زلزلے سے بالکل محفوظ و مامون رہے گا۔

## ۲۱۵: بھاگنے والے بچے کا علاج

جو بچہ نافرمانی کرتا ہو اور پڑھنے لکھنے سے جی چراتا ہو کام کاج سے بھاگتا ہو اور ذرا سی سختی پر گھر دوکان یا مدرسہ سے بھاگ جاتا ہو تو ایسے میں اس کی اصلاح کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نفاع ہے۔

**وظیفہ:** اس مقصد کے لیے ذیل کی آیات مبارکہ اور درود شریف ذیل اکتالیس مرتبہ کسی میٹھی شے پر دم کر کے اس بچے کو کھلایا کریں یا پانی پر دم کر کے اس کو پانی پلایا کریں انشاء اللہ اکیس روز کے عمل مسلسل سے بفضلہٖ اس شکایت سے ہمیشہ کے لیے نجات مل جائے گی اور بچہ دوبارہ ایسی حرکات نہ کرے گا۔

وَ نُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَا شِفَآءٌوَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

## ۲۱۶: غیبی امداد حاصل کرنا

جو کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ اسے غیبی امداد ہمہ وقت حاصل رہے تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔



Marfat.com

اس مقصد کے لیے اول و آخر درود شریف ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ اور آیت مبارکہ ذیل ننانوے مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور خشوع و خضوع سے دعا مانگا کریں انشاء اللہ اس کو غیب سے امداد ملے گی۔

**درود شریف:**

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُحِلُّ بِھَا کُرْبَتِیْ وَ تُقْضٰی بِھَا حَاجَتِیْ

**آیت مبارکہ:**

وَلِلّٰہِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَ کَانَ اللّٰہُ عَزِیْزًا حَکِیْمًا.

## ۲۱۷: بری موت سے بچاؤ

ہمیں چاہیے کہ ہر وقت اللہ تعالیٰ کے حضور اللہ تعالیٰ سے بری موت سے پناہ مانگیں اور دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ ہمیں اچھی موت نصیب فرمائے اور ہمارا خاتمہ ایمان پر فرمائے اور بری موت سے بچاؤ کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

**وظیفہ:** اس مقصد کے لیے ہر روز ایک مرتبہ سورۃ سجدہ باوضو حالت میں پڑھ کر پانی پر دم کرے پھر دو رکعت نفل نماز پڑھے ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ سجدہ پڑھے اگر مکمل سورۃ سجدہ یاد نہ ہو تو اس کا کم از کم ایک رکوع یاد کر کے پڑھے اس عمل کو



Marfat.com

اپنا معمول بنا لے انشاء اللہ تعالیٰ اللہ کی رحمت خاص سے اس کی موت ایمان پر ہو گی اور اچھے انداز میں ہو گی۔

(نوٹ) اگر یہ عمل عشاء کی نماز کے بعد کرے تو اللہ عالیٰ اسے بہت سی مصیبتوں سے نجات عطا فرمائے گا۔

## ۲۱۸: عذاب قبر سے نجات کے لیے وظیفہ

اگر کسی شخص کی یہ خواہش ہو کہ وہ عذاب قبر سے محفوظ و مامون رہے تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور مفید ہے۔

**وظیفہ:** اس مقصد کے لیے رات کو سونے سے قبل باوضو حالت میں سورۃ ق ایک مرتبہ اور اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگے انشاء اللہ العزیز روزانہ اس عمل کی برکت سے وہ عذاب قبر سے محفوظ رہے گا۔

## ۲۱۹: نفس تابع فرمان ہو

جو کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ وہ نفس کی خرابیوں سے محفوظ اور مامن رہے اور اس کا نفس اس کا تابع فرمان ہو جائے تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید اور کارگر ہو اس مقصد کے لیے وہ روزانہ اکتالیس یوم تک فجر کی سنتوں اور فرض کے درمیان اکتالیس مرتبہ اسم الٰہی یا موخر کا ورد کیا کرے اور اس کو اپنے دل کے مقام پر دم کرے اور اس کا پانی نہار منہ پی لیا کرے۔ اس عمل کی بدولت اس کا نفس اس کے تابع فرمان ہو کر ہر قسم کی برائیوں سے نجات پا جائے گا اور کبھی بھی اسے تنگ نہ کرے گا۔



Marfat.com

## ۲۲۰: سحر کی وجہ سے نامردی کا علاج

جو کوئی بوجہ سحر یا جادو اپنی عورت پر قدرت سے محروم ہو گیا ہو اور اسے شرمندگی کا سامنا ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔ اس مقصد کے لیے روزانہ بعد نماز فجر اکیس یوم تک چینی کی طشتری پر اسم الٰہی یا جبار زعفران و گلاب سے گیارہ مرتبہ لکھ کر اسے پانی سے دھو کر نہار منہ اس کا پانی پی لیا کرے اور اسی کا ورد اکیس مرتبہ کر کے اپنے اوپر دم بھی کیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی بدولت اس کی قوت مردی نہ صرف بحال ہو جائے گی بلکہ اس کے مادہ منویہ کے اندر گاڑھا پن پیدا ہو جائے گا اور اسے اپنی عورت پر مکمل قدرت حاصل ہو جائے گی۔

(نوٹ) اس عمل کو غلط مقاصد کے لیے استعمال کرنے پر عذابِ الٰہی کا خود ذمہ دار ہو گا۔

## ۲۲۱: اگر قیدی رہائی چاہتا ہو

**وظیفہ:** اگر کوئی قید خانے سے رہائی چاہے تو روزانہ سورۃ جن پڑھ لیا کرے ان شاء اللہ با عزت بری ہو جائے گا۔

## ۲۲۲: بدن پر داغ دھبے دور کرنے کے لیے وظیفہ

مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيهَا

**فضیلت:** کسی کے بدن پر ناسور یا داغ دھبے ہوں تو اکتالیس مرتبہ اس آیت کو پڑھ کر دوا پر پھونکے پھر دوا استعمال کرے داغ دھبے دور ہو جائیں گے۔



Marfat.com

## ۲۲۳: بلغم کے خاتمہ کے لیے وظیفہ

جس شخص کو بلغمی مرض ہو وہ سات ھوئی چھوٹی لاہوری نمک کی کنکریاں لے اور ہر کنکری پر سات مرتبہ آیۃ الکرسی دم کر کے اور روزانہ ایک کنکری نہار منہ کھا لے اللہ تعالیٰ کے فضل سے مکمل شفا ہو گی۔

## ۲۲۴: اچانک موت سے محفوظ رہے گا

**وظیفہ: یا بَصِیْرُ**

**فضیلت:** جو شخص سات مرتبہ روزانہ عصر اور مغرب کے درمیان ان کلمات کو پڑھے گا وہ اچانک موت سے محفوظ رہے گا۔

## ۲۲۵: چہرہ نورانی بنانے والا عمل

**وظیفہ: اَلْخَالِقُ** جو شخص ہمیشہ اس اسم کا ورد رکھے گا تو اللہ تعالیٰ ایک فرشتہ پیدا کر دیتا ہے جو اس کی ہمیشہ عبادت کرے گا جس سے پڑھنے والے کا چہرہ منور رہے گا۔

## ۲۲۶: طاعون سے حفاظت کے لیے وظیفہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِ سَیِدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَرْفَعُ بِھَا عَنَّا الطَعْنِ الطَّاعُوْنِ

**فضیلت:** جو شخص ان کلمات کا ورد رکھتا ہو وہ طاعون سے محفوظ رہے گا۔



Marfat.com

## ۲۲۷: اگر کسی کے سر کے بال گرتے ہوں

**وظیفہ:** ہر نماز کے بعد تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ

یَا اللّٰہُ یَا بَارِئُ یَا کَبِیْرُ

پڑھ کر بالوں پر دم کرلیں انشاء اللہ بال گرنا بند ہو جائیں گے۔

## ۲۲۸: شادی میں رکاوٹ ہوتو

**وظیفہ:** یَا اللّٰہُ یَا لَطِیْفُ یَا رَحِیْمُ

**فضیلت:** اگر شادی میں رکاوٹ ہوتو ہر نماز کے بعد دو سو بائیس ۲۲۲ مرتبہ ان کلمات کو پڑھے۔

## ۲۲۹: گھر سے جنات دور کرنے کے لیے وظیفہ

**وظیفہ:** سورۃ نصر کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے گھر کے چاروں کونوں میں اکتالیس دن تک چھڑکیں ان شاء اللہ مکان سے جن چلا جائے گا۔

## ۲۳۰: پاگل پن اور جنون ختم کرنے کے لیے

**وظیفہ:** تین دن تک صبح و شام سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کرنا اور ہر مرتبہ ختم پر تھوک منہ میں جمع کر کے دیوانے پر ڈالنا بھی دفع دیوانگی کے لیے مجرب ہے۔



Marfat.com

## ۲۳۱: دانت کے ہلنے کا علاج

**وظیفہ:** مغرب کی نماز کے بعد دو رکعت نفل بہ نیت ایصال ثواب حضرت اویس قرنی رضی اللہ عنہ اس طرح پڑھے کہ سورۃ فاتحہ کے بعد ہر ہر رکعت میں سات مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے ان شاء اللہ دانتوں کا ہلنا بند ہو جائے گا۔

## ۲۳۲: منہ میں پھنسیوں کا علاج

**وظیفہ:** سورۃ والضحیٰ اکتالیس ۴۱ بار چینی پر دم کر کے چبانے سے ان شاء اللہ پھنسیاں اور چھالے ختم ہو جائیں گے۔

## ۲۳۳: درد گردن کا علاج

**وظیفہ:**

**اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِيْلُ فَتَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِا اللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ**

**فضیلت:** بعد نماز فجر اکتالیس مرتبہ یہ آیت پڑھ کر گردن پر دم کیا جائے ان شاء اللہ گردن کا درد جاتا رہے گا۔



Marfat.com

## ۲۳۴: زبان بند ہو جانے کا علاج

**وظیفہ:** ہر روز فجر اور نماز مغرب کے بعد انتہائی یکسوئی اور توجہ کے ساتھ سورہ والتین اکیس اکیس مرتبہ پڑھیں اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے بند زبان کھل جائے گی۔

## ۲۳۵: کثرت حیض کا علاج

**وظیفہ:** حیض کا خون زیادہ آنے کی صورت میں سات دن تک سورہ دہر پانی پر دم کر کے پلایا جائے ان شاء اللہ خون کا آنا بند ہو جائے گا۔

## ۲۳۶: جریان کا علاج

جریان کے مریض کو سورۃ حجرات تین مرتبہ پانی پر دم کر کے اکتالیس روز تک پلایا جائے ان شاء اللہ شفا ہو جائے گی۔

## ۲۳۷: بواسیر کا علاج

دو رکعت نماز نفل پڑھے پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورہ الم نشرح دوسری رکعت میں سورۃ فیل اور سلام پھیرنے کے بعد ستر مرتبہ پڑھے

اَسْتَغْفِرُاللّٰهَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ بِحَمْدِهٖ رَبِّی.

جب تک بواسیر کی شکایت رہے روزانہ عمل کرتا رہے ان شاء اللہ شفا ہو گی۔



Marfat.com

## ۲۳۸: کینسر کا علاج

**وظیفہ:** فجر کی سنتوں کے بعد اور فرضوں سے پہلے اکتالیس مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی میم کو الحمد کے لام سے ملا کر پوری سورۃ فاتحہ پڑھ کر کسی چیز پر دم کر کے وہ پانی یا عرق وغیرہ کینسر کے مریض کو پلانا نہایت مجرب ہے۔

## ۲۳۹: کاروبار میں برکت کے لیے

**وظیفہ:** سرکار اعظم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جبیر رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ کیا تو چاہتا ہے کہ جب تو سفر کے لیے نکلے تو اپنے ساتھیوں سے حالت اور سہولت میں بہتر ہو اور ان سے بڑھ کر ہو انہوں نے عرض کی کہ ہاں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم ان پانچ سورتوں کو پڑھ لیا کرو۔ سورۃ کافرون' سورہ نصر' سورۃ اخلاص' سورۃ فلق' سورہ الناس' ہر ایک سورت کو بسم اللہ شریف پڑھ کر شروع کرو حضرت جبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ان سورتوں کی برکت سے ہی بہت مال دار ہو گیا اور جیسا آپ نے فرمایا تھا ویسا ہی ہو گیا۔

## ۲۴۰: خاص دعا کی قبولیت کے لیے

**وظیفہ:** صَلَّى اللهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ

**فضیلت:** اس درود کو وقت مقرر کر کے باوضو تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ پڑھے اور کانچ کے گلاس میں پانی پر دم کر کے پی لے پھر دعا کرے اس کی جائز دعا



Marfat.com

قبول ہوگی۔

## ۲۴۱: غیبت سے بچنے کا نسخہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ

**فضیلت:** شیخ عبدالحق محدث دہلوی علیہ الرحمہ جذب القلوب میں نقل کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ جب کسی مجلس میں (یعنی لوگوں میں) بیٹھ اور یہ دعا پڑھ لو تو اللہ تعالیٰ تم پر ایک فرشتہ مقرر کر دے گا۔ جو تم کو غیبت سے باز رکھے گا اور جب مجلس سے اٹھو تو یہی دعا پڑھ لو تو اللہ تعالیٰ لوگوں کو تمہاری غیبت سے باز رکھے گا۔

## ۲۴۲: رات کو سوتے وقت کے عملیات

سرکار اعظم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ارشاد فرمایا کہ اے علی رضی اللہ عنہ رات کو روزانہ پانچ کام کر کے سویا کرو چار ہزار دینار صدقہ کر کے سویا کرو' جنت کی قیمت ادا کر کے سویا کرو' دولڑنے والوں میں صلح کروا کر سویا کرو' ایک حج کر کے سویا کرو۔ حضرت علی نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ امر محال ہیں کب بن سکیں گے سرکار اعظم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

۱: چار مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھ کر سویا کرو تو اس کا ثواب چار ہزار دینار صدقہ دینے کے برابر ہوگا۔

۲: تین مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھ کر سویا کرو قرآن مجید مکمل پڑھنے کے برابر ثواب ہوگا۔



Marfat.com

۳: دس مرتبہ درود شریف پڑھ کر سویا کر جنت کی قیمت ادا ہوگی۔

۴: دس مرتبہ استغفار پڑھ کر سویا کرو لڑنے والوں میں صلح کروانے کے برابر ثواب ہوگا۔

۵: چار مرتبہ کلمہ طیبہ پڑھ کر سویا کرو ایک حج کے برابر ثواب ہوگا۔

اس پر حضرت علی نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اب تو میں روزانہ ہی عملیات کر کے سویا کروں گا۔

## ۲۴۳: سات دنوں کے وظائف

امام غزالی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ میں نے ان اوراد سے بہت کچھ پایا۔

جمعہ: اللہ ہو سو مرتبہ پڑھنے سے تنگی دور ہو جائے گی

ہفتہ: لا الہ الا اللہ سو مرتبہ پڑھنے سے غم دور ہو جائیں گے

اتوار: یا حی یا قیوم ہزار مرتبہ پڑھنے سے غیب سے روزی ملے گی

پیر: یا حی یا قیوم ہزار مرتبہ پڑھنے سے غیب سے روزی ملے گی

منگل: صلی اللہ علیہ النبی والہ وسلم ہزار مرتبہ پڑھنے سے ہر بلا ٹل جائے گی

بدھ: استغفار ہزرا مرتبہ پڑھنے سے قبر کے عذاب سے نجات ملے گی

## ۲۴۴: حاجات کے حصول کے لیے وظیفہ

**يَا دَآئِمُ بَلَا فَنَآءٍ وَّلَا تَدَالَ لِمُلْكِهٖ وَ بَقَآئِهٖ يَا دَآئِمِ**

**فضیلت:** حاجات کے حصول کے لی تین روزے رکھے اور فجر کی نماز کے



Marfat.com

بعد تین سو مرتبہ یہ دعا پڑھے

## ۲۴۵: غیبی امداد کے لیے وظیفہ

یَا کَبِیْرُ اَنْتَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَا تَھْتَدِی الْعُقُوْلُ بِوَصْفِ عَظْمَتِہٖ یَا کَبِیْرُ.

**فضیلت**: ادائے قرض اور غیبی امداد کے لیے تین سو ساٹھ مرتبہ پڑھے

## ۲۴۶: اگر اولاد تنگ کرتی ہو

**وظیفہ**: یَا حَنَّانُ اَنْتَ الَّذِیْ وَسِعْتَ کُلَّ شَیْءٍ رَّحْمَۃً وَّ عِلْمًا یَا حَنَّانُ

**فضیلت**: روزانہ عصر کی نماز کے بعد ۱۱۹ مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا کریں اولاد فرمانبردار ہو جائے گی۔

## ۲۴۷: اپنے دشمنوں کو ذلیل کروانے کے لیے وظیفہ

یَا مُذِلَّ کُلَّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ بِقَھْرٍ عَزِیْزٍ سُلْطَانُہٗ یَا مُذِلُّ

**فضیلت**: اگر اکیس روز تک سات ہزار مرتبہ پڑھے تو اس پڑھنے والے کے



Marfat.com

دشمن ذلیل و رسوا ہوں گے۔

## ۲۴۸: اسرار الوہیت ظاہر ہوں

وظیفہ: يَا قَرِيْبُ الْمُجِيْبُ الْمَدَانِيْ دُوْنَ كُلِّ شَيءٍ قُرْبَةٌ يَا قَرِيْبُ

**فضیلت:** اگر کوئی شخص چالیس روز تک روزانہ پانچ سو مرتبہ اس دعا کو پڑھے تو اسرار الوہیت ظاہر ہوں گے۔

## ۲۴۹: زہر کے خاتمہ کے لیے وظیفہ

اَللّٰهُمَّ لَمَسَخْنٰهُمْ عَلٰى مَكَانَتِهِمْ مِّمَّا اسْتَطَاعُوْا مُضِيًّا وَّلَا يَرْجِعُوْنَ

**فضیلت:** روزانہ گیارہ دن یہ دعا پڑھ کر دم کریں اور زہر باد والی جگہ پر انگلی سے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم تین بار لکھیں انشاء اللہ شفاء ہو گی۔

## ۲۵۰: جادو کا اثر نہ ہو گا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. وَ اَمْلِیْ لَهُمْ اِنَّ كَيْدِیْ مَتِيْنٌ

**فضیلت:** یہ آیت لکھ کر بازو پر باندھیں اگر کوئی شخص اس پر جادو کرے گا تو جادو کا اثر نہ ہو گا۔



Marfat.com

## ۲۵۱: میاں بیوی میں محبت کے لیے

وظیفہ:

وَ مِنَ النَّاسِ مَنْ یَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ اَنْدَادًا یُّحِبُّوْنَھُمْ کَحُبِّ اللّٰہِ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ وَلَوْ یَرَی الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا اِذْ یَرَوْنَ الْعَذٰبَ اَنَّ الْقُوَّۃَ لِلّٰہِ جَمِیْعًا وَّ اَنَّ اللّٰہَ شَدِیْدُ الْعَذَابِ.

**فضیلت:** جس عورت کا خاوند ناراض ہو اس آیت کو شیرینی پر اکسی مرتبہ پڑھ کر دم کر کے شوہر کو کھلائے مطیع ہو جائے گا۔

## ۲۵۲: مردانہ قوت کے لیے

وظیفہ: اِنَّ لَکَ فِی النَّھَارِ سَبْحًا طَوِیْلًا

**فضیلت:** روزانہ ایک ہزار مرتبہ دس دن تک پڑھیں پڑھ کر پانی پر دم کر کے پانی پی لیں۔

## ۲۵۳: گائے بھینس یا عورت کو امید ہو

**فضیلت:** جو گائے بھینس حاملہ نہ ہوتی ہو (یا عورت بانجھ ہو) تو ذیل کی آیت



Marfat.com

یہ اضافہ صرف صَمَدًا بمع بسم اللہ ساٹھ عدد لکھ کر ایک عدد روزانہ ساٹھ دن کھلائیں۔ گائے بھینس کو آٹے میں اور عورت کو کسی طرح انشاء اللہ امید ہو جائے گی۔

وظیفہ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. رَبِّ لَا تَذَرْنِي فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوَارِثِيْنَ.

## ۲۵۴: مجرب نواب صدیق حسن صاحب مرحوم

وظیفہ: پیپل کے ۳ پتوں پر ہر پتے پر

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ قُلْنَا يَا نَارُ كُوْنِي بَرْدًا وَّسَلَامًا عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَ اَرَادُوْ بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَخْسَرِيْنَ.

لکھ دیں مریض وقت بخار سے ۳ گھنٹے پہلے ایک پتہ زبان سے چاٹ لے پھر ایک گھنٹہ بعد دوسرا پھر تیسرا وقت سے پہلے چاٹ لے ان شاء اللہ بخار نہ ہوگا۔

## ۲۵۵: برائے نرینہ اولاد و مانع اسقاط

ایک چینی کی پیالی میں یارحمٰن ۸۶ے گلاب و کسر سے لکھ کر پانی سے دھو کر یا گلاب سے دھو کر ابتدائے حمل سے وضع حمل تک روزانہ صبح پلایا کریں اور ایک سفید کاغذ پر یارحمٰن لکھ کر گلے میں بطور تعویذ رکھیں انشاء اللہ لڑکا پیدا ہوگا اور اسقاط بھی نہ ہوگا۔



Marfat.com

## ۲۵۶: برائے زوال شہوت

اگر کسی شخص کو شہوت ستائے احتمال گناہ ہو تو اللہ کریم کے اسماء جن میں ی آتی ہے جیسے قدیر خبیر علیم حکیم عظیم کریم حلیم جلیل رحیم وغیرہ کسی چینی کی طشتری پر لکھ کر پانی سے دھو کر پلائیں سات دن صبح اول پوری بسم اللہ لکھیں انشاء اللہ سکون ہو جائے گا۔

## ۲۵۷: برائے محبت گرفتن

جسے محبت میں گرفتار کرنا چاہیں اس پر سات سو چھیاسی بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر دم کر کے پلائیں انشاء اللہ اسے شدید محبت ہو جائے گی۔

## ۲۵۸: راہ بھول جانا راہ پانا

جب کہیں سفر میں چلتے چلتے راہ بھول جائیں تو کھڑے ہو کر اذان کہہ دیں بلند آواز سے ان شاء اللہ راہ کا علم ہو جائے گا۔

## ۲۵۹: اگر مکان پر اینٹ یا پتھر پڑیں

چار لوہے کی کیلیں لے کر ہر کیل پر پچیس بار یہ آیت پڑھیں

**وظیفہ: اِنَّھُمْ یَکِیْدُوْنَ کَیْدًاوَّاَکِیْدُ کَیْدًا فَمَھِّلِ الْکٰفِرِیْنَ اَمْھِلْھُمْ رُوَیْدًا**

پڑھ کر دم کریں پہلے بسم اللہ شریف پڑھ لیں ان چاروں کیلوں کو مکان کے چاروں کونوں میں گاڑھ دیں یا چھت پر چاروں کونوں پر گاڑ دیں ان شاء اللہ پتھر نہ



Marfat.com

پڑیں گے۔ ڈر کی صورت میں خود آیت الکرسی اور لاحول ولا قوۃ پڑھا کریں اللہ فضل کرے گا۔

## ۲۶۰: قید سے رہائی کا وظیفہ

قیدی سورہ والطور پارہ ۲۷ رکو نمبر ۳ اکثر پڑھا کرے ان شاء اللہ جلد رہائی حاصل ہوگی۔

## ۲۶۱: چور کی شناخت کرنے کا عمل

اس عمل سے چور کے سر کے بال خود بخود منڈ جاتے ہیں شنگرف کی ڈلی لے کر اس پر دس بار درود شریف پڑھ کر پھونکیں اور استرہ لے کر اس پر مندرجہ ذیل کلمات پڑھ کر دم کریں اور اپنی ران کے بال مونڈیں چور جہاں ہوگا اس کے سر کے بال منڈ جائیں گے کلمات یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰہِ عَلِیْقِہٖ مَلِیْقِہٖ تَلِیْقِہٖ نَلِیْقِہٖ بَحَقِّ لَآ اِلٰہَ اِلَّا
اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ وَ عَلِیٌّ وَّلِیُّ اللّٰہُ

## ۲۶۲: طغیانی دریا سے امن ہو

سات کاغذوں پر یہ دو آیات لکھ کر یکے بعد دیگر ایک ایک کر کے یہ کاغذ مشرق طرف دریا میں پھینک دیں ان شاء اللہ طغیانی کم ہو جائے گی۔

اَلَمْ تَرَ اَنَّ الْفُلْكَ تَجْرِیْ تا کُلُّ خَتَّارٍ كَفُوْرٍ



Marfat.com

## ۲۶۳: فصل کو نقصان پہنچانے والے پرندوں کا علاج

جس کھیت سے پرندے یا جانور بیج کھا جائیں یہ آیتیں لکھ کر چار گوشوں میں گاڑ دیں کسی لکڑی کے ساتھ باندھ کر کھڑا کریں انشاء اللہ جانور مکڑی مللخ وغیرہ گزند نہ پہنچائیں گے۔

وَ اِذَا تَوَلّٰی سَعٰی فِی الْاَرْضِ لِیُفْسِدَ فِیْهَا وَ یُهْلِكَ الْحَرْثَ وَ النَّسْلَ وَاللّٰه لَا یُحِبُّ الفَسَادَه

## ۲۶۴: برائے زہر باولے کتے کے کاٹے کا

نمک پر باوضو اول درود شریف وبسم اللہ پڑھ کر سورہ قریش پارہ نمبر ۳۰ گیارہ بار پڑھیں الٰہی بحرمت خواجہ محمد صداق ابن حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی بحکم خدا برکت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایں اثر سگ دیوانہ گم شود اور نمک پر دم کریں مریض گیارہ دن اس نمک کو غذا میں کھائے۔

## ۲۶۵: خوف کی جگہ حفظ وامان

**وظیفہ:** اَللّٰهُ حَافِظِیْ اَللّٰهُ نَاصِرِیْ اللّٰهُ نَاظِرِیْ اللّٰهُ مَعِیْ

**فضیلت:** یہ چار کلمات یاد کر لیں خوف کی جگہ ہو اندھیری رات میں کہیں قیام ہو یا سفر میں چل رہے ہوں انہیں پڑھتے جائیں ان شاء اللہ کچھ گزند نہ پہنچے گا اللہ تعالیٰ



Marfat.com

کی حفاظت میں ہو گا اسے جس مکان کے دروازے پر لکھ کر یا تختی پر پتھر پر مع بسم اللہ شریف کے لکھ کر لگا دیں گے وہ مکان ہر نقصان سے انشاء اللہ محفوظ رہے گا۔

## ۲۶۶: گم شدہ چیز کے لیے عمل

وظیفہ: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھ کر اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ پڑھیں اور چیز تلاش کریں نیز تلاش میں اسے پڑھتے رہیں نیز ایک بزرگ کا فرمان ہے کہ بسم اللہ کے بعد سورۂ والضحیٰ واللیل اذا سجی سات بار ڑھ کر تلاش کریں ان شاء اللہ تعالیٰ چیز مل جائے گی۔

## ۲۶۷: غلام یا اولاد کہا مانے

اگر چار پایہ شوخی کرے یا اولاد باغی ہو کہا نہ مانے تو یہ آیت پڑھ کر اس کے مکان میں پھونکیں اور کئی دن یہ عمل کریں ان شاء اللہ مطیع و فرمانبردار ہو جائے گا۔

پارہ نمبر۳ آخری رکوع افغیر دین سے الیہ یرجعون

## ۲۶۸: پسو دور ہوں

وظیفہ: پارہ۱۳ وما لنا سے کل المتوکلون

فضیلت: پڑھ کر سات بار اور سات بار یہ کہے کہ اے پسوؤ اگر تم اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھتے ہو تو ہم کو نہ ستاؤ پھر پانی پر دم کر کے اپنے اردگرد اور چارپائی وغیرہ پر



Marfat.com

چھڑک دو آرام ہو گا۔

## ۲۶۹: چہرے یا پشت وغیرہ کے مسے

بدن کے اکثر حصے پر بعض لوگوں کو موکے یعنی مسے ہو جاتے ہیں اور بدنما معلوم ہوتے ہیں بعض لوگ گھوڑے کا بال باندھ کر یا جراحی سے کاٹتے ہیں جس سے سخت تکلیف ہوتی ہے خون بکثرت نکل جاتا ہے اور خطرہ ضعف وغیرہ ہوتا ہے اس عمل سے بلا تکلیف مسے جھڑ جاتے ہیں اعمال کے منکر اسے آزما کر دیکھ لیں۔

### ترکیب:

نئے مونجھ کی غیر استعمال شدہ رسی صاف لیں جس سے چارپائی بنی جاتی بان فروش سے مل جائے گی اس پر عمل اس طرح کریں کہ جتنی تعداد میں مسے ہوں اتنی ہی گرہیں اس پر دینی ہیں گرہ دیتے وقت مریض مسے پر انگلی شہادت رکھے اور عمل کرنے والا یہ آیت پڑھے

فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا

صرف اتنا کلمہ اور اوپر دم کرنے کی ضرورت نہیں پھر دوسرے مسے پر انگلی رکھے اور عامل آیت کا حصہ پڑھے اسی طرح جتنی ضرورت ہو عمل کر کے رسی کو لپیٹ لیں اور کسی گندگی والے ملبے کے ذخیرہ کے اندر دبا دیں جہاں کم سے کم دو ہفتے دبی رہے اس سے پہلے ہرگز نہ نکالیں تین چار روز کے بعد مسے از خود گرنے شروع ہو جائیں گے اور چند دنوں میں جلد صاف ہو جائے گی۔ هٰذَا شَئٌ عَجِيْبٌ۔



Marfat.com

## ۲۷۰: زہر تمام حشرات الارض دور

سانپ بچھو بھڑ زنبور وغیرہ اور ہر جانور کے زہر کو کافی ہے۔ باذن اللہ جہاں کاٹا ہو وہاں پر پڑھ کر دم کریں ضرورت ہو تو پانی دم کر کے بھی پلائیں فوراً آرام ہوتا ہے اور بسم اللہ پھر درود شریف پھر یہ کلمات

**مُکْتَبِ ذَنْبِ عَقْرَبٍ بِقَوْلِهٖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ**

**زهریکصد و هشده گروه کثر دم فرود آید**

**زهر هفتاد گروه مارهم فرود آید زهریکصد**

**دهشده گروه غنڈل هم فرودآید زهر زنده و**

**پرنده هم فروآید**

**بِہٖ هُذًا حَبِیْبِ میچن خیل فقیر بابا**

**یَا نُوْحُ نَبِّی اللّٰهِ یَا نُوْحُ نَبِیُّ اللّٰهِ یَا نُوْحُ نَبِیَّ اللّٰهِ**

پڑھ کر دم کر دیں وضو کی شرط نہیں ان شاء اللہ فوراً آرام ہو گا۔

## ۲۷۱: علاج سحر و مرض مایوسہ

جس پر جادو کا اثر ہو یا جس بیماری سے اطبا عاجز آ چکے ہوں اس کے لیے ایک چینی کی طشتری سفید میں یہ کلمات لکھ کر پانی میں گھول کر چالیس دن پئیں انشاء



Marfat.com

اللہ صحت ہو گی۔

يَا حَيُّ حِيْنَ لَا حَيَّ فِيْ دَيْمُوْمَةِ مُلْكِهٖ وَ بِقَائِهٖ يَا حَيُّ

آگے بسم اللہ شریف اور الحمد شریف بھی لکھیں اعراب نہ بھی ہوں تو حرج نہیں یقینی صحت ہو گی۔

## ۲۷۲: برائے مرض صبیان مسان

صبح کی نماز کے بعد اکتالیس بار الحمد شریف مع وصل بسم اللہ شریف پڑھیں انسان بھولنے کا مرض دور ہو گا۔

## ۲۷۳: آسیب دور ہو

باوضو سورۂ مومون پارہ ۱۸ کی آخر کی چار آیتیں

اَفَحَسِبْتُمْ ــ رَاحِمِيْن

پڑھ کر آسیب زدہ کے کان میں پھونکیں انشا اللہ آسیب دور ہو گا۔

## ۲۷۴: آسیب کو جلانے کا عمل

مریض کے کان میں سات بار یہ آیت پڑھ کر پھونکیں۔

وَ لَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمَانَ وَ اَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ.

نیز سورۃ فاتحہ اور اخیر کے ۳ قل شریف اور آیت الکرسی اور سورہ طارق اور سورہ حشر کی



Marfat.com

آخیر کی ۳ آیتیں پڑھ کر پھونکنے سے جن کا وجود جل جاتا ہے۔

## ۲۷۵: دافع اثر سحر ہر قسم

چینی کی صاف طشتری پاک میں یہ آیت پاک سیاہی سے لکھ کر گھی سے محو کر کے مسحور کو چٹا دیں خواہ قدرے شکر بھی چھڑک لیں ان شاء اللہ سحر زائل ہو جائے گا اور مرتے دم تک نہ ہو گا۔

## ۲۷۶: دیگر قاصراز زن

**وظیفہ:** سورہ بینہ ۳۰ واں پارہ

لَمْ یَکُنِ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا

ساری لکھ کر پلانے سے بھی لرد کھل جاتا ہے۔

## ۲۷۷: اگر بچہ زیادہ روئے

**فضیلت:** بچے کے گلے میں یہ آیت لکھ کر ڈال دیں گریہ بسیار نہ کرے گا۔

اِذْ قَالَتِ امْرَءَ ةُ عِمْرَانَ رَبِّ اِنِّی نَذَرْتُ لَكَ مَافِیْ بَطْنِیْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّی اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

## ۲۷۸: عام قدرت بر عورت

ایک شخص نے حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہا سے عرض کی کہ میں اپنی بیوی



Marfat.com

سے محبت کرنے سے قاصر ہوں حالانکہ میں کمزور نہیں۔ لیکن جب پاس جاتا ہوں تو بند ہو جاتا ہوں آپ نے دو انڈے ابلے ہوئے منگوائے چھلکا اتار کر ایک انڈے پر یہ آیت لکھی

وَالسَّمَاءَ بَنَيْنٰهَا بِاَيْدٍوَّ اِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ

اسے کہہ کر تم کھالو دوسرے پر یہ آیت لکھی

وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمَاهِدُوْنَ

اسے کہا یہ بیوی کو کھلا دے چنانچہ اس کی رکاوٹ دور ہو گئی۔

## ۲۷۹: نظر بد دور کرنے کے لیے

**فضیلت:** یہ آیت شریفہ پڑھ کر بار بار دم کریں انشا اللہ اثر نظر لگنے کا دور ہو جائے گا انشاء اللہ تعالیٰ

وظیفہ: وَمَآ اَنْفَقْتُم مِنْ نَّفَقَةٍ اَوْنَذَرْتُم مِّنْ نَّذْرٍ فَاِنَّ اللهَ يَعْلَمُهٗ وَ مَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ

## ۲۸۰: نظر بد کا علاج

وظیفہ: وَ اِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْ لِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوْا الذِّكْرَ وَ يَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ وَ مَاهُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ



Marfat.com

فضیلت: یہ آیت مبارکہ پڑھ کر تین بار دم کریں انشاء اللہ نظر بد دور ہو جائے گا۔

## ۲۸۱: مانع اسقاط و اثمار

یہ آیت لکھ کر حاملہ بطور تعویذ گلے میں یا کمر میں باندھے گائے بھینس کو بھی اور اگر درختوں سے پھل گرتے ہوں تو ان کو بھی باندھے پھل محفوظ رہیں گے۔

وَلَبِثُوْفِیْ کَهْفِهِمْ ثَلَاثَ مِائَةٍ سِنِیْنَ وَزْدَ دُوْ تِسْعًا

باوضو پاک سیاہی سے لکھیں۔ سورہ کہف رکوع ۲ پارہ ۱۵۔

## ۲۸۲: برائے داد چنبل وغیرہ

وظیفہ: مَثَلُ کَلِمَةٍ خَبِیْثَةٍ کَشُجَرَةٍ خَبِیْثَةِ اجْتُثَّتْ مِنْ فَوْقِ الْاَرْضِ مَالَهَا مِنْ قَرَارٍ

یہ آیت مبارکہ لکھ کر جائے داد پر باندھیں نیز یہ ہی آیت ایکدھاگہ پر تین بار پڑھیں اور ہر بار ایک گانٹھ دھاگہ پر دم کر کے دیں پھر جائے داد یا چنبل وغیرہ پر باندھیں انشاء اللہ صحت ہوگی۔

## ۲۸۳: علاج برائے بواسیر

سورۃ اعلیٰ (پارہ ۳۰) اکثر اوقات خصوصاً ہر نماز کے بعد پڑھا کریں ان شاء اللہ بواسیر ہر قسم کی دور ہو جائے گی اور یہی سورۃ اعلیٰ کان کے درد وغیرہ پر پڑھ کر دم



Marfat.com

کریں تو درد دور ہوگا۔

## ۲۸۴: ناک یا لب پر خبیث پھنسی

بعض وقت لب (ہونٹ) یا ناک پر اول خفیف سی زہریلی پھنسی ہوتی ہے ہونٹ پر ہوتو اس کا زہریلا اثر انتڑیوں تک بھی ہو جاتا ہے اور منہ میں چھالے ہو جاتے ہیں بعض بچے اس سے ہلاک ہو جاتے ہیں اور بعض لوگوں کو گاہے ماہے ہونٹ یا ناک پر یہ زہریلی پھنسی اکثر نکلا کرتی ہے اور بہت تکلیف دیتی ہے اس کے لیے باوضو اول درود شریف سہ بار پھر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور الحمد شریف ساری پڑھ کر ایک گرہ دیں۔

## ۲۸۵: پھنسی کا علاج

چمڑے کی بدھی میں دے دیں اور گرہ پر دم کریں اسی طرح سات گرہ بنائیں یہ بدھی مریض کے گلے میں پہنا دیں جو کہ ہمیشہ بھی نکلتی ہو اس کو بھی ان شاء اللہ پھر نہ نکلے گی اور جس کو نکلی ہو اس کو صحت ہوگی۔

## ۲۸۶: برائے حفظ و حافظہ

جس کا حافظہ کمزور ہو تو سات دن ان آیات کو روئی کے ٹکڑے پر لکھ کر کھایا کرے اس طرح کہ ہفتہ کے روز یہ آیت لکھ کر پی لیں۔

ہفتہ: فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ (پارہ ۱۸ رکوع ۶)

اتوار: رَبِّ زِدْنِىْ عِلْمًا (پارہ ۱۸)



Marfat.com

سوموار: سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰى (پارہ ۳۰)

منگل: اِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَهْرَ وَ مَا يَخْفٰى (پارہ ۳۰)

بدھ: لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ (پارہ ۲۹)

جمعرات: اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْآنَهٗ (پارہ ۲۹)

جمعہ: فَاِذَا قَرَءْ نٰهُ فَا تَّبِعْ قُرْاٰنَهٗ (پارہ ۲۹)

صبح کے وقت باوضو لکھ کر کھلائیں انشاء اللہ حافظہ قوی ہوگا۔

## ۲۸۷: دردِ شقیقہ کا علاج

درد کی جگہ پکڑ کر یا ہاتھ رکھ کر یہ پڑھیں

بِسْمِ اللّٰهِ خَيْرِ الْاَسْمَآءِ رَبِّ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ
بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِىْ لَا يَضُرُّ مَعَ اِسْمِهٖ شَىْءٌ فِى
الْاَرْضِ وَلَا فِى السَّمَآءِ وَ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

اس کو تین تین بار پڑھ کر دم کرے اللہ صحت دے گا۔

## ۲۸۸: حصول حاجت کے لیے

حضرت حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ حصول جمیع حاجات کے لیے اتنا کلمہ لکھ کر اپنے پاس رکھیں ان شاء اللہ جمع حاجات پوری ہوں گی کلمہ یہ ہے۔



Marfat.com

وظیفہ:خداوندی اگر منظور داری حاجتم را برآری

باوضو لکھیں انشاءاللہ مرد برآئے گی۔

## ۲۸۹: جب کسی سے حاجت درپیش ہو

تو اس کے پاس جانے سے پہلے وضو کر کے بسم اللہ شریف پڑھ کر سات بار

یہ آیت شریفہ پڑھو

وَلَمَّا دَخَلُوْا مِنْ حَيْثُ اَمَرَهُمْ اَبُوْهُمْ مَا كَانَ يُغْنِي عَنْهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ اِلَّا حَاجَةً فِيْ نَفْسِ يَعْقُوْبَ قَضٰهَا.

سات بار پھر ایک بار درود شریف پڑھ کر چلو اور راستہ میں بھی پڑھتے رہو ان شاء اللہ

حاجت پوری ہوگی اللہ تعالیٰ سے مدد نیت میں رکھو۔

## ۲۹۰: فراخی رزق و دولت

حصول غناء میں فوری موثر و مجرب ہے۔جب کوئی نیا چاند چڑھے تو اس کے

پہلے بدھ وار دن کے کسی ایک معینہ وقت سات دن ایک ہی جگہ معینہ پر پڑھیں اول

پانچ بار درود شریف اور آخر بھی اور یہ کلمہ

يَا رَفْتَمَآئِيْلُ بِحَقِّ يَا وَهَّابُ

ایک ہزار بار پڑھ کر آخر میں پانچ بار درود شریف پڑھ کر اللہ کریم سے اپنی حاجت کی

دعا مانگیں انشاءاللہ رزق میں فراخی ہوگی۔



Marfat.com

## ۲۹۱: دوکان کی آمدنی بڑھے

کسی نیک طالع مند آدمی کے کرتہ کی کند پر آیت

اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِاللّٰهِ یُؤْتِیْهِ مَنْ یَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ.

لکھ کر دوکان یا خرید وفروخت کی جگہ لٹکا دے خوب آمدنی ہوگی۔

## ۲۹۲: حصول غنا و راحت قبر

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں فرمایا سرور دو جہاں صلی اللہ علیہ وسلم نے جس شخص نے روزمرہ سو بار

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ

اپنا وظیفہ مقرر کرلیا زندگی میں وہ محتاجی سے بچے گا اور قبر میں اسے وحشت نہ ہوگی۔

## ۲۹۳: رزق میں برکت کے لیے

اللہ کے پیارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو شخص چاہتا ہے کہ اس کے رزق میں برکت ہو وہ کھانا کھانے سے پہلے اور بعد ہاتھ دھولیا کرے اور بسم اللہ پڑھ کر کھانا شروع کرے انشاء اللہ اس کے رزق میں برکت ہوگی۔

## ۲۹۴: مسلمانوں کے لیے نقصان و مصیبت پر اجر

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر کسی مسلمان کا نقصان جا و مال ہو اور وہ



Marfat.com

اس پر صبر کرے اور یہ کلمات کہے۔

وظیفہ: اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّآ اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ فِیْ مُصِیْبَتِیْ وَاخْلُفْ لِیْ خَیْرًمِّنْھَا.

## ۲۹۵: ترقی رزق اور حاجات کے لیے میرا ذاتی عمل

الحمد للہ یہ عمل اس فقیر کا آزمودہ ہے اور آج تک تا دم تحریر میں یہ عمل کرتا ہوں جب سے یہ عمل کرتا ہوں اللہ تعالیٰ نے مجھے بن مانگے اتنی نعمتوں سے نوازا ہے۔ جس کا میں تصور بھی نہیں کر سکتا مسلمان بھائیوں اور بہنوں کی بھلائی کے لیے آپ سب کی خدمت میں عرض کر رہا ہوں۔

**وظیفہ**: سورۃ المزمل روزانہ چار مرتبہ پڑھیں دن یا رات میں کسی وقت بس چار کا عدد پورا کرتے رہیں انشاء اللہ اس کا ثمر آپ کو اتنا ملے گا کہ آپ تصور بھی نہیں کر سکتے۔

## ۲۹۶: زندگی میں ہر کامیابی کا راز

الحمد للہ عرصہ دراز سے اس فقیر پر اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصی عنایات کا سلسلہ جاری ہے اور آج تک مجھے جو کچھ بھی ترقی عزت و دولت اور شہرت ملی ہے اس میں میرا کوئی کمال نہیں شکر نعمت کے طور پر عرض کرتا ہوں کہ میری زبان پر ہر وقت یا تو قرآن کی تلاوت جاری رہتی ہے یا کوئی نعت گنگناتا رہتا ہوں اور اس سے بڑا کرم یہ ہے کہ کثرت سے گنے بغیر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس پر



Marfat.com

درود و سلام پیش کرتا رہتا ہوں میرے رب نے کبھی مجھے رسوا نہیں کیا اور ہمیشہ میری مدد فرمائی یہ ذاتی وظیفہ ہے جو عوام کی محبت کے پیش نظر عرض کر دیا ہے کوئی خوش نصیب اس پر عمل کر کے دنیا و آخرت سنوار سکتا ہے۔

## ۲۹۷: قرآن پاک کی بے لوث خدمت

میرا وظیفہ ہے کہ عرصہ پندرہ سال سے بے لوث قرآن اور بالخصوص فن تجوید و قرات کی خدمت میں مصروف ہوں۔ میرے کریم رب نے کبھی کسی کا محتاج نہیں کیا مجھے دنیا کے کسی امیر کی محتاجی نہیں ہے وہ مجھے اپنے خزانوں سے بے حساب عطا کرتا ہے میری نصیحت ہے قرآن پاک کی خدمت فی سبیل اللہ کرو پھر اللہ کی قدرت کے نظارے دیکھو وہ تمہیں کیا دیتا ہے۔

## ۲۹۸: جب معصوم بچہ یا کوئی اچھی چیز دیکھیں

جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کسی خوبصورت چیز کو دیکھتے تو پڑھتے۔

فَتَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ

ہمیں بھی چاہیے کہ سرکار صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت سمجھ کر اس پر عمل کریں۔

## ۲۹۹: استخارہ مجربہ

عشا کی نماز کے بعد تازہ وضو کر کے بستر پاک پر بیٹھ کر یا لیٹ کر تین بار درود شریف پڑھیں پھر دس بار الحمد شریف اور گیارہ بار قل شریف پڑھ کر سینہ پر دم کریں اور قبلہ رخ دائیں پہلو پر سوئیں نیت دل میں یہ کریں کہ اللہ کریم اپنے پاک



Marfat.com

کلام کی برکت سے خواب میں آ گاہی بخشیں کہ یہ کام کروں یا نہ کروں یا کون سا کام بہتر ہے ان شاء اللہ تعالیٰ صحیح حال معلوم ہو گا چند دن عمل کریں۔

## ۳۰۰: حصول مقاصد کے لیے

جمعہ کی نماز کے سورۃ والعصر ایک سو ایک بار پڑھیں اول آخر درود شریف پھر دعا اپنے مقاصد و حاجت کی مانگیں ان شاء اللہ مقصد حاصل ہو گا۔۳ جمعہ تک انشاء اللہ۔

## ۳۰۱: ورد حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہما

حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے ایک بار حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے گھر کے کام کے لیے غلام مانگا حضور نے فرمایا بیٹی اس سے بہتر چیز میں تجھے دیتا ہوں یہ کہ تو ہر نماز کے بعد ۳۳ بار سبحان اللہ اور ۳۳ بار الحمد للہ اور ۳۴ بار اللہ اکبر اور ایک بار

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَاشَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ
الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَ يُمِيْتُ وَ هُوَ حَيٌّ لَّايَمُوْتُ اَبَدًا
اَبَدًاؕ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَ هُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

پڑھ لیا کرو اس کا اجر اللہ تعالیٰ تجھے غلام سے بہتر دے گا یہ بہت مشہور وظیفہ ہے عمل کریں فائدہ ہو گا انشاء اللہ تعالیٰ۔

## ۳۰۲: حضور امام الانبیاءؐ کا خط روئے زمین کے جنات کے نام

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا کہ



Marfat.com

اے علی لکھو

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

هٰذَا الْكِتَابُ مِنْ مُّحَمَّدٍرَّسُوْلِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اِلٰی مَنْ يَّطْرُقُ الدَّارَ مِنَ الْعَمَّارِ وَ الزَّوَّارِ وَلَا طَارِقًا يَّطْرُقُ بِخَيْرٍ اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّا لَنَا وَلَكُمْ فِی الْحَقِّ سِعَآءً فَاِنْ كُنْتَ عَاشِقًا مُوْلِعًا اَوْ فَاجِرًا مُفْتِحِمًّافَهٰذَا كِتَابُ اللّٰهِ يَنْطِقُ عَلَيْنَا وَ عَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ اِنَّا كُنَّا تَسْتَنْسِيْخُ مَا كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ وَ رُسُلَنَا يَكْتُبُوْنَ مَا تَمْكُرُوْنَ اُتْرُكُوْا صَاحِبَ كِتَابِیْ هٰذَ وَانْطَلِقُوْا عَلٰی عَبْدِهِ الْاَصْنَامِ وَ اِلٰی مَنْ يَّزْعَمُ اَنَّ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ كُلُّ شَیْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ لَهُ الْحُكْمُ وَ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ حٰمٓ عٓسٓقٓ تَفَرَّقَ اَعْدَآءُ اللّٰهِ وَ بَلَغَتْ حُجَّةُ اللّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِيْمِ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَ هُوَالسَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ.



Marfat.com

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس نامہ مبارک کو حضرت علی رضی اللہ عنہ سے لکھوا کر حضرت سماک رضی اللہ عنہ کو عطا کیا سماک رضی اللہ عنہ نے رات کو حضرت اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وہ نامہ اپنے تکیہ کے نیچے رکھ لیا تھوڑی دیر کے بعد مکان کے اندر سے رونے فریاد کرنے کی آواز آئی ہائے مرگیا ہائے جل گیا اے سماک رضی اللہ عنہ میں ابتلا تیرے گھر میں آؤں گا نہ تیرے ہمسایہ میں رہوں گا مجھے معاف کر دے مجھے چھوڑ دے حضرت سماک رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں جب تک حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض نہ کروں گا ہرگز نہ چھوڑوں گا حضرت سماک رضی اللہ عنہ نے فجر کی نماز حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے پڑھی اور رات کا واقعہ عرض کیا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے سماک رضی اللہ عنہ جنات کی قوم پر رحم کر نامہ مبارک ہٹا لے خدا کی قسم قیامت تک جنات اسی طرح عذاب میں مبتلا رہیں گے حضرت سماک رضی اللہ عنہ نے وہ نامہ مبارک تکیہ کے نیچے سے ہٹا لیا اور وہ سارے جنات غائب ہوئے اور پھر اس مکان میں کبھی نہ آئے لوگو یہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان نامہ مبارک سارے جہان کے جنات کے نام پر لکھا ہوا ہے جس کسی شخص کے مکان میں جن بھوت آسیب کا خلل ہو اس نامہ مبارک کو لکھ کر دکان میں رکھنا جس شخص پر جن آتا ہو یہ نامہ مبارک لکھ کر آسیب زدہ کو دکھانا نہایت مفید اور بے حد مجرب ہے ایک مسلمان کو اس پر عمل کرنا مناسب ہے مگر اس نامہ مبارک کی زکوۃ دینی لازم ہے بغیر زکوۃ کے کامل اثر نہ ہوگا۔ کیونکہ ہماری زبانیں خراب ہیں ہمارے منہ بدبودار ہیں اس لیے اس نامہ کا کچھ زیادہ مرتبہ تلاوت کرنا اس کی زکوۃ ہے اور اس میں زیادہ نفع کی امید ہے زکوۃ کی ترکیب یہ ہے کہ رات کو آدھی رات کے بعد غسل کرے غسل کے بعد بارہ



Marfat.com

رکعتیں تہجد کی پڑھے اس کے بعد ایک ہزار مرتبہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدَ نِ النَّبِیِّ الْمَبْعُوْثِ اِلَی الْاِنْسِ وَالْجِنِّ وَالْاَسْوَدِ وَالْاَحْمَرِ وَا لَاصْفَرِ وَ الْاَکْبَرِ صَاحِبِ الْکَوْثَرِ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

اس کے بعد ایک سو اکتیس مرتبہ نامہ شریف تلاوت کرے اس کے بعد اس نامہ کو سفید کاغذ پر دیسی سیاہی سے لکھ کر آسیب زدہ کو دکھائے یا مکان میں رکھ دے اسی دن ہمسایہ تک جنات آسیب بھوت پلید سب کافور ہو جائیں گے عمل نہایت مجرب ہے مجھے امید ہے کہ مسلمان آقا علیہ الصلوۃ والسلام کے اس فیض سے محروم نہیں رہیں گے اور جب کبھی کسی میرے بھائی یا بہن کو آرام آ جائے اس کا مسئلہ حل ہو جائے اس عاجز کو اپنی نیک دعاؤں میں یاد رکھنا اللہ پاک ہم سب کا حامی و ناصر ہو۔

## ۳۰۳: سفلی جادو کا علاج

مواہب لدنیہ میں کتاب مدخل سے نقل کیا ہے کہ شیخ ابو محمد مرجانی کو جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خواب میں تشریف لا کر یہ علاج تلقین فرمایا خدا کے فضل سے عمل نہایت تاثیر والا ہے ایک مرتبہ آیت

لَقَدْ جَآءَ کُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ... الخ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْم تک پارہ گیارہ سورہ توبہ آخری آیت

ایک مرتبہ



Marfat.com

لَوْاَنْزَلْنَا هٰذَالْقُرْآنَ عَلٰی جَبَلٍ تا
وَهُوَالْعَزِیْزُالْحَکِیْمُ. (پارہ ۲۸ سورہ حشر آخری آیات)

سورۃ الفلق اور سورۃ الناس کاغذ یا چینی کی رکابی پر لکھ کر پھر یہ دعا لکھے:

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمُحْیِیْ وَ اَنْتَ الْمُمِیْتُ وَ اَنْتَ
الْخَالِقُ وَ اَنْتَ الْبَارِئُ وَ اَنْتَ الشَّافِیْ خَلَقْتَنَا
مِنْ مَّآءٍ مَّھِیْنٍ جَعَلْتَنَا فِیْ قَرَارٍ مَّکِیْنٍ اِلٰی قَدَرٍ
مَّعْلُوْمٍ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَ سْمَآءِ کَ الْحُسْنٰی
وَ صِفَاتِکَ الْعُلْیَا یَامَنْ م بِیَدِہِ الْاِبْتِلَآءِ
وَالْمَعَامَاتُ وَالشِّفَآءُ وَّالدَّوَآءُ بِمُعْجِزَاتٍ
نَبِیِّکَ مُحَمَّدٍوَّ بَرَکَاتِ خَلِیْلِکَ اِبْرَاھِیْمَ وُ
حُرْمَۃِ کَلِیْمِکَ مُوْسٰی عَلَیْہِ السَّلَامٍ اَللّٰھُمَّ اشْفِہٖ

وہ رکابی کے نقش وحروف گھول کر مریض کو پلائے جائیں پھر سات دن تک مواتر سورج سے پہلے یہ عمل کیا جائے انشاء اللہ جادو کیسا ہی کیوں نہ ہواتر جائے گا مریض تندرست ہو جائے گا عمل نہایت تبرک خود فخر المرسلین کا تلقین فرمایا ہوا ہے۔

## ۳۰۴: ہر قسم کے دکھ اور غم دفع ہونے کا علاج

بخاری و مسلم میں حضرت ابن عباس سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ و



Marfat.com

آلہ وسلم کو جب کسی قسم کا رنج ہوتا تب حضور صلی اللہ علیہ وسلم ان دعا کو پڑھتے تھے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ. لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ.

اگر کسی مسلمان بھائی کا قریبی عزیز مر جائے یا کسی کا مال کھو جائے یا کوئی اور صدقہ عظیم ایسا پیدا ہو جائے جس کی برداشت نہ ہو سکے ایسے سخت وقت میں اس دعا کا پڑھنا یک دم دل سے رنج کو دور کرتا ہے جس طرح کانٹا نکل جانے راحت معلوم ہوتی ہے۔ اسی طرح دس بارہ دفعہ پڑھنے سے رنج کی کمی معلوم ہو گی بعض عطاء نے اس دعا کو اسم اعظم بھی فرمایا ہے۔ ہر صورت نہایت مقصد دعا ہے اور کیوں نہ ہو مولا کی تعریف اور پھر سید اولین و آخرین کی زبان مبارک سے تو پھر نور علی نور۔

## ۳۰۵: بدخوابی بے چینی اور نیند نہ آنے کا علاج

ترمذی شریف میں حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک دن حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے رات کی بے چینی نیند نہ آنے کی شکایت کی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے خالد جب سونے کے لیے بستر پر لیٹو تو یہ دعا پڑھا کرو۔

وظیفہ:

اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَ مَا اَظَلَّتْ وَ



Marfat.com

رَبَّ الْاَرَضِیْنَ وَ رَبَّ الشَّیَاطِیْنَ وَ مَا اَضَلَّتْ کُنْ لِّیْ جَارًا مِّنْ شَرِّ خَلْقِكَ كُلِّهِمْ جَمِيْعًا اَنْ يَّفْرُطَ عَلٰى اَحَدٌ مِّنْهُمْ اَوْ يَبْغِيْ عَلَيَّ عَزَّجَاۗءُكَ وَ جَلَّ ثَنَآئُكَ وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ.

## ۳۰۶: سر کے درد کا مدنی علاج

مواہب لدنیہ میں ابن انس رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ حضرت اسماء بنت ابی بکر الصدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں سر کے درد وار ورم کی شکایت کی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا ہاتھ حضرت اسماء کے سر کے دوپٹہ پر اوپر سر پر رکھا اور یہ کلمات پڑھ کر درد اور ورم جھاڑا

بِسْمِ اللّٰهِ اَذْهَبْ عَنْهَا سُوْٓءَهٗ وَ فُحْشَهٗ بِدَعْوَةِ نَبِيِّكَ الطَّيِّبِ الْمُبَارِكِ الْمَتِيْنِ عِنْدَكَ بِسْمَ اللّٰهُ

تین مرتبہ اسے پڑھ کر جھاڑا پھر حضرت اسماء کو حکم دیا کہ تم خود اسی طرح جھاڑنا۔ حضرت اسماء نے تین روز تک اسی طرح پڑھ کر جھاڑا خدا کے فضل سے درد بھی جاتا رہا اور ورم بھی۔

## ۳۰۷: داڑھ اور دانت درد کا نبوی علاج

مواہب حمیدی سے منقول ہے کہ ایک روز بی بی فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ



Marfat.com

عنہا اپنی داڑھ دانتوں کے درد کی شکایت لے کر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آئیں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی انگلی مبارک حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کے دانتوں پر رکھ کر فرمایا:

بِسْمِ اللّٰهِ وَ بِااللّٰهِ اَسْئَلُكَ بِعِزّكَ وَ جَلَالِكَ وَ قُدْرَتِكَ عَلٰى كُلِّ فَاِنَّ مَرْيَمَ تَلِدُ عِيْسٰى مِنْ رُوْحِكَ وَ كَلِمَتِكَ اَنْ تَشْفِيْ مَا بِفَاطِمَةِ بِنْتِ خُدِيجَةَ مِنَ الضُّرِّ كُلِّهَا

## ۳۰۸: ایک پسندیدہ درود شریف

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَ عَلٰى اٰلِهٖ وَ صَحْبِهٖ وَ بَارِكْ وَ سَلِّمْ

حضرت شیخ المشائخ شاہ ولی اللہؒ کے والد بزرگوار نے انہیں یہ درود پڑھنے کو فرمایا تھا شاہ صاحب کو ایک روز حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی انہوں نے یہ درود حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پڑھا جس کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پسند فرمایا۔

## ۳۰۹: دافع نسیان

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍوَّ اٰلِهٖ كَمَا لَا نِهَا يَةَ لِكَمَا



Marfat.com

لِكَ وَ عَدَدَ كَمَالِهٖ

دفع نسیان کے لیے یہ درود شریف مغرب اور عشاء کے درمیان کسی عدد معین کے بغیر پڑھنا۔

## ۳۱۰: شفاعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍوَّ اَنْزِلْهُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت ابن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو شخص اس درود شریف کو پڑھے اس کے لیے میری شفاعت واجب ہو جاتی ہے۔

## ۳۱۱: ایک ہزار دن تک نیکیاں

جَزَ اللّٰهُ عَنَّا سَيِّدِنَا وَ مَوْلٰينَا مُحَمَّدً ﷺ هُوَ اَهْلَهٗ

یہ درود پاک پڑھنے والے کے لیے ستر ہزار فرشتے ایک ہزار دن تک نیکیاں لکھتے رہتے ہیں۔ (طبرانی)

## ۳۱۲: درودِ اسم اعظم ہر امتحان میں کامیابی کا وظیفہ

اَللّٰهَ رَبُّ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَا نَحْنُ عِبَادُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَا.



Marfat.com

قاری محمد زبیر صاحب کا آزمودہ وظیفہ ہے وہ فرماتے ہیں کہ ہر قسم کے امتحان میں کامیابی کے لیے دن میں ایک سو مرتبہ یہ درود پڑھنے سے ہر امتحان میں کامیابی حاصل ہوئی ہے اس کے علاوہ کسی بھی مقصد کے لیے اس وظیفہ نہایت مجرب ہے۔

## میرے والد محترم کا آزمودہ وظیفہ

راقم الحروف (یعنی میرے والد صاحب زید مجدہ) کا معمول ہے کہ صبح تہجد کے بعد سورہ یٰسین سورہ رحمٰن سورہ ملک سورہ مزمل درود تاج اور ذکر خفی لا الہ الا اللہ بعد نماز فجر ذکر الٰہی میں مصروف رہتے ہیں سو سال کی عمر میں باجماعت نماز بلکہ نماز تراویح بھی کھڑے ہو کر ادا فرماتے ہیں تقریباً نوے سال کی عمر کے بعد انہیں حج کی سعادت حاصل ہوئی اور انہوں نے الحمد اللہ تمام ارکان حج چل کر ادا فرمائے۔

# راز کی بات

جب میں نے ان سے دریافت کیا کہ آپ کی صحت کا راز کیا ہے۔ فرماتے ہیں رزق حلال کے بعد میرا معمول ہے کہ رات کا کھانا کھانے سے قبل چاروں قل سورہ الفاتحہ سورہ البقرہ کی ابتدائی آیات آیۃ الکرسی سورہ البقرہ کی آخری آیات اور سورہ حشر کی آخری آیات اور چند متفرق آیات پڑھ کر تمام انبیاء صحابہ اولیاء اور بالخصوص حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی روح مبارکہ کو ثواب پیش کرتا ہوں اور سب زندہ اور مردہ مسلمان بھائیوں اور بہنوں کے لیے دعا کرتا ہوں یہ فرماتے ہیں کہ میرا یہ یقین کہ اس عمل کی برکت سے اس عمر میں بھی بیماریوں سے محفوظ ہوں اللہ تعالیٰ ہم سب کو بھی ان اعمال پر استقامت عطا فرمائے۔



Marfat.com

## درود مغفرت

۳۱۴: اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍوَّ عَلٰی اٰلِہٖ وَسَلِّمْ

تاجدار عرب وعجم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص یہ درود شریف پڑھے اگر کھڑا تھا بیٹھنے سے پہلے اور اگر بیٹھا تھا تو کھڑے ہونے سے پہلے اس کے گناہ معاف کر دیے جائیں گے۔



Marfat.com

# اسمائے حسنیٰ جل جلالہ

اللہ تعالیٰ کے اسماء کے اوراد و وظائف ہر مسلمان کے لیے بابرکت اور دونوں جہانوں میں باعث نجات و امن ہیں۔ دینی و دنیاوی امور میں ان سے مدد لینے کا حکم اللہ تعالیٰ کی طرف سے قرآن حکیم میں موجود ہے۔ مستند حوالوں سے یہ بات ثابت ہے کہ جسے اللہ تعالیٰ کے اسمائے مبارک زبانی یاد ہوں اور وہ زیادہ نہیں' صرف ایک بار انہیں صبح کی نماز کے بعد ورد کرلیا کرے' اس کے لیے یہ عمل بے پناہ برکات کا حامل ہو جاتا ہے۔ ایک اور روایت کے مطابق اسمائے حسنیٰ کا روزانہ ورد کرنے والے پر جہنم حرام کر دی جاتی ہے۔ وما توفیقی الا باللہ

دن کو اسمائے حسنیٰ کا ورد کیا جائے تو ہر اسم سے پہلے ''ال'' کا اضافہ کرے جیسے القادر۔ الوالی۔

رات کو ورد کرے تو یا کے ساتھ کرے جیسے یا غنی۔ یا مغنی۔ یا رزاق



Marfat.com

## اَلرَّحْمٰنُ جَلَّ جَلَالُهٗ

بے پایاں رحم کرنے والا۔

جو انسانوں پر بلا تفریق اپنی رحمتیں اور برکتیں نازل فرماتا ہے۔

☆ ہر فرض نماز کے بعد اگر اس اسم کا سو مرتبہ ورد کیا جائے تو اس کی برکت سے نہ صرف حافظہ میں اضافہ ہوتا ہے بلکہ خشوع قلب بھی حاصل ہوتا ہے۔

☆ اللہ تعالیٰ کی ذات بابرکات سے رحم و کرم کے امیدوار کو چاہیے کہ اس اسم کا روزانہ رات کو سوتے وقت دو سو آٹھ بار ورد کر کے سویا کرے۔

## اَلرَّحِيْمُ جَلَّ جَلَالُهٗ

سب سے بڑا رحیم

وہ جو برکتوں، بخششوں کا سرچشمہ ہے، بالخصوص ان کے لیے جو اس کی عطا کردہ نعمتوں کو اس کے حکم کے مطابق استعمال کرتے ہیں اور جس پر ایمان رکھنے والے دنیا و آخرت میں اس کی نعمتوں سے سرفراز ہوتے ہیں۔

☆ ہر فجر کی نماز کے بعد اگر اس اسم کا سو مرتبہ ورد کیا جائے تو اس کے اثر سے ہر شخص مہربان ہو جائے گا اور ورد کرنے والے سے محبت و الفت کے ساتھ پیش آئے گا۔

☆ نماز عشاء کے بعد اگر اس اسم پاک کو چھ سو بار روزانہ اول و آخر ایک سو بار درود شریف کے ساتھ ورد کیا جائے تو اللہ کی رحمتیں انسان پر سایہ کر دیتی ہیں۔



Marfat.com

## اَلْمَلِکُ جل جلالہ

حاکم کائنات

وہ جو تمام کائنات کا واحد مالک ہے۔

☆ اس اسم کا ورد کرنے والا لوگوں میں ہمیشہ معزز و مقبول رہتا ہے۔

☆ جس کا اپنا ذاتی مکان نہ ہو وہ اس اسم پاک کا ورد اس کے اعداد کے مطابق روزانہ رات کو سوتے وقت کیا کرے۔ انشاء اللہ بہت جلد اپنے مکان کا مالک بن جائے گا۔

## اَلْقُدُّوْسُ جل جلالہ

پاک

جملہ غلطیوں اور عیوب سے پاک اور ہر قسم کی بھول چوک اور نقائص سے مبرا

☆ دن میں سو مرتبہ اس کا ورد کرنے والے کا دل ہر قسم کی پریشانیوں سے آزاد رہتا ہے۔

## اَلسَّلَامُ جل جلالہ

امن و سلامتی کا سرچشمہ

وہ جو اپنے بندوں کو جملہ خطرات و مزاحمتوں سے محفوظ رکھتا ہے اور اپنے خوش نصیب بندوں کو جنت کی راحتیں عطا کرتا ہے۔



Marfat.com

☆ اگر اس اسم کو ۱۶۰ بار ورد کر کے مریض پر دم کریں تو مریض صحت یاب ہو جاتا ہے

## اَلْمُؤْمِنُ جَلَّ جَلَالُهٗ

آفات و عذاب سے امن و امان میں رکھنے والا

وہ جو اپنے بندوں کے دل میں ایمان پیدا کرتا ہے اور ان کی حفاظت کرتا ہے۔ جو اس کی مدد طلب کرتا ہے نیز اس کو دلی سکون عطا کرتا ہے۔

☆ اس اسم کا ورد کرنے والا ہر قسم کی مضرتوں سے محفوظ رہتا ہے۔

## اَلْمُهَيْمِنُ جَلَّ جَلَالُهٗ

حفاظت کرنے والا

وہ جو ہر شے کی نگرانی و حفاظت کرتا ہے۔

☆ مکمل توجہ کے ساتھ اس اسم کا ورد کرنے سے باطن روشن ہوتا ہے۔

## اَلْعَزِيْزُ جَلَّ جَلَالُهٗ

بڑے اقتدار والا

وہ جس کا اقتدار سب پر حاوی ہے۔

☆ اگر روزانہ فجر کی نماز کے بعد چالیس دن تک چالیس مرتبہ اس اسم کا ورد کیا جائے تو اس کی برکت سے ورد کرنے والا نہ صرف خود کفیل ہو جائے گا بلکہ دوسروں کی امداد سے بے نیاز ہو جائے گا۔



Marfat.com

## اَلْجَبَّارُ جَلَّ جَلَالُہٗ

زبردست غلبہ رکھنے والا

وہ جو بگڑی بنانے والا ہے' وہ جو نامکمل کو مکمل کرنے والا ہے اور وہ جو اپنے بندوں سے اپنی منشاء کے مطابق کام لینے کی قدرت رکھتا ہے۔

☆ اپنے بندوں سے اپنی منشاء کے مطابق کام لینے کی قدرت رکھتا ہے۔

☆ اس اسم کا ورد کرنے والا کسی شخص سے مغلوب نہ ہو گا اور نہ کوئی اس سے درشت رویہ اختیار کر سکتا ہے۔

## اَلْمُتَكَبِّرُ جَلَّ جَلَالُہٗ

عظمت و کبریائی کا سرچشمہ

وہ جس کی شان کبریائی ہر شے سے نمایاں ہے۔

☆ اس اسم کے ورد کے بعد مباشرت کرنے سے صالح اولاد پیدا ہوتی ہے۔

## اَلْخَالِقُ جَلَّ جَلَالُہٗ

وجود بخشنے والا۔ پیدا کرنے والا

وہ جو حسب حال قوتوں اور صلاحیتوں سے آراستہ وجود بخشنے والا ہے۔

☆ جو شخص رات کے وقت اس کا ورد کرتا ہے باری تعالیٰ قیامت تک اس کی حفاظت کے لیے ایک فرشتہ متعین کر دیتا ہے اور اس فرشتے کے اعمال کا اجر ورد کرنے



Marfat.com

والے کو ملتا ہے۔

## اَلْبَارِئُ جَلَّ جَلَالُہٗ

ہر چیز کو عدم سے وجود میں لانے والا

وہ جس نے ہر شے متناسب اور بے مثال تخلیق کی ہے۔

☆ بے اولادوں کے لیے اس اسم باری کا روزانہ بعد عشا دو سو تیرہ مرتبہ ورد کر کے دعا مانگنا انہیں صاحب اولاد کرتا ہے۔ انشاء اللہ

## اَلْمُصَوِّرُ جَلَّ جَلَالُہٗ

مخلوقات کی صورت گری کرنے والا

☆ یا خالق، یا باری، یا مصور۔ اولاد کی متمنی خاتون، اگر سات دن تک روزہ رکھ کر ان تینوں اسماء کا ۲۱ مرتبہ ورد کرے اور پانی پر دم کر کے اس پانی سے روزہ افطار کرے تو اللہ تعالیٰ اس کو اولاد سے سرفراز کرے گا۔

☆ حمل کو چوتھا مہینہ لگ جائے تو مرد اپنی بیوی کے پیٹ پر روزانہ یہ اسم لکھا کرے۔ اگر اولاد نرینہ کی خواہش ہو گی تو اللہ تعالیٰ اس آرزو کو اپنے فضل سے پورا فرما دے گا۔

## اَلْغَفَّارُ جَلَّ جَلَالُہٗ

بڑا درگزر کرنے والا



Marfat.com

وہ جو تمام گناہوں کو معاف فرماتا ہے۔

☆ جو اس اسم کا ورد کرے گا اللہ تعالیٰ اس کے گناہوں کو بخش دے گا۔

## اَلْقَهَّارُ جَلَّ جَلَالُهٗ

اپنی مخلوق پر کامل غلبہ اور اختیار رکھنے والا

☆ جو شخص اس اسم کا ورد کرتا ہے اس کو اپنی جملہ خواہشات پر قابو حاصل ہو جاتا ہے۔ وہ ہوس جاہ و جلال سے آزاد ہو کر روحانی سکون حاصل کر لیتا ہے۔ اس اسم کا ورد انسان کو غلط کاریوں سے بھی بچائے رکھتا ہے۔

## اَلْوَهَّابُ جَلَّ جَلَالُهٗ

بے غرض بخشش اور سخاوت کرنے والا

وہ جو اپنی مخلوقات کو اپنی برکتوں اور بخششوں سے نوازتا ہے۔

☆ اگر کوئی شخص دعا سے پہلے اور دعا کے بعد اس اسم کا سات مرتبہ ورد کرے تو اس کی دعا قبول ہوتی ہے۔

☆ اگر تین سے سات راتوں میں دو رکعت نماز نفل ادا کر کے اس اسم کا ورد ۱۰۰ مرتبہ کرے تو اس کی جملہ ضرورتوں کو اللہ پورا فرمائے گا۔

☆ کسی کے دل میں جائز محبت پیدا کرنے کے لیے اس اسم پاک کا روزانہ مطلوب کے نام کی تعداد کے مطابق ورد کر کے اللہ سے دعا کیا کرے۔



Marfat.com

## اَلرَّزَّاقُ جَلَّ جَلَالُہٗ

حاجت روا

وہ جو اپنی مخلوقات کو مفید ترین اشیاء عطا کرتا ہے۔

☆ وہ جو شخص اس اسم کا ورد کرتا ہے، پروردگار عالم اس کی کفالت اپنے ذمے لے لیتا ہے۔

## اَلْفَتَّاحُ جَلَّ جَلَالُہٗ

مشکلوں کو حل کرنے والا

وہ جو تمام مشکلوں کو حل کرنے والا اور تمام ملامتوں کو دور کرنے والا ہے۔

☆ جو شخص اس اسم کا ورد کرتا ہے اس کا قلب روشن ہو جاتا ہے اور اس کو اپنے مقاصد میں کامیابی ہوتی ہے۔

## اَلْعَلِیْمُ جَلَّ جَلَالُہٗ

ہر چیز کا جاننے والا

☆ جو شخص اس اسم کا ورد کرتا ہے۔ اس کا دل تجلیات سے معمور ہو جاتا ہے۔

## اَلْقَابِضُ جَلَّ جَلَالُہٗ

ہر شے پر قبضہ رکھنے والا



Marfat.com

وہ جو ہر شے پر قابض ہے۔

☆ اگر کوئی شخص اس اسم کو روٹی کے ۵۰ ٹکڑوں پر لکھ کر چالیس دن تک کھائے تو اس کو بھوک سے نجات مل جائے گی۔

## اَلْبَاسِطُ جَلَّ جَلَالُہٗ

وسعت دینے والا

وہ جو کشادگی عطا کرتا ہے۔

☆ اگر کوئی شخص اس اسم کا بعد نماز فجر اپنے دونوں ہاتھ پھیلا کر دس مرتبہ ورد کرے اور اس کے بعد دونوں ہاتھ اپنے منہ پر پھیر لے تو وہ اپنی جملہ ضرورتوں سے بے نیاز ہو جائے گا۔

## اَلْخَافِضُ جَلَّ جَلَالُہٗ

پست کر دینے والا

☆ جو شخص تین دن تک روزہ رکھے اور چوتھے روز مجمع میں اس اسم کا ۷۰۰۰ مرتبہ ورد کرے تو اس کو اپنے دشمنوں سے نجات مل جائے گی۔

## اَلرَّافِعُ جَلَّ جَلَالُہٗ

وہ جو بلندیاں عطا کرتا ہے

☆ جو شخص شب و روز اس اسم کا سو مرتبہ ورد کرے تو اللہ تعالیٰ اس کو سرفرازی،



Marfat.com

عزت، دولت اور بلند مرتبہ عطا فرمائے گا۔

## اَلْمُعِزُّ جَلَّ جَلَالُہٗ

عزت دینے والا

وہ جو انسان کو عظمت، شوکت اور مقبولیت عطا کرتا ہے۔

☆ اگر کوئی بحساب تقویم قمری پیر اور جمعہ کی راتوں میں یعنی شمسی حساب اتوار اور جمعرات کی راتوں مین اس اسم کا ۱۴۰ مرتبہ ورد کرتا ہے تو اللہ اس کو دیگر کی نظروں مین وقیع اور معزز بناتا ہے۔ وہ خدا کے سوا کسی سے نہیں ڈرے گا۔

## اَلْمُذِلُّ جَلَّ جَلَالُہٗ

ذلت دینے والا

وہ جو متکبر اور نافرمانوں کو ذلیل و خوار کرتا ہے۔

☆ اس اسم کا ورد کرنے والا مضرتوں اور حاسدوں کی ایذا رسانی و غیبت کے اثرات سے محفوظ رہتا ہے۔

## اَلسَّمِیْعُ جَلَّ جَلَالُہٗ

مخلوقات کی سننے والا

وہ جو مخلوق سے ہر ایک کی سنتا ہے۔

☆ جو کسی سے بات کیے بغیر جمعرات کو نماز ظہر کے بعد اس اسم کا سو مرتبہ ورد



Marfat.com

کرے تو پروردگار عالم اس کی ہر خواہش کو پورا کرے گا۔

## اَلْبَصِیْرُ جَلَّ جَلَالُهٗ

ہر چیز کو دیکھنے والا

وہ جو ہر چیز کا مشاہدہ کر رہا ہے۔

☆ جو شخص جمعہ کے دن پہلی چار سنتوں اور فرض کے درمیان ۱۰۰ مرتبہ اس اسم کا ورد کرے گا تو اللہ تعالیٰ دوسروں کی نظروں میں اس کو باعزت اور موثر بنائے گا۔

## اَلْحَكَمُ جَلَّ جَلَالُهٗ

انصاف کرنے والا

وہ جو انصاف کرتا ہے اور حقدار کو اس کا حق دلاتا ہے۔

☆ جو شخص رات میں کئی مرتبہ اس اسم کا ورد کرتا ہے تو اس پر بہت سے پوشیدہ راز آشکارا ہو جاتے ہیں۔

## اَلْعَدْلُ جَلَّ جَلَالُهٗ

سرتاپا انصاف

وہ جو انصاف کرنے والا ہے۔

☆ اگر اس اسم کو جو جمعہ کی شب روٹی کے ٹکرے پر لکھ کر کھائے تو لوگ اس کے فرماں بردار ہو جائیں۔



Marfat.com

## اَللَّطِيْفُ جَلَّ جَلَالُہٗ

بڑا لطف و کرم کرنے والا

وہ جو ہر چیز کے دقیق ترین معنی سے واقف ہے وہ جس نے ہر شے کو ایسی حکمت کے ساتھ پیدا کیا جس کا کوئی نہیں سمجھ سکتا اور وہ یہ کہ انتہائی راز داری سے سب پر اپنی برکتیں نازل فرماتا ہے۔

☆ اگر کوئی شخص مفلس ہو جائے اور بے یار و مددگار بھی ہو تو ایسا شخص دو نفل نماز اکیلا ادا کرنے کے بعد اس اسم کا ۱۰۰ مرتبہ ورد کرے تو اس کی مراد بر آئے گی۔

## اَلْخَبِيْرُ جَلَّ جَلَالُہٗ

باخبر اور آگاہ

وہ جو ہر شے کے باریک ترین مضمرات سے آگاہ ہے اور ہر شے کے اندرونی معنی سے باخبر ہے۔

☆ اگر کوئی بری لت سے چھٹکارا حاصل کرنا چاہے تو اس اسم کا مسلسل ورد کرے۔ انشاءاللہ اس کو اس لت سے رہائی مل جائے گی۔

## اَلْحَلِيْمُ جَلَّ جَلَالُہٗ

بڑا بردبار اور برداشت کرنے والا

وہ جو بڑا رحم کرنے والا ہے۔



Marfat.com

☆ اگر کوئی شخص اس اسم کو کاغذ پر لکھ کر اور کھیت میں کاغذ کو اس مقام پر دفن کر دے جہاں بیج بویا جاتا ہے تو وہ کھیت ہر قسم کی آفات ارضی و سماوی سے محفوظ رہے گا۔

## اَلْعَظِیْمُ جَلَّ جَلَالُہٗ

بڑی بزرگی والا

وہ جو بڑا رفیع الشان ہے

☆ جو شخص اس اسم کا روزانہ ایک ہزار مرتبہ ورد کرے گا' ہر شخص اس کو عزت و توقیر کی نظر سے دیکھے گا۔

☆ دنیا والوں کے سامنے عزت و حشمت حاصل کرنے کے لیے اس اسم کا روزانہ کھلا ورد بیحد نافع ہے۔

## اَلْغَفُوْرُ جَلَّ جَلَالُہٗ

بڑا بخشش کرنے والا

وہ جو سب کچھ معاف کر دیتا ہے۔

☆ اگر کوئی شدید درد سر یا بخار میں مبتلا ہو یا بہت ضدی ہو تو ایسا ہر شخص اگر اس اسم کا مسلسل ورد کرے تو اس کو اس تکلیف سے نجات حاصل ہو جائے گی۔

## اَلشَّکُوْرُ جَلَّ جَلَالُہٗ

بڑا قدر کرنے والا



Marfat.com

وہ جو اس کے لیے کیے جانے والے اچھے کام کو سراہتا ہے اور ان کو اجر دیتا ہے۔

☆ دنیا میں جاہ و حشمت چاہنے والا اس اسم کا ورد کرنے والا اگر ایک سال تک پابندی سے ہر فرض نماز کے بعد مدامت پر قائم رہتے ہوئے ایک سو گیارہ بار پڑھے تو اللہ تعالیٰ اسے دلی مراد سے نوازتا ہے۔

## اَلْكَبِيْرُ جل جلالہ

بہت بڑا

وہ جو عظیم ترین ہے

☆ اگر کوئی شخص اس اسم کا روزانہ ۱۰۰ مرتبہ ورد کرے تو وہ دنیا کی نگاہوں میں معزز و محترم ہو جائے گا۔

## اَلْحَفِيْظُ جل جلالہ

سب کا محافظ حفاظت کرنے والا

وہ جو تمام کائنات کا محافظ ہے اور مقررہ مدت کے لیے ناگہانی آفتوں اور حادثات سے محفوظ رکھتا ہے۔

☆ جو شخص اس اسم کا دن میں ۱۶ مرتبہ ورد کرے گا وہ ہر قسم کی آفات سے محفوظ رہے گا۔



Marfat.com

## اَلْمُقِيْتُ جل جلالہ

سب کو روزی اور توانائی دینے والا

وہ جو سب کو روزی اور توانائی دیتا ہے

☆ اگر کسی بچے کے عادات و اطوار خراب ہو جائیں اور اس بچے کو یہ اسم ایک گلاس پانی پر دم کر کے پلایا جائے تو بچے کی عادات و اطوار درست ہو جائیں گے۔

☆ بچے کے دل میں ماں باپ کی عزت کرنے کا جذبہ پیدا کرنے کے لیے اس اسم کا ورد روزانہ بچے کے نام کے اعداد کے برابر کر کے پانی پر دم کر کے پلایا جائے تو چند ہی دنوں میں بہترین اثرات ظاہر ہوتے ہیں۔

## اَلْحَسِيْبُ جل جلالہ

حساب لینے والا

وہ جو انسانوں کی زندگی بھر کے اعمالوں کے تفصیلی حساب سے واقف ہے۔

☆ اگر کوئی شخص چور یا کسی حاسد دشمن سے خائف ہو یا اس کو کسی سے کوئی نقصان پہنچنے کا احتمال ہو تو اس اسم کا جمعرات سے دن رات سات دن تک ۷۰ مرتبہ ورد کرے اور ۷۱ویں بار حسبی اللہ الحسب کہے تو اس کو خوف سے نجات مل جائے گی۔

## اَلْجَلِيْلُ جل جلالہ

بلند مرتبے والا



Marfat.com

وہ جو غنیٰ حاکم اور بڑے جلال والا بے حد مقدس ہے۔

☆ اگر کوئی شخص اس اسم کو مشک اور زعفران سے کاغذ پر لکھ کر مٹی کے کوزے میں اس کو پانی گھولے اور اس پانی کو پی لے تو اس کو انشاء اللہ دنیا میں عزت اور قدر و منزلت نصیب ہو گی۔

## اَلْکَرِیْمُ جَلَّ جَلَالُہٗ

سب سے بڑا اکرم کرنے والا

وہ جو اپنے گناہ گار بندوں پر بڑا کرم کرنے والا ہے۔

☆ جو شخص اس اسم کا بکثرت ورد کرے گا انشاء اللہ اس کو دین و دنیا میں عزت و فلاح حاصل ہو گی۔

## اَلرَّقِیْبُ جَلَّ جَلَالُہٗ

بڑا نگہبان

وہ جو اپنی تمام مخلوق کی نگرانی کرتا ہے اور ہر فعل جس کے قبضہ قدرت میں ہے۔

☆ جو شخص اپنے اہل و عیال اور مال و منال پر سات مرتبہ اس اسم کو پڑھ کر دم کرے تو اللہ تعالیٰ ان کو اپنی حفاظت میں رکھے گا۔

## اَلْمُجِیْبُ جَلَّ جَلَالُہٗ

دعائیں قبول کرنے والا



Marfat.com

وہ جو اپنی مخلوق کی تمام حاجتوں کو پورا کرتا ہے۔

☆ اس اسم کا ورد کر کے خدا سے جو دعا مانگی جائے اللہ قبول کرے گا۔

## اَلْوَاسِعُ جل جلالہ

بڑی وسعت والا

وہ جو لامحدود وسعت اور رحمت بے پایاں کا حامل ہے۔

☆ اگر کسی شخص کو حصول رزق میں مشکلات درپیش ہوں تو وہ اس اسم کا ورد کرے انشاءاللہ اس کی آمدنی میں اضافہ ہو جائے گا۔

☆ جس کسی کے معاملات تنگی و ترشی کا شکار ہوں اسے چاہیے کہ دن رات میں کم از کم سات سو ساٹھ بار اس اسم پاک کا ورد کرے اور دعا سجدے میں سر رکھ کر کیا کرے۔

## اَلْحَکِیْمُ جل جلالہ

بری حکمت والا

وہ جس کے تمام احکام و اعمال میں حکمت ہے۔

☆ جو شخص وقتاً فوقتاً اس اسم کا ورد کرے گا' اس کے کاموں میں کوئی مشکل حائل نہیں ہو گی۔



Marfat.com

## اَلْوَدُوْدُ جل جلالہ

بڑا محبت کرنے والا

وہ جو اچھے عمل کرنے والوں سے محبت کرتا ہے اور ان پر رحم فرماتا ہے وہ جو محبت کرنے کے لائق ہے اور جس کی دوستی فرحت بخش ہے۔

☆ اگر دو افراد کے درمیان تنازعہ ہو اور ان میں سے کوئی ایک شخص اس اسم کا ۱۰۰۰ مرتبہ ورد کر کے اس کو کھانے پر دم کرے اور دوسرے کو کھلا دے تو ان کی آپس میں رنجش ختم ہو جائے گی۔

☆ میاں بیوی کے درمیان ناچاقی ہوگئی ہو تو اس اسم کا دو ہزار بار ورد کر کے کسی میٹھی شے پر دم کر کے دونوں کو کھلا دے۔ صلح ہو جائے گی۔

## اَلْمَجِیْدُ جل جلالہ

بڑی بزرگی والا

وہ جو بڑی عظمت و بزرگی والا ہے۔

جو شخص اس اسم کا ورد کرے گا وہ دنیا میں باعزت رہے گا۔

## اَلْبَاعِثُ جل جلالہ

مردوں کو زندہ کرنے والا

وہ جو قیامت کے دن اپنی مخلوقات کو دوبارہ زندگی عطا کرے گا۔



Marfat.com

☆ جو اس اسم کا ورد کرے گا اس کے دل میں اللہ تعالیٰ کا خوف پیدا ہو جائے گا۔

## اَلشَّهِيْدُ جَلَّ جَلَالُهُ

حاضر و ناظر

وہ جو ہر جگہ موجود ہے اور تمام کائنات کا نگران ہے۔

☆ اگر کسی کی اولاد نافرمان ہو اور وہ اس اسم کا ورد کرے تو اس کی اولاد فرماں بردار ہو جائے گی۔

## اَلْحَقُّ جَلَّ جَلَالُهُ

برحق و برقرار

وہ جس کے وجود میں کسی قسم کا تغیر و تبدل نہیں ہوتا۔

☆ اگر کسی کی کوئی چیز گم ہو جائے اور وہ شخص اس اسم کا ورد کرے تو اس کو اپنی گمشدہ چیز مل جائے گی۔

## اَلْوَكِيْلُ جَلَّ جَلَالُهُ

بڑا کارساز

وہ جو تمام مشکلات کو بطریق احسن حل کرنے والا ہے۔

☆ اگر کسی شخص کو پانی میں ڈوبنے یا آگ میں جلنے یا اسی قبیل کے کوئی اور خطرات درپیش ہوں تو اس کو چاہیے کہ اس اسم کا وقتاً فوقتاً مسلسل ورد کرے۔ انشاء اللہ



Marfat.com

وہ تمام خطرات سے محفوظ رہے گا اور اللہ تعالیٰ اس کی حفاظت فرمائے گا۔

## اَلْقَوِیُّ جَلَّ جَلَالُہٗ

بڑی طاقت وقوت والا

وہ جو سب سے بڑی طاقت اور قوت رکھنے والا ہے۔

☆ اگر کوئی شخص اپنے دشمن کو شکست نہ دے سکے تو اس کو چاہیے کہ وہ اس ارادے کے ساتھ کہ دشمن اس کو کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا اس اسم کا ورد کرے تو انشاء اللہ وہ دشمن کے غلبہ سے محفوظ رہے گا۔

## اَلْمَتِیْنُ جَلَّ جَلَالُہٗ

انتہائی مضبوط و مستحکم

☆ اگر کوئی شخص کسی مشکل میں پھنس جائے اور اس اسم کا ورد کرے تو انشاء اللہ اسے مشکل سے نجات مل جائے گی۔

## اَلْوَلِیُّ جَلَّ جَلَالُہٗ

مددگار اور حمایتی

وہ جو اپنے فرمانبردار بندوں کا دوست ہے۔

☆ جو اس اسم کا ورد کرے گا تو اللہ تعالیٰ کی دوستی کا اس کو شرف حاصل ہو جائے گا۔



Marfat.com

## اَلْحَمِيْدُ جَلَّ جَلَالُهٗ

تعریف کے لائق

وہ جس کی ذات لائق تعریف وتوصیف ہے اور جو بڑی بزرگی والا ہے۔ اور جس کی تمام مخلوقات شکر گزار ہے۔

☆ جو شخص اس اسم کا ورد کرے گا' دنیا اس سے محبت کرے گی اور اس کی تعظیم کرے گی۔

## اَلْمُحْصِيُّ جَلَّ جَلَالُهٗ

اپنے علم اور شمار میں رکھنے والا

وہ جو ان بے شمار اشیاء کا شمار رکھتا ہے' جن کا شمار ناممکن ہے اور ہر چیز سے باخبر ہے۔

☆ وہ شخص جو پرسش روز حساب سے خائف ہو اور اس اسم کا ۱۰۰۰ مرتبہ ورد کرے تو اس کے لیے روز حساب کی منزل آسان ہو جائے گی۔

## اَلْمُبْدِئُ جَلَّ جَلَالُهٗ

پہلی مرتبہ پیدا کرنے والا

وہ جس نے بغیر کسی مادے اور شکل کے کائنات کو پیدا کیا۔

☆ اگر اس اسم کا ورد کر کے کسی ایسی حاملہ پر دم کر دیا جائے جس کو اسقاط حمل کا



Marfat.com

اندیشہ ہوتو انشاءاللہ وہ اسقاط کے خطرے سے محفوظ ہو جائے گی۔

☆ بانجھ پن کے علاج کے لیے اس اسم پاک کا ورد کرنے والی عورت کو چاہیے کہ سیب پر دم کر کے اسے روزانہ رات کو کھانے کے بعد خاوند سے ہم بستر ہوا کرے۔ اللہ تعالیٰ اس کا مرض دور فرما دے گا۔

## اَلْمُعِیْدُ جَلَّ جَلَالُہٗ

دوبارہ پیدا کرنے والا

وہ جو کل مخلوقات کو موت کے بعد دوبارہ زندہ کرنے والا ہے۔

☆ اگر کوئی فرد گم ہو جائے تو اس اسم کا ۷۰ مرتبہ ورد کرے تو انشاءاللہ تعالیٰ گمشدہ شخص بہ عافیت گھر آ جائے گا۔

## اَلْمُحْیِیُ جَلَّ جَلَالُہٗ

زندگی دینے والا

وہ جو زندگی اور صحت عطا کرنے والا ہے۔

☆ اگر کوئی شخص گراں بار ہو اور دن میں سات مرتبہ اس اسم کا ورد کرے تو اللہ تعالیٰ اس کو ہر بار سے سبک دوشی عطا کرے گا۔

## اَلْمُمِیْتُ جَلَّ جَلَالُہٗ

موت دینے والا



Marfat.com

وہ جس نے موت کو پیدا کیا۔

☆ اگر اس اسم کا ورد کیا جائے تو اس کا ورد دشمن کی تباہی پر منتج ہوتا ہے۔

## اَلْحَیُّ جل جلالہ

ہمیشہ ہمیشہ زندہ رہنے والا

جو ہر چیز سے واقف ہے اور جس کی قوت ہر چیز کے لیے کافی ہے۔

☆ جو شخص اس اسم کا ورد کرے، اس کو عمر دراز عطا ہو۔

## اَلْقَیُّوْمُ جل جلالہ

قائم رکھنے اور سنبھالنے والا

وہ جو تمام کائنات کو قائم رکھے ہوئے ہے۔

☆ جو شخص اس اسم کا ورد کرے گا انشا اللہ تعالیٰ وہ کبھی غفلت اور بے خبری کا شکار نہیں ہو گا۔

## اَلْوَاجِدُ جل جلالہ

ہر چیز کا پانے والا

وہ جو جس چیز کی خواہش جس وقت کرتا ہے اسی وقت پا لیتا ہے۔

☆ اس اسم کا ورد کرنے والا دل کی دولت سے مالا مال ہو جاتا ہے۔



Marfat.com

☆ جسے کسی ناممکن کام کے ممکن ہو جانے کی آرزو ہو' اسے چاہیے کہ اس اسم پاک کا روزانہ ایک ہزار ایک بار بعد تہجد ورد کیا کرے۔ کام جائز ہونا شرط ہے۔

## اَلْمَاجِدُ جَلَّ جَلَالُهٗ

بزرگی' پاکی اور بڑائی والا

وہ جو بزرگی والا ہے' رحیم ہے اور جس کی فیاضی اور بخشش کا کوئی حساب نہیں۔

☆ اس اسم کا ورد کرنے والے کا دل تجلیات سے معمور ہو جاتا ہے۔

☆ گناہوں سے نجات اور حفاظت کے لیے اس اسم پاک کا ورد انسان کو یوں معصوم بنا دیتا ہے جیسے وہ ابھی پیدا ہوا ہو۔

## اَلْوَاحِدُ جَلَّ جَلَالُهٗ

بے مثال۔ اکیلا

وہ جو اپنے ہر فعل میں بے مثال ہے اور یکتا ہے اور جس کا کوئی شریک نہیں ہے اور نہ کوئی ذات وصفات کے اعتبار سے اس کا ہمسر ہے۔

☆ جو شخص پرسکون ماحول میں اس اسم کا ورد کرے گا' انشاء اللہ تعالیٰ خوف اور دنیا کے ہر فریب سے آزاد ہو جائے گا۔



Marfat.com

## اَلاَحَدُ جَلَّ جَلَالُہٗ

اکیلا۔ایک

☆ جوشخص اس اسم کا ۱۰۰۰ مرتبہ روزانہ ورد کرے گا' اس پر کائنات کے اسرار کھل جائیں گے۔

## اَلصَّمَدُ جَلَّ جَلَالُہٗ

بے نیاز جو کسی کا محتاج نہیں

وہ جو ہر تکلیف کو دور کرنے والا ہے اور ہر حاجت پوری کرنے والا ہے۔

☆ جوشخص اس اسم کا کئی مرتبہ روزانہ ورد کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس کی حاجت روائی کرے گا۔جس کے نتیجہ میں اس کو دوسروں کی مدد کی ضرورت نہیں رہے گی۔ بلکہ دوسروں کو اس کی مدد کی ضرورت رہے گی۔

☆ خلقت سے بے نیازی کے لیے اس اسم پاک کا ورد ہر نماز کے بعد بارہ مرتبہ کرنا مفید ہے۔

## اَلقَادِرُ جَلَّ جَلَالُہٗ

بڑی قدرت والا

وہ جو ہر کام اپنی مرضی کے مطابق کرنے کی قدرت رکھتا ہے۔

☆ جوشخص اس اسم کا ورد کرے گا۔انشاء اللہ اس کی تمام مرادیں پوری ہو جائیں گی۔



Marfat.com

## اَلْمُقْتَدِرُ جَلَّ جَلَالُہٗ

بڑی قدرت والا

وہ جو کائنات کی ہر شے سے زیادہ قوی ہے۔

☆ جو شخص اس اسم کا ورد کرے گا' وہ معرفت وحقیقت سے باخبر ہو جائے گا۔

## اَلْمُقَدِّمُ جَلَّ جَلَالُہٗ

آگے بڑھانے والا

☆ جو شخص جنگ کے دوران میں اس اسم کا ورد کرے گا اللہ تعالیٰ اس کو پیش قدمی عطا کرے گا اور جو شخص کسی خوفناک مقام پر جہاں وہ تنہا بھی ہو' اس اسم کا ورد کرے گا' انشا اللہ ہر ضرر سے محفوظ رہے گا۔

## اَلْمُؤَخِّرُ جَلَّ جَلَالُہٗ

پیچھے رکھنے والا

وہ جس کو بھی چاہتا ہے موخر کر دیتا ہے۔

☆ جو شخص اس اسم کا ورد روزانہ ۱۰۰ مرتبہ کرے گا تو اس کے دل میں اللہ کے سوا ہر دوسری چیز کی محبت ختم ہو جائے گی۔



Marfat.com

## اَلْاَوَّلُ جَلَّ جَلَالُہٗ

سب سے پہلے

☆ اگر کسی کے لڑکا نہ ہوتا ہو یا کوئی شخص کسی ہمسر سے قربت حاصل کرنا چاہتا ہو تو چالیس جمعوں تک اس اسم کا ۱۰۰۰ مرتبہ ورد کرے۔ انشاء اللہ اس کے دل کی مراد پوری ہو جائے گی۔

## اَلْاٰخِرُ جَلَّ جَلَالُہٗ

سب کے بعد

☆ جو شخص اس اسم کا کثرت کے ساتھ ورد کرے گا' وہ نہ صرف خوشحالی کی زندگی بسر کرے گا بلکہ اس کا خاتمہ بھی بخیر ہو گا۔

## اَلظَّاھِرُ جَلَّ جَلَالُہٗ

ظاہر و آشکارا

☆ جو شخص جمعہ کی نماز کے بعد ۱۵ مرتبہ اس اسم کا ورد کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس کے قلب کو منور فرما دے گا۔

## اَلْبَاطِنُ جَلَّ جَلَالُہٗ

پوشیدہ



Marfat.com

☆ جو شخص دن میں تین مرتبہ اس اسم کا ورد کرے گا اس میں اشیاء کی حقیقت دیکھنے کی اہلیت پیدا ہو جائے گی۔

☆ باطنی امور پر باخبر ہونے کے لیے اس اسم پاک کا روزانہ پانچ ہزار دس بار ورد کرنا بے حد نافع ہے۔

## اَلْوَالِیُ جَلَّ جَلَالُہٗ

سرپرست ونگران

جو کل کائنات کا انتظام و انصرام کرتا ہے، ہر شے پر نگرانی رکھتا ہے اور کائنات میں کسی بھی لمحہ وقوع پذیر ہونے والے واقعات پر قدرت رکھتا ہے۔

☆ جو شخص اس اسم کا ورد کر کے اپنے مکان پر دم کرے، انشاء اللہ اس کا مکان ہر قسم کے خطرات سے محفوظ رہے گا۔

## اَلْمُتَعَالِ جَلَّ جَلَالُہٗ

سب سے بلند و برتر

وہ جو انسانوں کے افعال و اعمال وطریق و روایات اور خیال و افکار سے بہت بلند و بالا ہے۔

☆ جو شخص اس اسم کا کثرت سے ورد کرے گا اس کو پروردگار عالم کی خوشنودی حاصل ہو جائے گی۔



Marfat.com

## اَلْبَرُّ جَلَّ جَلَالُہٗ

تمام اچھائیوں کا سرچشمہ

وہ جو اپنے بندوں کی خطاؤں پر عفو سے کام لیتا ہے اور اپنی تمام مخلوق سے اچھا برتاؤ کرتا ہے۔

☆ جو شخص اس اسم کا ورد کر کے اپنے بچے پر دم کرے گا اس کا بچہ بدبختوں سے محفوظ و مامون رہے گا۔

☆ قید سے رہائی کے لیے اس اسم پاک کا روزانہ دو ہزار دو بار ورد کرنا اور اللہ کے حضور الحاح وزاری کرنا جلد رہائی کی نوید لاتا ہے۔

## اَلتَّوَّابُ جَلَّ جَلَالُہٗ

توبہ قبول کرنے والا

☆ جو شخص اس اسم کا کثرت سے ورد کرے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول ہو جائے گی۔

## اَلْمُنْتَقِمُ جَلَّ جَلَالُہٗ

بدلہ لینے والا

وہ جو غلط کاروں کو سزا دیتا ہے۔

☆ جو شخص کثرت کے ساتھ اس اسم کا ورد کرے گا اس کو اپنے دشمنوں کے مقابلہ



Marfat.com

میں کامیابی حاصل ہو گی۔

## اَلْعَفُوُّ جَلَّ جَلَالُہٗ

معاف کرنے والا

وہ جو دل سے معافی چاہنے والوں کو اس طرح معاف کرتا ہے جیسے انہوں نے کبھی گناہ کیا ہی نہ ہو۔

☆ جو کثرت کے ساتھ اس اسم کا ورد کرے گا' اللہ تعالیٰ اس کے تمام گناہ معاف کر دے گا۔

## اَلرَّءُ وْفُ جَلَّ جَلَالُہٗ

بڑا مشفق ومہربان

وہ جو بڑا مشفق ومہربان ہے

☆ جو شخص اس اسم کا بہ کثرت ورد کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس پر اپنی برکتیں نازل کرے گا۔

## مَالِكُ الْمُلْكِ جَلَّ جَلَالُہٗ

ملکوں کا مالک

کائنات پر جس کی حکومت لازوال ہے۔

☆ جو شخص اس اسم کا ورد کرے گا وہ دوسروں کی نظروں میں معزز ومحترم رہے



Marfat.com

گا۔

## ذُوالجَلَالِ وَالاِکْرَامُ جَلَّ جَلَالُہٗ

عظمت و جلال اور انعام و اکرام والا

☆ جو شخص اس اسم کا ورد کرے گا انشاء اللہ تعالیٰ وہ غنی (مالدار) ہو جائے گا۔

## اَلْمُقْسِطُ جَلَّ جَلَالُہٗ

عدل و انصاف قائم رکھنے والا

وہ جس کا ہر کام انصاف اور توازن کا آئینہ دار ہے۔

☆ جو شخص اس اسم کا ورد کرے گا وہ شیاطین کی ایذاء رسانیوں سے محفوظ رہے گا۔

## اَلْجَامِعُ جَلَّ جَلَالُہٗ

جمع کرنے والا

وہ جو ہر شے کو کسی بھی جگہ جب چاہے جمع کر سکتا ہے۔

☆ جو شخص اس اسم کا ورد کرے گا وہ اس شے کو پالے گا' جو اس نے کھو دی ہے۔

## اَلْغَنِیُّ جَلَّ جَلَالُہٗ

خود کفیل و بے پرواہ



Marfat.com

☆ جو شخص اس کا ورد کرے، آسودہ ہو جائے گا اور حرص و ہوس سے آزاد رہے گا۔

## اَلْمُغْنِیُّ جَلَّ جَلَالُہٗ

تونگر بنانے والا

☆ دس جمعوں تک اگر کوئی شخص دن میں ۱۰ مرتبہ اس اسم کا ورد کرے گا تو پروردگار عالم اس کو خود کفیل بنا دے گا۔

## اَلْمَانِعُ جَلَّ جَلَالُہٗ

روکنے والا

☆ جو شخص اس اسم کا ورد کرے گا اس کی گھریلو زندگی ہر قسم کی بدمزگی سے خوشگوار گزرے گی۔

## اَلضَّآرُّ جَلَّ جَلَالُہٗ

ضرر پہنچانے والا

وہ جو ایسی مخلوق پیدا کرتا ہے جو دوسروں کے لیے باعث مایوسی ہوتی ہے۔

☆ اگر کوئی کم رتبہ شخص جمعہ کی رات میں اس اسم کا ورد کرے گا تو انشاء اللہ اس کا رتبہ بلند ہو گا۔

☆ اپنے دشمن کو اللہ کے حوالے کرنے کے لیے اس اسم پاک کا روزانہ ایک ہزار



Marfat.com

آٹھ سو بار ورد کر کے فریاد بہ حضور الٰہی کرنا انسان کو پر سکون کر دیتا ہے۔

## اَلنَّافِعُ جَلَّ جَلَالُہٗ

نفع پہنچانے والا

وہ جو ایسی اشیاء کا خالق ہے جو اچھائیوں سے بھرپور اور نفع بخش ہیں۔

☆ وہ شخص جو اس اسم کا ورد اپنی مقدرت کے مطابق روزانہ کرے گا' وہ ہر قسم کے نقصانات سے محفوظ رہے گا۔

## اَلنُّوْرُ جَلَّ جَلَالُہٗ

سرتاپا نور اور نور بخشنے والا

وہ جو اپنے نور سے تمام کائنات کو منور کیے ہوئے ہے اور اپنے بندوں کے چہرے' ذہنوں اور دلوں کو منور کرتا ہے۔

☆ جو شخص اس اسم کا ورد کرے گا اس کا باطن روشن ہو جائے گا۔

## اَلْهَادِیُ جَلَّ جَلَالُہٗ

سیدھی راہ دکھانے والا

وہ جو اپنے بندوں کو کامیابی کی راہ دکھاتا ہے اور دوسروں کی بھلائی کے لیے کام کرنے کی ہدایت فرماتا ہے۔

☆ جو شخص اس اسم کا ورد کرے گا اس کو روحانی علم نصیب ہوگا۔



Marfat.com

## اَلْبَدِيْعُ جَلَّ جَلَالُهٗ

بے مثال چیزوں کا پیدا فرمانے والا

وہ جس نے کسی نمونے کے بغیر کائنات میں حیرت انگیز اشیاء پیدا کی ہیں۔

☆ جو شخص اس اسم کا بہ طریق ذیل ۷۰ مرتبہ ورد کرے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کی تمام مشکلیں دور ہو جائیں گی۔

یَا بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

وہ جس نے کائنات اور دنیا میں بے مثال چیزیں پیدا کی ہیں۔

## اَلْبَاقِیُّ جَلَّ جَلَالُهٗ

ہمیشہ باقی رہنے والا

جو شخص سورج طلوع ہونے سے پہلے اس اسم کا سو مرتبہ ورد کرے گا اس کی تمام پریشانیاں دور ہو جائیں گی اور زندگی امن وسکون سے گزرے گی نیز اللہ تعالیٰ کا فضل وکرم اس کے شامل حال رہے گا۔

## اَلْوَارِثُ جَلَّ جَلَالُهٗ

سب کے بعد موجود رہنے والا

وہ جو تمام کائنات کی کبھی ختم نہ ہونے والی ملکیت کا حامل ہے۔

☆ جو شخص اس اسم کا ورد ہمیشہ کرے گا وہ طویل عمر پائے گا۔



Marfat.com

## اَلرَّشِیْدُ جَلَّ جَلَالُہٗ

صحیح راہ پر چلانے والا

وہ جو اپنے غیر فانی منصوبوں کے مطابق ثبات عقل عطا کرتا ہے اور راہ راست دکھاتا ہے۔

☆ جو شخص مغرب اور عشاء کی نمازوں کے درمیان اس اسم کا ۱۰۰ مرتبہ ورد کرے گا انشاء اللہ تعالیٰ اس کی تمام مشکلات دور ہو جائیں گی۔

## اَلصَّبُوْرُ جَلَّ جَلَالُہٗ

بڑے صبر و تحمل والا

☆ جو شخص کسی مشکل میں گرفتار ہو یا غمزدہ ہو تو اس کو چاہیے کہ اس اسم کا ۳۰۰۰ مرتبہ روزانہ ورد کرے' انشاء اللہ مشکلات اور غم سے نجات پائے گا۔



Marfat.com

# اسمائے نبوی ﷺ

بزرگان دین و اسلاف سے ثابت ہے کہ اسمائے نبوی ﷺ کا ورد انسان کو جہاں اللہ کی نظر میں محبوب اور پسندیدہ بناتا ہے وہیں اسے دنیا و آخرت کے تمام معاملات میں آسانی اور فراخی سے نوازتا ہے۔ ان اسمائے مبارکہ کے وظائف و عملیات ہر رجعت سے پاک ہیں' بلکہ یہ یقین رکھنا چاہیے کہ اسمائے نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے اوراد انسان کو ہر قسم کے نقصان اور عملیاتی الٹ پھیر سے محفوظ رکھتے ہیں۔ یہ لازم ہے کہ ہر اسم نبویؐ کے ساتھ ادب اور عقیدت کے اظہار کے لیے درود مبارکؐ پڑھا جائے۔ وما توفیقی الا باللہ۔

## سَیِّدُنَا مُحَمَّدٌ ﷺ

تعریف کیے گئے

☆ جو اس اسم مبارک کو چارسو مرتبہ روزانہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اسے غنی کر دے گا۔

## سَیِّدُنَا اَحْمَدُ ﷺ

تعریف کرنے والے



Marfat.com

☆ اس اسم پاک کا روزانہ ورد کریں تو تمام دنیا مطیع اور فرمانبردار ہو جاتی ہے۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

## سَیِّدُنَا قَاسِمٌ ﷺ

بانٹنے والا

☆ جو شخص اس اسم مبارک کا روزانہ ورد کرے تو اللہ تعالیٰ اسے عالم بنا دے گا۔

☆ جو شخص اللہ تعالیٰ کی راہ میں اس کے بندوں پر خرچ کرنا چاہتا ہو مگر مال کی تنگی آگے آتی ہو اسے چاہیے کہ اس اسم مبارک کا کھلا ورد کیا کرے۔ اللہ تعالیٰ بہت جلد اسے اس کی خواہش کے مطابق فراخی عطا فرما دے گا۔

## سَیِّدُنَا فَاتِحٌ ﷺ

کھولنے والے

☆ اس اسم مبارک کو جو شخص روزانہ پڑھے تو اسے انشاء اللہ تعالیٰ قربت الٰہی حاصل ہو گی۔

## سَیِّدُنَا مَحْمُوْدٌ ﷺ

سراہے گئے

☆ اس اسم مبارک کے پڑھنے سے انشاءاللہ تعالیٰ مفلسی دور ہو جاتی ہے۔



Marfat.com

## سَیّدُنَا خَاتِمٌ ﷺ

ختم کرنے والا

☆ اتوار کے دن اس اسم مبارک کو ستر مرتبہ پڑھ کر جو شخص دعا مانگے تو انشاء اللہ اللہ تعالیٰ اس کی ہر مراد بر آئے گی۔

## سَیّدُنَا عَاقِبٌ ﷺ

پیچھے آنے والے

☆ کوئی بھی ضرورت ہو تو اللہ تعالیٰ اس اسم مبارک کا ورد رکھنے والے کی آرزو پوری کرتا ہے۔

## سَیّدُنَا حَامِدٌ ﷺ

حمد کرنے والے

☆ اللہ تعالیٰ اس اسم مبارک کے پڑھنے والے پر رحمت کے دروازے کھول دے گا۔

## سَیّدُنَا حَاشِرٌ ﷺ

اٹھنے والے

☆ اس اسم پاک کو کمزور طالب علم پڑھے تو اس کے علم میں انشاء اللہ تعالیٰ ترقی



Marfat.com

ہو گی۔

## سَیِّدُنَا دَاعٍ ﷺ

بلانے والے

☆ دنیا میں عزت اور ہر دلعزیزی حاصل کرنے کے لیے اس اسم مبارک کا ورد کرنا بہت مفید ہے۔

☆ دین کی طرف دعوت دینے والے افراد کے لیے اس اسم مبارک کا ورد بے حد نافع ہے۔

## سَیِّدُنَا رَسُوْلٌ ﷺ

رسول بھیجے گئے

☆ جب کسی مالی پریشانی میں پڑ جائیں تو روزانہ اس اسم مبارک کا ورد کریں۔ اللہ تعالیٰ پریشانی دور کرے گا۔

## سَیِّدُنَا هَادٍ ﷺ

ہادی

☆ صراط مستقیم پر استقامت حاصل کرنے کے لیے ہمیشہ اس اسم مبارک کا ورد کریں۔



Marfat.com

## سَیِّدُنَا مَھْدٍ ﷺ

ہدایت والے

☆ جو شخص صراطِ مستقیم پر استقامت حاصل کرنا چاہتا ہو تو وہ اس اسم مبارک کا روزانہ ورد کرے۔

## سَیِّدُنَا نَبِیٌّ ﷺ

غیب کی خبر دینے والے

☆ اللہ تعالیٰ کی ذات کا عرفان حاصل کرنے کے لیے اس اسم مبارک کو ہمیشہ پڑھنا چاہیے۔

☆ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی طرف کرم نگاہی کے لیے متوجہ کرنے کے لیے اس اسم مبارک کا روزانہ ورد بے حد نافع ہے۔

## سَیِّدُنَا یٰسٓ ﷺ

یٰسین

☆ آدھی رات کو ننگے سر ہو کر جو شخص ۴۱ مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کی ہر مراد پوری کرے گا۔



Marfat.com

## سَیِّدُنَا وَلِیٌّ ﷺ

مالک۔ آقا۔ دوست

☆ اس اسم مبارک کا وظیفہ کرنے سے اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل ہوتی ہے۔

## سَیِّدُنَا حَمِیْدٌ ﷺ

نیک خصلت والے

☆ جو اس اسم مبارک کا ورد ہمیشہ رکھے وہ بری عادتوں سے بچا رہے گا۔

## سَیِّدُنَا بَشِیْرٌ ﷺ

خوشخبری دینے والے

☆ جو شخص ہمیشہ اس اسم مبارک کا ورد زبان پر رکھے تو اس کے لیے قبر میں انشاء اللہ تعالیٰ روشنی ہوگی۔

## سَیِّدُنَا مَاحِیٌ ﷺ

مٹانے والے

☆ جو شخص اس اسم مبارک کو روزانہ پڑھے تو اس کے لیے حشر کا دن آسان ہوگا۔



Marfat.com

## سَیِّدُنَا سِرَاجٌ ﷺ

چراغ

☆ جو شخص ہمیشہ اس اسم مبارک کا ورد زبان پر رکھے گا تو اس کے لیے انشاء اللہ تعالیٰ قبر میں روشنی ہوگی۔

## سَیِّدُنَا طٰہٰ ﷺ

طٰہٰ

☆ اس اسم مبارک کا ورد کرنے سے برکت حاصل ہوتی ہے۔

## سَیِّدُنَا طٰسٓ ﷺ

عذاب قبر سے محفوظ رہنے کے لیے اس اسم مبارک کا ورد کیا کریں۔

## سَیِّدُنَا خَلِیْلٌ ﷺ

دوست

☆ اگر کسی کو برے خواب دکھائی دیں تو اس اسم مبارک کا روزانہ سونے سے پہلے ورد کرلیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ برے خواب نہیں آئیں گے۔

☆ اچھے لوگوں سے دوستی کے خواہشمند کے لیے اس اسم مبارک کا ورد رات کے آخری پہر روزانہ بانوے مرتبہ کرنا لازم ہے۔



Marfat.com

## سَیِّدُنَا مُزَّمِّلٌ ﷺ

چادر اوڑھنے والے

نادار اور مفلس کو چاہیے کہ وہ اس اسم مبارک کا ورد روزانہ کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مفلسی دور ہو گی۔

## سَیِّدُنَا نَصِیرٌ ﷺ

مددگار

☆ سفر میں اس اسم مبارک کو پڑھنے سے انشاء اللہ تعالیٰ تھکن نہ ہو گی اور سفر آسانی سے طے ہو جائے گا۔

## سَیِّدُنَا حَکِیمٌ ﷺ

حکمت والے

☆ بری عادتوں سے بچنے کے لیے اس اسم مبارک کا روزانہ ورد کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ نیک و صالح بن جائیں گے۔

## سَیِّدُنَا مُدَّثِّرٌ ﷺ

کمبل میں لپٹنے والے

☆ شیطان کے مکر وفریب سے بچنے کے لیے اس اسم مبارک کا ورد کرنا چاہیے۔



Marfat.com

☆ عبادات میں یکسو اور لذت حاصل کرنے کے لیے اس اسم مبارک کا ورد انسان کو ایسی منزلوں سے روشناس کراتا ہے جن کے ادراک کے بارے میں انسانی عقل معذور محض ہے۔

## سَیِّدُنَا حَبِیْبٌ ﷺ

دوست۔محبوب

☆ اس اسم مبارک کو روزانہ ایک ہزار مرتبہ پڑھنے سے انشاء اللہ تعالیٰ تمام عالم مسخر ہو جائے گا۔

## سَیِّدُنَا کَلِیْمٌ ﷺ

کلام کرنے والے

☆ جو شخص اس اسم مبارک کو روزانہ پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اس کو فصیح و بلیغ بنا دے گا۔

## سَیِّدُنَا مُصْطَفٰی ﷺ

چنا ہوا

☆ نیک کاموں کی توفیق کے حصول کے لیے اس اسم پاک کا ورد بہت مفید ہے۔



Marfat.com

## سَیّدُنَا مُرْتَضٰی ﷺ

برگزیدہ

☆ تمام آفات ارضی و سماوی سے محفوظ رہنے کے لیے اس اسم پاک کو روزانہ پڑھنا انسان کے لیے بے حد نافع ہے۔

☆ دنیا میں عزت و حشمت کے حصول کے لیے اس اسم مبارک کا بعد عشا ورد کرنا بے حد نافع ہے۔

## سَیّدُنَا مُخْتَارٌ ﷺ

پسندیدہ

☆ جو شخص اس اسم پاک کو روزانہ پچاس مرتبہ پڑھے گا اس کو انشاء اللہ تعالیٰ شہریاری اور بلند مرتبہ حاصل ہوگا۔

## سَیّدُنَا عَادِلٌ ﷺ

انصاف کرنے والا

اس اسم پاک کی برکت سے پڑھنے والا ہر جگہ قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔

## سَیّدُنَا نُوْرٌ ﷺ

روشنی



Marfat.com

جو شخص روزانہ اس اسم مبارک کو سونے سے پہلے پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کو ڈراؤنے خواب نہیں آئیں گے۔

## سَیِّدُنَا مُصَدِّقٌ ﷺ

سچ بولنے والے

☆ اس اسم پاک کو صبح ہوتے ہی دس مرتبہ پڑھنے سے تمام دن زبان سے جھوٹ نہیں نکلے گا۔

☆ اس اسم مبارک کا روزانہ ایک سو چالیس بار بعد عشا ورد کرنے والا لوگوں میں معزز ہوتا ہے۔

## سَیِّدُنَا حُجَّةٌ ﷺ

دلیل

☆ کسی بھی ضرورت کے لیے اس اسم پاک کا کھلا ورد کرنا چاہیے۔

## سَیِّدُنَا اُمِّیٌّ ﷺ

بے پڑھا

یہ اسم شریف ایسا بابرکت ہے کہ مشاغل کو از حد ذوق بخشتا ہے۔



Marfat.com

## سَیِّدُنَا شَہِیْدٌ ﷺ

گواہ

اس اسم مبارک کو مسواک کرتے وقت پڑھنے سے انشاء اللہ تعالیٰ دانت بڑھاپے میں بھی قائم رہیں گے۔

## سَیِّدُنَا مُبِیْنٌ ﷺ

کھلا ہوا

☆ عقلمندی اور سوجھ بوجھ حاصل کرنے کے لیے اس اسم مبارک کا پڑھنا افضل ہے۔

## سَیِّدُنَا قَآئِمٌ ﷺ

قائم

☆ اگر بارش نہ ہوتی ہو تو رات کے وقت اس اسم مبارک کو ایک ہزار مرتبہ پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ بارش ہوگی۔

## سَیِّدُنَا حَافِظٌ ﷺ

حفاظت کرنے والا

☆ تمام مصیبتوں اور بلاؤں سے بچنے کے لیے یہ اسم مبارک بہترین ذریعہ ہے۔



Marfat.com

## سَیِّدُنَا صَادِقٌ ﷺ

سچے۔ راست گو

☆ آسیب کو دور کرنے کے لیے اس اسم مبارک کو پانی پر دم کر کے مریض پر چھڑکیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب دور ہو گا۔

## سَیِّدُنَا وَاعِظٌ ﷺ

نصیحت کرنے والے

☆ جو شخص پورے رمضان روزانہ سو مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اس کی ہر عبادت قبول کرے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

## سَیِّدُنَا مَتِینٌ ﷺ

سنجیدہ

☆ جو اس اسم مبارک کو روزانہ پڑھے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کے دلی مقاصد پورے ہوں گے۔

## سَیِّدُنَا بُرْھَانٌ ﷺ

حجت

☆ مفلسی کو دور کرنے کے لیے اس اسم مبارک کا روزانہ ورد افضل ہے۔



Marfat.com

## سَیِّدُنَا اَمِیْنٌ ﷺ

امانت دار

☆ اس اسم مبارک کو پڑھنے والا انشاء اللہ تعالیٰ کبھی ذلیل نہ ہوگا۔

## سَیِّدُنَا مَکِیْنٌ ﷺ

مکان والے

☆ اس اسم مبارک کو پڑھنے والا آنکھ کی روشنی کم ہونے سے انشاء اللہ تعالیٰ محفوظ رہتا ہے۔

## سَیِّدُنَا مُطِیْعٌ ﷺ

تابعدار

☆ اس اسم مبارک کے پڑھنے سے اللہ تعالیٰ گناہ سے مغفرت عطا کرتا ہے۔

## سَیِّدُنَا یَتِیْمٌ ﷺ

☆ اس اسم مبارک کو پڑھ کر زخموں پر دم کریں تو ان شاء اللہ تعالیٰ زخم مندمل ہو جاتا ہے۔



Marfat.com

## سَیِّدُنَا حِجَازِیٌّ ﷺ

حجاز والے

☆ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے اس اسم مبارک کا روزانہ ورد کرنا افضل ہے۔

## سَیِّدُنَا مُقْتَصِدٌ ﷺ

میانہ روی رکھنے والے

☆ حضرت ابن مسعودؓ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جو میانہ روی سے کام لے گا وہ کبھی تنگ دست نہ ہوگا''۔

## سَیِّدُنَا مُرَبِّیٌّ ﷺ

پرورش کرنے والے

☆ جس شخص کو بچھو' سانپ اور پاگل کتا وغیرہ کاٹ لے تو اس اسم مبارک کو ہزار مرتبہ پڑھ کر دم کرنے اور پانی پر دم کر کے پلانے سے انشاء اللہ تعالیٰ شفاء حاصل ہو گی۔

☆ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روحانی وجسمانی فیض حاصل کرنے کے لیے اس اسم مبارک کا پانچ سو بار روزانہ بعد تہجد ورد کرنا چاہیے۔

☆ جس کا کوئی سرپرست نہ ہو وہ اس اسم مبارک کا بعد فجر روزانہ ایک ہزار بار



Marfat.com

ورد کرے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض معروض کرے۔ آپؐ اس کے سر پر اپنا دستِ شفقت ضرور دراز فرمائیں گے۔

## سَیِّدُنَا رَءُوْفٌ ﷺ

نرم دل۔ مہربان۔ درگزر فرمانے والے

☆ اس اسم مبارک کو پڑھ کر جس حاکم کے پاس جاؤ گے تو انشاء اللہ تعالیٰ وہ عزت سے پیش آئے گا۔

## سَیِّدُنَا حَقٌّ ﷺ

سچے۔ حق (اللہ) کی طرف سے آمدہ

☆ قرآن کریم میں ارشاد ربانی ہے۔ ''آپ فرما دیجیے کہ اے لوگو تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے حق آیا''۔ (سورہ یونس ایت ۱۰۸)

## سَیِّدُنَا سَابِقٌ ﷺ

نیکی میں سب سے آگے

☆ قرآن کریم میں ارشاد ہے۔ ''اور جو سبقت لے گئے وہ تو سبقت ہی لے گئے وہ مقرب بارگاہ ہیں''۔



Marfat.com

## سَیِّدُنَا کَرِیْمٌ ﷺ

کرم کرنے والا

☆ بے روزگار اس اسم مبارک کو آٹھ پہر کھلا پڑھے۔ اللہ تعالیٰ اسے بہترین روزگار عطا فرماوے گا۔

☆ جس کے حالات تختی اور گردش کا شکار ہوں' وہ اس اسم مبارک کو روزانہ چھ سو بار ورد کیا کرے۔ اول و آخر درودشریف ابراہیمی تین تین بار لازم ادا کرے۔ چند دنوں میں حالات بدل جائیں گے۔ انشاء اللہ۔

## سَیِّدُنَا صَاحِبٌ ﷺ

اس اسم مبارک کو پڑھ کر مریض پر دم کرنے سے اللہ تعالیٰ شفا دے گا۔

## سَیِّدُنَا عَزِیْزٌ ﷺ

غالب

☆ ہر دلعزیزی غنا ظاہری و باطنی کے لیے اس اسم مبارک کو روزانہ ہزار مرتبہ پڑھیں۔

## سَیِّدُنَا مُنِیْرٌ ﷺ

نور والے



Marfat.com

☆ دولت مند اور معزز ہونے کے لیے اس اسم مبارک کا روزانہ پابندی سے ورد کرنا افضل ہے۔

## سَیِّدُنَا نَذِیْرٌ ﷺ

ڈرانے والے

☆ جو کوئی شخص روزانہ اس اسم مبارک کو سو مرتبہ پڑھے گا' کبھی کسی کا محتاج نہ ہو گا۔

☆ دین کی خدمت میں مشغول رہنے والے فرد کے لیے اس اسم مبارک کا ورد بے حد نافع ہے۔ لوگ اس کی تبلیغ سے دین کی طرف مائل ہوں گے۔

## سَیِّدُنَا شَفِیْعٌ ﷺ

شفاعت والے

☆ جو کوئی ہر روز شفیع المذنبین کا ورد کرے گا اور اوّل و آخر درود شریف پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ دنیاوی و اخروی مصیبت سے بچا رہے گا۔

## سَیِّدُنَا ذَاکِرٌ ﷺ

ذکر کرنے والے

☆ جو کوئی اس اسم مبارک کو سو مرتبہ پڑھے وہ زبان سے امن میں رہے گا۔



Marfat.com

## سَیِّدُنَا مَدَنِیٌّ ﷺ

☆ جو کوئی سانپ کے ڈسے ہوئے پر ہزار مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھ کر دم کرے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہو گی۔

## سَیِّدُنَا تِهَامِیٌّ ﷺ

تہامہ والے

☆ جو کوئی اس اسم پاک کو کثرت سے پڑھے تو غلبہ محبت میں مقبول ہو۔

## سَیِّدُنَا قُرَیْشِیٌّ ﷺ

قریش والے

☆ عزت و حشمت کے حصول کے لیے روزانہ اس اسم کا سو مرتبہ پڑھنا افضل ہے۔

## سَیِّدُنَا اَوَّلٌ ﷺ

سب سے پہلے

☆ حضرت قتادہؓ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں پیدائش میں لوگوں سے پہلے ہوں اور بعثت میں سب انبیائے کرام میں آخری ہوں۔



Marfat.com

## سَیِّدُنَا حَرِیْصٌ ﷺ

تمہاری بھلائی چاہنے والے

☆ جو کوئی پانی پر دس مرتبہ اس اسم پاک کو پڑھ کر دم کرے اور پیٹ درد والے کو پلائے تو انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہو گی

## سَیِّدُنَا عَالِمٌ ﷺ

جاننے والے

☆ جو کئی ہر روز ۲۱ مرتبہ اس اسم مبارک کو پابندی سے پڑھے تو اسرار غیب سے مطلع ہو گا۔

## سَیِّدُنَا هَاشِمٌ ﷺ

مہمان نواز

☆ عزیز خلائق ہونے کے لیے اس اسم مبارک کو دو سو مرتبہ روزانہ پڑھنا افضل ہے۔

## سَیِّدُنَا جَوَّادٌ ﷺ

سخی

☆ مال و دولت اور عزت کے حصول کے لیے روزانہ اس اسم مبارک کو ہزار مرتبہ



Marfat.com

پڑھنا چاہیے۔

## سَیِّدُنَا فَتَّاحٌ ﷺ

فتح کرنے والے

☆ جو کوئی اس اسم پر مداومت کرے اس کا دل انشاءاللہ تعالیٰ کشادہ اور فراخ ہو گا۔

## سَیِّدُنَا رَحِیْمٌ ﷺ

رحم کرنے والے

☆ ہر روز تین مرتبہ پڑھنے سے غیب سے رحمت پائے۔

## سَیِّدُنَا حَلِیْمٌ ﷺ

بردبار

☆ جو کوئی سو مرتبہ ہر روز اس اسم مبارک کا ورد کرے تو مقبول خلائق ہو گا۔

## سَیِّدُنَا نَاطِقٌ ﷺ

بولنے والے

☆ جس کسی کو دشمن سے خطرہ ہو تو اسے چاہیے کہ اس اسم مبارک کو روزانہ ہزار مرتبہ پڑھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ دشمن کسی طریقے سے بھی نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔



Marfat.com

## سَیِّدُنَا عَلِیْمٌ ﷺ

جاننے والے

☆ علم کے اضافے کے لیے اس اسم مبارک کا ورد افضل ہے۔

## سَیِّدُنَا شَافِعٌ ﷺ

شفاعت کرنے والے

☆ جو کوئی ہر روز سو مرتبہ **اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی یَا شَافِیْ الْاُمَّتْ** کہے تو آخرت میں انشاء اللہ تعالیٰ آگ سے نجات حاصل ہوگی۔

## سَیِّدُنَا مُنْتَہٰی ﷺ

انتہا کرنے والے

☆ امن و امان کے حصول کے لیے اس اسم مبارک کا روزانہ ورد کرنا چاہیے۔

## سَیِّدُنَا قَیِّمٌ ﷺ

قائم رکھنے والے

☆ ہر قسم کے درد کے لیے اس اسم مبارک کو دو سو مرتبہ پڑھ کر درد والی جگہ پر دم کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ درد ختم ہو جائے گا۔

☆ دین پر صدق دل سے قائم رہنے کا خواہش مند اس اسم مبارک کا روزانہ بعد



Marfat.com

عشا یا تہجد ورد کرنا بے حد نافع ہے۔

## سَیِّدُنَا مُتَّبِعٌ ﷺ

اتباع کرنے والے

☆ جو کوئی ہر روز اس اسم شریف کو دس مرتبہ پڑھے تو وہ انشاء اللہ تعالیٰ ساری عمر خوش رہے گا۔

## سَیِّدُنَا مَهْدِیٌّ ﷺ

ہدایت یافتہ

☆ کھانا شروع کرنے سے پہلے بسم باللہ کے بعد اس اسم کا دس مرتبہ پڑھنا افضل ہے اور کھانا بھی ہضم ہو۔

## سَیِّدُنَا ظَاهِرٌ ﷺ

ظاہر

☆ دل کی غلاظت دور کرنے کے لیے اس اسم مبارک کا ورد افضل ہے۔

## سَیِّدُنَا رَشِیْدٌ ﷺ

صاحب رشد و ہدایت

☆ حضرت صفیہؓ بنت عبدالمطلب نے آپؐ کے وصال پر فرمایا:



Marfat.com

''میری آنکھ۔ خوب رو اور آنسو بہا اور بہترین وصال پانے والے پر اوصاف پڑھ کہ آپؐ مخلوق خدا کے ساتھ شفقت برتنے والے سراپا رحمت اور بہترین بھلا چاہنے والے ہیں''۔

## سَیّدُنَا شَکُوْرٌ ﷺ

شکر گزار

☆ مالدار ہونے کے لیے اس اسم مبارک کا روزانہ ورد کرنا چاہیے۔ مرض دل سے آرام کے لیے بھی یہ اسم پاک بے حد نافع ہے۔

## سَیّدُنَا مُجْتَبیٰ ﷺ

چنے ہوئے۔ منتخب

☆ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے ''اور اللہ کی شان یہ نہیں کہ اے عام لوگو تمہیں غیب کا علم دے دے، ہاں اللہ چن لیتا ہے اپنے رسولوں میں سے جسے چاہے''۔

## سَیّدُنَا نَاصِرٌ ﷺ

مدد کرنے والے

☆ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے

''اور اگر جب وہ اپنی جانوں پر ظلم کریں تو اے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم۔



Marfat.com

آپ کے حضور حاضر ہوں۔ پھر مجھ (اللہ) سے معافی چاہیں اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم ان کی شفاعت فرمائیں تو ضرور مجھے (اللہ کو) بہت قبول کرنے والا مہربان پائیں گے"۔

## سَيِّدُنَا مُذَكِّرٌ ﷺ

نصیحت کرنے والے

☆ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے

آپ تو نصیحت سنائیں کہ آپ تو (یہی) نصیحت سنانے والے ہیں۔

## سَيِّدُنَا مَنْصُورٌ ﷺ

نصرت فرمائے گئے

☆ اللہ تعالیٰ قرآن پاک میں فرماتا ہے:

"اگر تم اپنے محبوب (صلی اللہ علیہ وسلم) کی مدد نہ کرو تو بے شک اللہ نے ان کی مدد فرمائی، جب کافروں کی شرارت سے انہیں باہر تشریف لے جانا ہو"۔

## سَيِّدُنَا عَرَبِيٌّ ﷺ

عرب والے

☆ حضرت ابن عباس سے روایت ہے کہ حضور اکرم نور مجسم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان عالیشان ہے:



Marfat.com

"تین وجوہات سے عرب سے محبت کرو۔ ایک یہ کہ میں عربی ہوں۔ دوسرے یہ کہ قرآن عربی زبان میں ہے اور تیسرے یہ کہ اہل جنت کی زبان عربی ہوگی"۔

## سَیِّدُنَا ھَاشِمِیٌّ ﷺ

خاندان ہاشم والے

☆ ہاشم بن عبد مناف جو آپؐ کے دادا عبدالمطلب کے والد تھے۔ اسمبارک ہاشم اسی نسبت سے ہے۔

☆ خاندانی طور پر لوگوں میں معزز ہونے کا خواہش مند فرد اس اسم مبارک کا روزانہ ایک سو پانچ بار ورد کیا کرے۔

## سَیِّدُنَا غَنِیٌّ ﷺ

غنی

☆ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے

اور ہم نے آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) کو حاجت مند پایا۔ پھر غنی کر دیا۔

## سَیِّدُنَا نَزَارِیٌّ ﷺ

نزار کی اولاد سے

☆ نزار حضور دانائے غیب صلی اللہ علیہ وسلم کے اجداد میں ۱۹ ویں پشت پر ہیں۔ جن کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ اپنے والد معد کی اکلوتی اولاد تھے۔ ان سے آگے



Marfat.com

چار قبیلے وجود میں آئے۔ جس میں ایک قبیلہ مضر ہے جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا قبیلہ ہے۔

## سَیّدُنَا طَیّبٌ ﷺ

پاک

☆ حضرت انس بیان کرتے ہیں کہ ''جتنی خوشبو مجھے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے آتی تھی وہ کسی عنبر یا کستوری سے نہ آئی اور میں نے کوئی نرم ریشم نہیں چھوا جو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ہتھیلی سے زیادہ نرم ہو۔ (صحیح مسلم جلد دوئم صفحہ ۲۵۷)

## سَیّدُنَا مُطَھَّرٌ ﷺ

پاک کیے گئے

☆ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (امت کی تعلیم کے لیے) یہ دعا کیا کرتے تھے:
''اے اللہ مجھے گناہوں سے ایسا پاک کر دے جس طرح سفید کپڑا میل سے پاک کیا جاتا ہے''۔

## سَیّدُنَا فَصِیْحٌ ﷺ

فصاحت والے

☆ حضرت ابو سعید خدریؓ سے روایت ہے کہ حضور سرورِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ''میں نبی ہوں اور یہ جھوٹ نہیں ہے۔ میں عبدالمطلب کا پوتا ہوں' میں تمام



Marfat.com

عرب سے زیادہ فصیح و بلیغ ہوں''۔

## سَیِّدُنَا خَطِیْبٌ ﷺ

خطاب کرنے والے

☆ حضرت انس بن مالک سے روایت ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''قیامت کے دن سب سے پہلے اٹھنے والا میں ہوں' جب لوگ بارگاہ الٰہی میں وفد بنا کر جائیں گے' میں ان کا خطیب ہوں گا''۔

## سَیِّدُنَا اِمَامٌ ﷺ

پیشوا

☆ حضرت حسان بن ثابتؓ فرماتے ہیں کہ سرکار دو عالم' نور مجسم صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کے امام اور سیدھا راستہ دکھانے کے لیے جدوجہد کرنے والے ہیں اور اگر لوگ آپؐ کی اطاعت کریں گے تو سعادت پائیں گے۔

☆ لوگوں میں نمایاں حیثیت حاصل کرنے کا خواہش مند اس اسم مبارک کا بعد تہجد کا کھلا ورد کیا کرے۔

## سَیِّدُنَا بَارٌّ ﷺ

نیک

☆ حدیث پاک میں آتا ہے کہ انسان ہمیشہ سچ بولتا ہے حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ کے



Marfat.com

نزدیک بار (سچ والا نیکوکار) لکھ دیا جاتا ہے۔حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس کے زیادہ سچے اور سب سے زیادہ احسان کرنے والے ہیں۔

## سَیِّدُنَا شَافٍ ﷺ

شفا دینے والے

☆ حضرت ابیض بن جمال کے چہرے پر داد (دھدر) تھا' جو ان کی ناک کو چیر گیا تھا اور اس کی وجہ سے ان کے چہرے کا رنگ بدل گیا تھا۔حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے چہرے پر دستِ مبارک پھیر دیا۔شام نہ ہونے پائی کہ داد (دھدر) کا کوئی نشان نہ رہا۔

## سَیِّدُنَا مُتَوَسِّطٌ ﷺ

پسندیدہ

سورۃ بقرہ کی آیت ۱۴۳ کی تفسیر میں علامہ ابن کثیر لکھتے ہیں کہ اس آیت میں وسط سے مراد پسندیدہ اور عمدہ ہے۔جیسا کہ کہا جاتا ہے کہ قریش نسب اور خاندان کے لحاظ سے عرب کے وسط ہیں اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم اپنی قوم کے وسط ہیں۔ یعنی اپنی قوم میں حسب ونسب کے لحاظ سے سب سے اشرف ہیں۔



Marfat.com

Marfat.com

# صحیح مسلم شریف (مترجم)

مصنف للامام ابی الحسین مسلم بن الحجاج بن مسلم بن الحجاج بن مسلم القشیری النیسابوری رحمۃ اللہ علیہ

مترجم علامہ مولانا مفتی محمد صدیق ہزاروی مدظلہ العالیہ

# تاریخ الخلفاء

کا اردو ترجمہ

شمس صدیقی

# نفحات الانس اردو

مؤلف حضرت مولانا عبدالرحمٰن جامی رحمۃ اللہ علیہ

# غنیۃ الطالبین

کا اردو ترجمہ

از

شمس صدیقی

# مکتوبات امام ربانی

# فضائل پنجتن



# دست بوسی



یوسف مارکیٹ ○ غزنی سٹریٹ اُردو بازار ○ لاہور

042-7352795 - 7124354

پروگریسو بکس


Marfat.com